# در پہ بلاؤ دید کراؤ یا مکی مدنی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم



مرتب:
ریاض احمد نقشبندی چشتی قادری

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

یا اللہ جل جلالہ　　　　یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ

وَعَلٰی اٰلِكَ وَاَصْحَابِكَ یَا حَبِیْبَ اللّٰہِ

حروف تہجی کے مطابق معروف نعتوں کا عظیم الشان مجموعہ

# در پہ بلاؤ دید کراؤ یا مکی مدنی صلی اللہ علیہ وسلم

درود پڑھ کے اگر کوئی ابتداء نہ کرے

اسے یہ چاہیے کہ ذکر مصطفٰے نہ کرے

مرتب: ریاض احمد نقشبندی چشتی قادری

صدیقی پبلی کیشنز

Marfat.com

﴾ جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ﴿

| | | |
|---|---|---|
| نام کتاب | : | در پہ بلاؤ دید کراؤ یا مکی مدنی ﷺ |
| مرتب | : | ریاض احمد نقشبندی چشتی قادری |
| تزئین | : | سید خادم حسین بخاری |
| کمپوزنگ | : | محمد عارف ولد ریاض احمد نقشبندی |
| پروف ریڈنگ | : | قاری حسنات احمد |
| اشاعت اول | : | جنوری 2010 |
| اشاعت دوم | : | جون 2010 |
| تعداد | : | 500 |
| صفحات | : | 200 |
| پرنٹر | : | آر۔زیڈ پیکجز، لاہور |
| نگرانِ طباعت | : | سعید احمد صدیقی ایم اے (صدیقی پبلی کیشنز) |
| ہدیہ | : | =/100 روپے |

84697

﴾ ملنے کے پتے ﴿

ریاض احمد نقشبندی چشتی قادری، مکان نمبر 6/A گلی نمبر 165 محلہ شاہ عبدالغنی


باغبان پورہ، لاہور۔فون نمبر 03014428412 (حسن ریاض)

صدیقی پبلی کیشنز

1- فرسٹ فلور، دکان نمبر 4 حافظ پلازہ مچھلی منڈی اُردو بازار، لاہور فون: 03334357440

2- 118- روشن پارک عقب سوشل سیکورٹی ہسپتال نزد ملتان چونگی لاہور فون: 042-7490880

Marfat.com




یہ قطعہ:

اعلیٰ حضرت میاں شیر محمد صاحب شرقپوری نقشبندی مجددی

نے اپنے دست مبارک سے رقم فرمایا۔

Marfat.com

اللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاہِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاہِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

اللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاہِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاہِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

Marfat.com

# فہرست


| نمبر شمار | عنوانات | صفحہ نمبر |
| --- | --- | --- |
| ۱ | پیش لفظ | ۱ |
| ۲ | گزارش | ۲ |
| ۳ | فاذکرونی اذکرکم/لوحِ قرآنی | ۳ |
| ۴ | بیس سیکنڈ میں بیس ہزار نیکیاں | ۳ |
| ۵ | بیس لاکھ نیکیاں | ۴ |
| ۶ | احکامات نماز | ۴ |
| ۷ | سب گناہ معاف | ۵ |
| ۸ | بچوں کی پانچ عادات | ۵ |
| | **حصہ حمد باری تعالیٰ** | ۶ |
| ۹ | الف اللہ چنبے دی بوٹی | ۷ |
| ۱۰ | اللہ اپنے بندے سے فرماتا ہے | ۸ |
| ۱۱ | اللہ ہی اللہ کیا کرو | ۹ |
| ۱۲ | اللہ کرم اللہ کرم | ۹ |
| ۱۳ | اللہ جل جلالہ | ۱۰ |
| ۱۴ | اللہ ہو اللہ ہو الرحمٰن اللہ ہو | ۱۱ |
| ۱۵ | اول حمد ثنا الہٰی جو مالک ہر ہر دا | ۱۲ |
| ۱۶ | اے مجاہد نبی نعت گنگنائے جا | ۱۲ |
| ۱۷ | اے خالق و مالک رب العلےٰ | ۱۳ |
| ۱۸ | حسبی ربی جل اللہ | ۱۴ |
| ۱۹ | خودی کا سرِ نہاں لا الٰہ الا اللہ | ۱۴ |
| ۲۰ | رحمت داور یاالٰہی ہر دم و گدا تیرا | ۱۴ |
| ۲۱ | سونے والے رب کو سجدہ کر | ۱۵ |
| ۲۲ | سب کو اس نے پیدا کیا | ۱۵ |
| ۲۳ | کوئی تو ہے جو نظام ہستی | ۱۵ |
| ۲۴ | مالی دا کم پانی دینا بھر بھر مشکاں | ۱۶ |
| ۲۵ | یاالٰہی ہر جگہ تیری عطا | ۱۶ |
| ۲۶ | یارب ہے بخش دینا بندے کو | ۱۷ |
| | **حصہ نعت نبی ﷺ** | ۱۸ |
| ۲۷ | وَرَفَعْنَا لَکَ ذِکْرَک | ۱۹ |
| ۲۸ | فضائل درود شریف | ۱۹ |
| ۲۹ | ارشادات رسول اکرم ﷺ | ۲۰ |
| ۳۰ | حسان بن ثابتؓ کے اشعار | ۲۰ |
| ۳۱ | لِیْ خَمْسَۃٌ اُطْفِیْ بِہَا | ۲۱ |
| ۳۲ | عبداللہ بن رواحہؓ کی نعت | ۲۱ |


Marfat.com

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ۳۳ | قصیدہ بُردہ شریف | ۲۲ | ۵۱ | آمد مصطفےٰ ﷺ مرحبا مرحبا | ۳۲ |
| ۳۴ | شیخ سعدی شیرازیؒ کی رباعی | ۲۳ | ۵۲ | ان کی مہک نے دل کے غنچے | ۳۲ |
| ۳۵ | کلام مولانا عبدالرحمن جامیؒ | ۲۴ | ۵۳ | آنے والو یہ بتاؤ شہر مدینہ | ۳۳ |
| ۳۶ | سید و سرور محمد نور جاں | ۲۴ | ۵۴ | آئے گا بلاوا کبھی دربارِ نبیؐ سے | ۳۳ |
| ۳۷ | پوری کائنات میں | ۲۵ | ۵۵ | اے سبز گنبد والے منظور دعا کرنا | ۳۳ |
| ۳۸ | یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اُنْظُرْ حَالَنَا | ۲۵ | ۵۶ | آؤ بازارِ مصطفیٰ کو چلیں | ۳۴ |
| ۳۹ | تو غنی از ہر دو عالم من فقیر | ۲۵ | ۵۷ | ایسا کوئی محبوب نہ ہوگا نہ کہیں ہے | ۳۴ |
| | **حصہ نعت اردو** | ۲۶ | | **ب** | |
| | **الف** | | ۵۸ | بڑی امید ہے سرکار قدموں میں | ۳۵ |
| ۴۰ | آئے سرکار مدینہ ﷺ | ۲۷ | ۵۹ | بگڑی بھی بنائیں گے جلوے | ۳۵ |
| ۴۱ | آپ شاہِ امم آپ خیر الوریٰ | ۲۷ | ۶۰ | بلالو پھر مجھے اے شاہِ بحر و بر | ۳۶ |
| ۴۲ | اس کرم کا کروں شکر کیسے ادا | ۲۸ | ۶۱ | بلغ العلیٰ بکمالہ | ۳۶ |
| ۴۳ | اشک آنکھوں سے ہماری | ۲۸ | ۶۲ | بن کر فقیر جاؤ سرکارؐ کی گلی میں | ۳۷ |
| ۴۴ | آقا تیری محفل کا ہے رنگ | ۲۹ | ۶۳ | بن گئی بات ان کا کرم ہو گیا | ۳۸ |
| ۴۵ | آمنہ بی بی کے گلشن میں آئی | ۲۹ | ۶۴ | بنے ہیں دونوں جہاں شاہِ دوسرا | ۳۸ |
| ۴۶ | اگر دل میں عشقِ محمدؐ نہیں ہے | ۳۰ | | **پ** | |
| ۴۷ | آ گئے شاہِ اُمم مٹ گئے رنج و غم | ۳۰ | ۶۵ | پوچھتے کیا ہو مدینے سے میں کیا | ۳۹ |
| ۴۸ | اللہ اللہ شاہِ کونین جلالت تیری | ۳۱ | ۶۶ | پیام لائی ہے بادِ صبا مدینے سے | ۳۹ |
| ۴۹ | آقا آقا بول بندے | ۳۱ | | **ت** | |
| ۵۰ | اللہ غنی کیسی وہ پُر کیف گھڑی تھی | ۳۲ | ۶۷ | تیری جالیوں کے نیچے تیری | ۳۹ |


Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| ۶۸ | تیرے قدموں میں آنا | ۴۰ |
| ۶۹ | تو شمع رسالت ہے آقا عالم تیرا | ۴۰ |
| | **ج** | |
| ۷۰ | جب حسن تھا ان کا جلوہ نما انوار کا | ۴۱ |
| ۷۱ | جب کرم ہوتا ہے حالات بدل | ۴۱ |
| ۷۲ | جب لیا نام نبیؐ میں نے | ۴۱ |
| ۷۳ | جب مسجد نبوی کے مینار نظر آئے | ۴۲ |
| ۷۴ | جتنا دیا سرکار نے مجھ کو اتنی میری | ۴۲ |
| ۷۵ | جس نے ذروں کو اٹھایا اور صحرا | ۴۲ |
| ۷۶ | جسے مل گیا کملی والے کا دامن | ۴۳ |
| ۷۷ | جگا دو میری قسمت بھی خدارا | ۴۳ |
| ۷۸ | جشن آمد رسولؐ اللہ ہی اللہ | ۴۴ |
| | **چ** | |
| ۷۹ | چلو دیار نبیؐ کی جانب درود | ۴۴ |
| ۸۰ | چمک تجھ سے پاتے ہیں | ۴۵ |
| | **ح** | |
| ۸۱ | حاجیو آؤ شہنشاہ کا روضہ دیکھو | ۴۶ |
| ۸۲ | حقیقت میں وہ لطف زندگی | ۴۶ |
| | **خ** | |
| ۸۳ | خسروی اچھی لگی نہ سروری | ۴۶ |
| ۸۴ | خدا کا ذکر کرے ذکر مصطفیٰؐ نہ | ۴۷ |
| | **د** | |
| ۸۵ | در پہ بلاؤ مکی مدنی بگڑی بناؤ | ۴۷ |
| ۸۶ | درد و آلام کے مارے ہوئے | ۴۸ |
| ۸۷ | درود پڑھ کر اگر کوئی ابتدا نہ کرے | ۴۸ |
| ۸۸ | دل جس سے زندہ ہے وہ تمنا | ۴۸ |
| ۸۹ | دل مدینہ بنا لیا میں نے | ۴۹ |
| ۹۰ | دل میں ہو یاد تیری گوشہ تنہائی | ۴۹ |
| | **ر** | |
| ۹۱ | رحمت کا ہے دروازہ کھلا مانگ | ۴۹ |
| ۹۲ | راتیں بھی مدینے کی باتیں بھی | ۵۰ |
| ۹۳ | رحمت دو جہاں حامی بیکساں | ۵۰ |
| | **ز** | |
| ۹۴ | زہے عزت و اعتلائے محمد ﷺ | ۵۱ |
| ۹۵ | زمیں میلی نہیں ہوتی زمن میلا | ۵۱ |
| ۹۶ | زندگی حقیقت میں اس نے پائی | ۵۲ |
| | **س** | |
| ۹۷ | سب سے اعلیٰ و اولیٰ ہمارا نبیؐ | ۵۲ |
| ۹۸ | سبحان اللہ سبحان اللہ | ۵۳ |
| ۹۹ | سب مدینے کو گئے ہم رہ گئے | ۵۴ |


Marfat.com

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱۰۰ | سحر گلشن کون دیکھے دشت طیبہ | ۱۷۲ | ۱۱۶ | النبی صلّوا علیہ النبی صلّوا علیہ | ۱۷۰ |
| ۱۰۱ | سوچتا ہوں وہ گھڑی کیا عجب | ۵۴ | ۱۱۷ | پیار ہے پیار ہے ہمیں | ۱۷۱ |
| ۱۰۲ | سرکار کی آمد مرحبا، دلدار کی آمد | ۵۵ | ۱۱۸ | تڑپ رہا ہوں مدینہ پاک | ۱۷۲ |
| ۱۰۳ | (ش) شاہ مدینہ طیبہ کے والی | ۵۵ | ۱۱۹ | زلف سرکار سے جب چہرہ | ۱۷۲ |
| | ص | | | ک | |
| ۱۰۴ | صلّی علیٰ نبینا صلّی علیٰ محمد | ۵۶ | ۱۲۰ | کرم آج بالائے بام آ گیا | ۶۰ |
| ۱۰۵ | طیبہ کی ہے یاد آئی اب اشک | ۵۷ | ۱۲۱ | کرم مانگتے ہیں دعا مانگتے ہیں | ۶۱ |
| ۱۰۶ | عاصیو کرنا نہ غم آقا رکھ لیں گے | ۵۷ | ۱۲۲ | کملی والے تو طلب سے سوا | ۶۱ |
| ۱۰۷ | عجب رنگ پہ ہے بہار مدینہ | ۵۸ | ۱۲۳ | کچھ نہیں مانگتا شاہوں سے | ۶۲ |
| | ف | | ۱۲۴ | کھلا ہے سبھی کے لئے باب رحمت | ۶۲ |
| ۱۰۸ | فلک کے نظارو زمین کی بہارو | ۵۸ | ۱۲۵ | کرم کی اک نظر ہم پہ خدارا | ۶۳ |
| ۱۰۹ | فضل رب العلےٰ اور کیا چاہئے | ۵۹ | ۱۲۶ | کرم وہ کرتے گئے جدھر | ۶۳ |
| | ق | | ۱۲۷ | کملی والے کو جس نے پکارا | ۶۴ |
| ۱۱۰ | قطرہ مانگے جو کوئی تو اسے دریا | ۵۹ | ۱۲۸ | کیا کیا بتاؤں کیا ہے سرکار کی | ۶۴ |
| ۱۱۱ | قربان میں انکی بخشش پہ | ۶۰ | ۱۲۹ | کملی والے میں قربان تیرے | ۶۴ |
| | ایڈجسٹمنٹ | | ۱۳۰ | کوئی سلیقہ ہے آرزو کا نہ بندگی | ۶۵ |
| ۱۱۲ | اللہ ہو اللہ ہو کہتی ہے پھولوں کی | ۱۶۷ | | گ | |
| ۱۱۳ | اللہ اللہ کریئے تاں گل بن دی | ۱۶۷ | ۱۳۱ | گزر ہو جائے میرا بھی اگر طیبہ | ۶۶ |
| ۱۱۴ | پھر دکھا دے حرم تیرے بندے | ۱۶۸ | | ل | |
| ۱۱۵ | مولا رنگ دے مولا رنگ دے | ۱۶۸ | ۱۳۲ | لوح بھی تو قلم بھی تو تیرا وجود | ۶۶ |


Marfat.com

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱۳۳ | لب پہ صلِ علیٰ کے ترانے | ۶۷ | ۱۵۲ | میرا دل تڑپ رہا میرا جل رہا | ۷۵ |
| ۱۳۴ | لیا جب سے میں نے یہ نام محمد | ۶۷ | ۱۵۳ | میٹھا میٹھا ہے میرے محمدؐ کا نام | ۷۵ |
| ۱۳۵ | لب پہ نعت پاک کا نغمہ کل بھی | ۶۸ | ۱۵۴ | میرا دل اور میری جان مدینے | ۷۶ |
| | م | | ۱۵۵ | میری الفت مدینے سے یوں | ۷۶ |
| ۱۳۶ | مانگتے ہیں کرم ان کا سدا مانگ | ۶۸ | ۱۵۶ | میں مدینے چلا، میں مدینے چلا | ۷۷ |
| ۱۳۷ | مجھ خطا کار سا انسان مدینے | ۶۹ | ۱۵۷ | میرے دل میں ہے یاد محمد ﷺ | ۷۷ |
| ۱۳۸ | مجھے در پہ پھر بلانا مدنی مدینے | ۶۹ | ۱۵۸ | میرے کملی والے کی شان ہی | ۷۸ |
| ۱۳۹ | محبت غیر سے میری چھڑا دو | ۷۰ | ۱۵۹ | میں سو جاؤں یا مصطفیٰ کہتے کہتے | ۷۸ |
| ۱۴۰ | محبوب کی محفل کو محبوب سجاتے | ۷۰ | ۱۶۰ | میرے آقا میرے لجپال | ۷۹ |
| ۱۴۱ | مجھے طیبہ میں لے جاؤ مدینہ یاد | ۷۱ | ۱۶۱ | میں سجدہ کروں یا کہ دل کو | ۷۹ |
| ۱۴۲ | مدینے کا سفر ہے اور میں نم دیدہ | ۷۱ | | ن | |
| ۱۴۳ | مدینے کو جائیں یہ جی چاہتا ہے | ۷۱ | ۱۶۲ | نعت سرکار کی پڑھتا ہوں | ۱۷۶ |
| ۱۴۴ | مرحبا مرحبا یا نبیؐ یا نبیؐ | ۷۲ | ۱۶۳ | نعمتیں بانٹتا جس سمت وہ | ۸۰ |
| ۱۴۵ | مصطفیٰ ﷺ نظر کرم فرمائیں | ۷۳ | ۱۶۴ | نور والا آیا ہے نور لے کر آیا ہے | ۸۰ |
| ۱۴۶ | معراج کی رتیاں دھوم یہ تھی | ۷۳ | ۱۶۵ | نام محمدؐ کتنا میٹھا میٹھا لگتا ہے | ۸۱ |
| ۱۴۷ | منگتوں کو سلطان بنایا میرے | ۷۴ | ۱۶۶ | نہ کہیں دور وہ منزلیں نہ کوئی | ۸۲ |
| ۱۴۸ | میرے آقا آؤ کہ مدت ہوئی | ۱۷۵ | ۱۶۷ | نوری محفل پہ چادر تنی نور کی | ۸۳ |
| ۱۴۹ | میرے آقا آئے جھومو | ۷۴ | ۱۶۸ | نعت پڑھتا رہوں نعت سنتا رہوں | ۸۳ |
| ۱۵۰ | میرے نبی پیارے نبی | ۱۷۵ | ۱۶۹ | نہ کلیم کا تصور نہ خیال طورِ سینا | ۸۴ |
| ۱۵۱ | میری بات بن گئی ہے | ۷۵ | | | |


Marfat.com

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱۷۰ | و) وہ نبیوں میں رحمت لقب | ۸۵ | ۱۸۸ | یارب میری سوئی ہوئی تقدیر | ۹۳ |
| ۱۷۱ | وہ شمع اجالا جس نے کیا چالیس | ۸۵ | ۱۸۹ | یہ آرزو نہیں دعائیں ہزار دو | ۹۴ |
| ۱۷۲ | واہ کیا جود و کرم ہے شاہِ بطحا تیرا | ۸۶ | ۱۹۰ | **نعتیہ اشعار** | ۹۴ |
| ۱۷۳ | وہ سوئے لالہ زار پھرتے ہیں | ۸۶ | | **حصہ نعت پنجابی (الف)** | ۹۵ |
| | **ہ** | | ۱۹۱ | آقا سد لو مدینے تے ٹر گئے | ۱۶۹ |
| ۱۷۴ | ہر لحظہ ہے رحمت کی برسات | ۸۷ | ۱۹۲ | اج خوشیاں عرشاں فرشاں | ۹۶ |
| ۱۷۵ | ہر وقت تصور میں مدینے کی گلی | ۸۷ | ۱۹۳ | آ گیا سوہنا کملی دی چھب | ۱۷۰ |
| ۱۷۶ | ہم بھی مدینے جائیں گے آج | ۸۸ | ۱۹۴ | اللہ ہو اللہ ہو دل پاوے جھلیاں | ۹۶ |
| ۱۷۷ | ہم درِ آقا ﷺ پہ سر اپنا جھکا | ۸۸ | ۱۹۵ | اج ماہی میرا عرشاں تے | ۹۷ |
| ۱۷۸ | ہم کو بلانا یا رسول اللہ ﷺ | ۱۷۷ | ۱۹۶ | اوہ کون آیا جیدے آیاں بہارا | ۹۷ |
| ۱۷۹ | ہمیں اپنا وہ کہتے ہیں محبت ہو تو | ۸۹ | ۱۹۷ | اس رات دے تارے | ۹۸ |
| ۱۸۰ | ہو نگاہ کرم یا محمدؐ تیرے بن میرا | ۸۹ | ۱۹۸ | اساں یا محمد ﷺ یا محمد ﷺ کہنا ایں | ۹۸ |
| ۱۸۱ | ہو نگاہ کرم یا حبیب خدا | ۹۰ | ۱۹۹ | اس نگری نوں کوہ طور آکھاں | ۹۹ |
| ۱۸۲ | ہے شہد سے بھی میٹھا سرکار ﷺ | ۹۰ | ۲۰۰ | آئے محمد ﷺ رحمتاں والے | ۹۹ |
| | **ی** | | ۲۰۱ | آساں لگیاں مدینے نوں | ۱۰۰ |
| ۱۸۳ | یا خدا التجا ہے یہ میری موت | ۹۱ | ۲۰۲ | اے موت ٹھہر جا ذرا میں | ۱۰۰ |
| ۱۸۴ | یاد میں آقا کی آنسو بہہ گئے | ۹۱ | ۲۰۳ | اکو ای حیاتی دا معیار ہونا چاہیدا | ۱۰۱ |
| ۱۸۵ | یادِ مصطفےٰ ایسی بس گئی ہے | ۹۲ | ۲۰۴ | اوہدے دم نال سارا جہان بنیا | ۱۰۱ |
| ۱۸۶ | یارب محمدؐ میری تقدیر جگا دے | ۹۲ | ۲۰۵ | اللہ دے حبیب دی محفل سجا | ۱۰۲ |
| ۱۸۷ | یوں تو سارے نبی محترم ہیں مگر | ۹۳ | ۲۰۶ | اج سک متراں دی ودھیری | ۱۰۲ |


Marfat.com

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ۲۰۷ | اللہ اللہ میرے نبیؐ دی سب | ۱۰۳ | | ج | |
| ۲۰۸ | اوسیاں بڑیاں نصیباں والیاں | ۱۰۴ | ۲۲۴ | جس دل وچ عشق محمدؐ دا اس دل | ۱۱۵ |
| ۲۰۹ | اوہ وی ویلا آوے یار میں مدینے | ۱۰۴ | ۲۲۵ | جی کردا مدینے دیاں سائیاں | ۱۱۵ |
| ۲۱۰ | آؤ ساریاں سیاں نیں نبیؐ دا | ۱۰۵ | ۲۲۶ | جد میں مراں سرکار دا ناں | ۱۱۶ |
| ۲۱۱ | ایتھے دل نہیں لگدا یار چلیے شہر | ۱۰۵ | | چ | |
| ۲۱۲ | ایہو افضل ذکر پہچان والا | ۱۰۶ | ۲۲۷ | چل چل نبی ﷺ دے در تے | ۱۱۶ |
| ۲۱۳ | آکھیں سوہنے نوں ہوائے نی | ۱۰۷ | ۲۲۸ | چلیے مدینے سارے چھڈ گھر بار | ۱۱۷ |
| | ب | | ۲۲۹ | چک سوہنیا پردہ مکھڑے توں | ۱۱۸ |
| ۲۱۴ | بھر دو جھولی میری یا محمد ﷺ | ۱۰۸ | | ح | |
| ۲۱۵ | بیڑا محمدؐ والا لیندا اے تاریاں | ۱۰۹ | ۲۳۰ | حبیبا اُچی شان والیا جے توں | ۱۱۸ |
| | ت | | | د | |
| ۲۱۶ | تاجدار حرم ہو نگاہ کرم | ۱۱۰ | ۲۳۱ | در چھڈ کے احمد ﷺ مرسل دا | ۱۱۹ |
| ۲۱۷ | تیرا کھاواں میں تیرے گیت | ۱۱۱ | ۲۳۲ | دل آقا دے نظارے کولوں | ۱۱۹ |
| ۲۱۸ | تیری خیر ہووے پہرے دارا | ۱۱۲ | ۲۳۳ | دیکھا دو مدینہ دیکھا دو مدینہ | ۱۲۰ |
| ۲۱۹ | تیرے سوہنے مدینے توں | ۱۱۲ | ۲۳۴ | دنیا تے آیا کوئی تیری نہ مثال دا | ۱۲۰ |
| ۲۲۰ | توں ایں ساڈا چین تے قرار | ۱۱۳ | ۲۳۵ | دل کردا مدینے ٹر جاواں | ۱۲۱ |
| ۲۲۱ | تیرے روضے تے آواں | ۱۱۳ | | ذ | |
| ۲۲۲ | ٹر پو مدینے دِلا جھولی نوں پھیلا | ۱۱۴ | ۲۳۶ | ذکرِ رسول پاک دی محفل | ۱۲۱ |
| | ث | | ۲۳۷ | ذکر نبی دا کردیاں رہنا | ۱۲۲ |
| ۲۲۳ | ثانی نہ کوئی میرے سوہنے نبیؐ | ۱۱۴ | | | |


Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| ۲۳۸ | (ر) رُباعیاں | ۱۲۲ |
| ۲۳۹ | رحمت دی تصویر مدینہ | ۱۲۲ |
| | س | |
| ۲۴۰ | ساڈے دل سوہنیا نگاہواں | ۱۲۳ |
| ۲۴۱ | سارے پڑھو درود اج سرکار | ۱۲۳ |
| ۲۴۲ | سرکارؐ بنا لطف و عطا کون | ۱۲۳ |
| ۲۴۳ | سارے جگ نالوں لگدیاں | ۱۲۴ |
| ۲۴۴ | سب سوہنیاں توں سوہنا اے | ۱۲۴ |
| ۲۴۵ | سرکارؐ جیہا سوہنا آیا اے | ۱۲۵ |
| ۲۴۶ | سرکار دے درو لے رہندی | ۱۲۵ |
| ۲۴۷ | سوہنا آیا تے سج گئے نیں | ۱۲۵ |
| ۲۴۸ | سوہنا نام محمد ﷺ جس نام نوں | ۱۲۶ |
| | ش | |
| ۲۴۹ | شہنشاہا مدینے دیا خیر منگناں ہاں | ۱۲۶ |
| | ط | |
| ۲۵۰ | طٰہٰ دی شان والیا | ۱۲۷ |
| | ق | |
| ۲۵۱ | قدر نبیؐ دا اے کی جانن | ۱۲۷ |
| ۲۵۲ | قرآن دسدا اے بڑائی حضور ﷺ | ۱۲۷ |
| ۲۵۳ | (ک) کالیاں زلفاں والا | ۱۲۸ |
| ۲۵۴ | کڈا سوہنا نام محمد ﷺ دا | ۱۲۸ |
| ۲۵۵ | کملی والے جیہا نہیں ہور | ۱۲۹ |
| ۲۵۶ | کملی والے میں صدقے تیری | ۱۳۰ |
| ۲۵۷ | کناں سوہنا رب نے سوہنے نوں | ۱۷۳ |
| ۲۵۸ | کونین دے والی دا دربار | ۱۳۰ |
| ۲۵۹ | کملی والیا مدینہ بڑی دور | ۱۳۱ |
| ۲۶۰ | کی کی نہ کیتا یار نے اک یار | ۱۳۱ |
| ۲۶۱ | کوئی قسمت والا بن دا اے | ۱۳۲ |
| | ل | |
| ۲۶۲ | لکیاں نے موجاں بن لائی رکھیں | ۱۷۴ |
| | م | |
| ۲۶۳ | مدینے مینوں دفناؤ قبر جانے | ۱۳۲ |
| ۲۶۴ | مدینے والا آمنہ دا لال | ۱۷۴ |
| ۲۶۵ | میرے دل وچ شوق چروکنا | ۱۳۳ |
| ۲۶۶ | میرے سوہنیا مدینے وچ رہن | ۱۳۳ |
| ۲۶۷ | میں تڑپاں دور مدینے توں | ۱۳۴ |
| ۲۶۸ | میں لجپالاں دے لڑ لگیاں | ۱۳۵ |
| ۲۶۹ | مٹھے مٹھے سوہنے تیرے بول | ۱۳۵ |


Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| ۲۷۰ | (ن) نہیں کوئی اوقات اوگن | ۱۳۶ |
| | و | |
| ۲۷۱ | واہ کریم امت دا والی | ۱۳۶ |
| | ہ | |
| ۲۷۲ | ہر پاسے پیاں نے دوہائیاں | ۱۳۶ |
| ۲۷۳ | ہن ساری دنیا سوں گئی اے | ۱۳۸ |
| | ی | |
| ۲۷۴ | یا مصطفیٰ خیر الوریٰ | ۱۳۸ |
| ۲۷۵ | یادو چہ روندیاں نے اکھیاں | ۱۳۹ |
| | شان اہل بیت | |
| ۲۷۶ | ایویں سجنو رنگ نہیں چڑھدا | ۱۳۹ |
| ۲۷۷ | پنجتن پاک سے پیار ہے | ۱۳۹ |
| ۲۷۸ | ساڈے سنیاں دا بن دا اے | ۱۳۹ |
| ۲۷۹ | علی دا ملنگ میں تے علی دا | ۱۷۷ |
| ۲۸۰ | کریم رب دے کریم جانی | ۱۴۰ |
| ۲۸۱ | میں تو پنجتن کا غلام ہوں | ۱۴۱ |
| ۲۸۲ | سید نے کربلا میں وعدے | ۱۴۲ |
| ۲۸۳ | حسین زندہ باد اے | ۱۴۲ |
| ۲۸۴ | عکسِ نبیؐ ہیں میرے حسین | ۱۴۲ |
| ۲۸۵ | کربل کی ہے یاد آئی | ۱۴۳ |

| | | |
|---|---|---|
| ۲۸۶ | کتنی بلندی پہ ہے تارا حسینؓ کا | ۱۴۳ |
| ۲۸۷ | سلطان کربلا کو ہمارا سلام | ۱۴۳ |
| | شان غوثِ اعظمؒ | |
| ۲۸۸ | ادھر بھی ہو نگاہ کرم | ۱۴۴ |
| ۲۸۹ | سرکار غوث اعظم نظرِ کرم | ۱۴۴ |
| ۲۹۰ | سن لو پیروں کے پیر | ۱۴۵ |
| ۲۹۱ | غوث اعظم دستگیر اللہ ہی اللہ | ۱۴۵ |
| ۲۹۲ | سلطان اولیا کو ہمارا سلام | ۱۴۶ |
| ۲۹۳ | میراں ولیوں کے امام | ۱۴۶ |
| | شان داتا گنج بخش علی ہجویریؒ | |
| ۲۹۴ | سخی اے دوارا میرے داتا | ۱۴۷ |
| | شان سخی شہباز قلندرؒ | |
| ۲۹۵ | اسی آں قلندری دیوانے | ۱۴۷ |
| ۲۹۶ | لال میری پت رکھیو بلا جھولے | ۱۴۸ |
| ۲۹۷ | بری بری امام بری سرکار بری | ۱۴۸ |
| ۲۹۸ | میں تیرے قربان ویہڑے آوڑ | ۱۴۹ |
| ۲۹۹ | میں نیواں میرا مرشد اُچا | ۱۴۹ |
| ۳۰۰ | رب پچھیا پاک حبیبؐ کولوں | ۱۴۹ |
| ۳۰۱ | ماں کی شان | ۱۵۰ |


Marfat.com

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | سلام بحضور سرورِ کائنات ﷺ | | ۳۲۰ | آسان نسخے | ۱۶۶ |
| ۳۰۲ | اے شہنشاہِ مدینہ الصلوٰۃ والسلام | ۱۵۱ | | | |
| ۳۰۳ | اے صادق اور امین تجھ پہ | ۱۵۱ | | | |
| ۳۰۴ | اے صبا مصطفیٰ سے جا کہنا | ۱۵۲ | | | |
| ۳۰۵ | اے مدینے کے تاجدار تجھے | ۱۵۳ | | | |
| ۳۰۶ | صبا در مصطفیٰ تے جا کے | ۱۵۳ | | | |
| ۳۰۷ | مصطفیٰ جانِ رحمت پہ لاکھوں | ۱۵۴ | | | |
| ۳۰۸ | یارسول اللہ آپ کے در کی | ۱۵۵ | | | |
| ۳۰۹ | یا نبی سلام علیک یارسول سلام | ۱۵۵ | | | |
| ۳۱۰ | عرب شریف دے چن ورگا | ۱۵۷ | | | |
| ۳۱۱ | گیارویں شریف کی معلومات | ۱۵۸ | | | |
| ۳۱۲ | دُعا | ۱۵۹ | | | |
| ۳۱۳ | دعائے خیر | ۱۶۱ | | | |
| ۳۱۴ | حضور پاکؐ کے دس خصائص | ۱۶۲ | | | |
| ۳۱۵ | ہفتہ کے اوراد | ۱۶۳ | | | |
| ۳۱۶ | درجات اور کفارات | ۱۶۳ | | | |
| ۳۱۷ | بابِ حکمت | ۱۶۴ | | | |
| ۳۱۸ | مسجد میں دنیاوی باتیں | ۱۶۵ | | | |
| ۳۱۹ | دس اہم چیزیں | ۱۶۶ | | | |


Marfat.com

# پیش لفظ

زیر نظر منتخب نعتیہ کلام اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم اور رسول پاک ﷺ کی نگاہ کرم سے مکمل کیا۔ میں اسے بارگاہ رسول ﷺ کی خدمت میں پیش کرتا ہوں۔اس کا ثواب رسول پاک ﷺ کی بارگاہ میں پیش کرنے کے بعد آپ ﷺ کے وسیلہ جلیلہ سے تمام انبیاء کرامؑ وصحابہ کرامؓ واولیاء عظامؒ اور تمام مومنین اور مومنات کی خدمت میں پیش کرتا ہوں۔

خصوصاً اپنے پیرومرشد حضرت ضیاء الامت پیر محمد کرم شاہ صاحب الازہریؒ کی خدمت میں پیش کرتا ہوں۔ان کے وسیلہ سے اپنے اور جناب سید خادم حسین بخاری صاحب کے والدین کی خدمت میں پیش کرتا ہوں۔اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ انکی مغفرت فرمائے اور ان سب کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین

**معاون** **محمد بشیر ولد مرزا عبداللطیف** مرحوم کشمیر کالونی، جہلم
اللہ تعالیٰ ان کے والد مرحوم کی مغفرت فرمائے

العارض

ریاض احمد

ولد محمد اسماعیل (مرحوم)

Marfat.com

# گزارش

اے میرے پروردگار تیری بابرکت بارگاہ میں میری التجا ہے کہ میری اس عاجزانہ کوشش کو اپنی پاک و بابرکت بارگاہ میں قبول فرما اور ہمارے آباؤ اجداد کی مغفرت فرما کر ان کو جنت میں اعلیٰ مقام عطا فرما اور ہمیں اپنے محبوب ﷺ کے در کی حاضری اور زیارت نصیب فرما۔ امین۔ یہ کتاب میں نے اپنی زندگی کے سینتیس ۳۷ سال میں مکمل کی ہے جنکی تفصیل کچھ اس طرح سے ہے۔

☆ پہلی ڈائری ۱۹۷۰ء کو میں نے سیالکوٹ میں لکھی جب میٹرک پاس کیا۔

☆ دوسری ڈائری ۱۹۷۸ء کو لاہور میں لکھی جب میں نے بی اے کا امتحان دیا۔

☆ تیسری ڈائری ۲۰۰۱ء میں تارا گڑھ ضلع شیخوپورہ، اپنے سکول میں بچوں کو سکھاتے ہوئے لکھی۔

☆ چوتھی ڈائری ۲۰۰۴ء میں دربار علی صحاب مسافر خانہ ضلع بہاولپور پر بیٹھ کر لکھی۔

☆ پانچویں ڈائری ۲۰۰۶ء تا ۲۰۰۷ء کشمیر کالونی جی ٹی روڈ جہلم میں لکھی۔

اب اس کو آپ کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں امید ہے کہ آپ کو میری یہ کاوش بہ ترتیب حروف ابجد پسند آئے گی۔ میری اس کاوش کی تزئین و آرائش میں جناب سید خادم حسین شاہ بخاری زید مجدہ نے بھرپور مدد کی ہے اللہ تعالیٰ ان کی اس سعی جمیلہ کو قبول فرمائے۔ ہماری اس کاوش کا مقصد یہ ہے کہ ہمارے اور قارئین کے دلوں میں رسول پاک ﷺ کی محبت میں اضافہ ہو اور ہمارا نام بھی آپ ﷺ کے غلاموں میں شامل ہو جائے (آمین) قارئین سے التماس ہے کہ اسکو پڑھنے کے بعد اگر کوئی خامی پائیں تو ہمیں ضرور مطلع کریں تا کہ آئندہ ایڈیشن میں اس کو دور کیا جا سکے اور جب دعا کریں تو ہمیں اور ہمارے والدین کو ضرور یاد رکھیں۔

العارض

ریاض احمد نقشبندی چشتی قادری

Marfat.com

بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم

فَاذْكُرُونِي أَذْكُرْكُمْ وَاشْكُرُوا لِي وَلَا تَكْفُرُونِ ۝

ترجمہ:۔ تم میرا ذکر کرو میں تمارا ذکر کروں گا میرا شکر کرو اور میری ناشکری نہ کرو۔

تم میرا ذکر انسانوں کی محفل میں کرو گے میں تمارا ذکر فرشتوں کی محفل میں کرونگا۔ اگر تم میرا شکر کرو گے تو میں تمیں بہت کچھ دوں گا اگر تم میری ناشکری کرد گے تو تم میرا کچھ نہیں بگاڑو گے اپنا ہی نقصان کرو گے اور میں بھی تمہیں رسوا کروں گا۔

☆☆☆☆☆

# لوح قرآنی

اس کو دیکھنے سے مشکلیں آسان ہو جاتی ہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

| | | |
|---|---|---|
| الٓمّٓ | حٰمٓ عٓسٓقٓ | نٓ |
| الٓمّٓصٓ | حٰمٓ | یٰسٓ |
| کٓھٰیٰعٓصٓ | قٓ | امین |

☆☆☆☆☆

# بیس سیکنڈ میں بیس ہزار نیکیاں

کلمہ طیبہ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰه مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰه. ہر نماز کے بعد دس مرتبہ پڑھنے سے بیس ہزار نیکیاں (۲۰۰۰۰) نیکیاں ملتی ہیں۔ سو مرتبہ پڑھنے والے کو جنت میں داخل کردیا جائے گا۔

☆☆☆☆☆

Marfat.com

# بیس لاکھ نیکیاں

مندرجہ ذیل کلمات پڑھنے سے بیس لاکھ نیکیاں ملتی ہیں۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِي وَيُمِيْتُ وَهُوَحَیٌّ لَّا يَمُوْتُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَهُوَعَلٰی كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ○

☆☆☆☆☆

# احکامات نماز

وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَارْكَعُوْا مَعَ الرَّاكِعِيْنَ ○ (البقرہ:۴۳)

ترجمہ:۔ اور نماز قایم کرو اور زکوٰۃ دو اور رکوع کرو ساتھ رکوع کرنے والوں کے ساتھ۔

قرآن پاک میں سات سو سے زائد مرتبہ نماز کا حکم دیا گیا ہے۔ قارئین سے التماس ہے کہ اگر ہم خدا اور اسکے رسول ﷺ سے محبت کرتے ہیں تو ہمیں وہ کام کرنے چاہیں جو خدا اور اسکے رسول ﷺ کو پسند ہوں۔ نماز اللہ اور اسکے رسول ﷺ کی رضا کا سبب ہے جو کہ ہم پر فرض کی گی ہے۔ نماز کسی حال میں بھی معاف نہیں۔ اللہ کے رسول ﷺ کا فرمان ہے نماز میری آنکھوں کی ٹھنڈک ہے۔ جب یہ فرض نماز رسول اکرم ﷺ، صحابہ کرام اہل بیت عظام رضوان اللہ علیھم اجمعین اور کسی ولی قطب ابدال کو معاف نہیں تو پھر اے مسلمان تو کیوں غفلت کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ تمام مسلمان مردوں اور عورتوں کو نماز پنجگانہ ادا کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)

زندگی آمد برائے بندگی زندگی بے بندگی شرمندگی

☆☆☆☆☆

Marfat.com

# سب گناہ معاف

مندرجہ ذیل کلمات ۱۰۰ بار پڑھنے سے سب گناہ معاف ہو جاتے ہیں۔

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمo

☆☆☆☆☆

اِلٰھی تُبْتُ مِنْ کُلِّ الْمَعَاصِیْ بِاِخْلَاصِ الرِجَآءِ لِلْخَلَاصی

اَغِثْنِیْ یَا غِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ بِفَضْلِکَ یَوْمَ یُوْخَذُ بِالنَّوَاصِی

☆☆☆☆☆

# بچوں کی پانچ عادات

رسول پاک ﷺ نے فرمایا:۔ مجھے بچوں کی یہ پانچ عادات پسند ہیں۔

۱۔ وہ روکر مانگتے ہیں اور اپنی بات منوا لیتے ہیں۔

۲۔ وہ مٹی سے کھیلتے ہیں اور غرور اور تکبر کو خاک میں ملا دیتے ہیں۔

۳۔ لڑتے جھگڑتے ہیں اور پھر صلح کر لیتے ہیں دل میں حسد، بغض اور کینہ نہیں رکھتے۔

۴۔ جو مل جائے کھا لیتے ہیں، کھلاتے ہیں، جمع کرنے اور ذخیرہ کرنے کی حرص نہیں کرتے۔

۵۔ مٹی کے گھر بناتے ہیں کھیل کر گرا دیتے ہیں کہ دنیا مقام بقا نہیں مقام فنا ہے۔

Marfat.com

# حصہ حمد باری تعالیٰ

Marfat.com

الف الف اللہ چنبے دی بوٹی مرشد من میرے وچ لائی ہو
نفی اثبات دا پانی ملیا ہر رگے ہر جائی ہو
اندر بوٹی مشک مچایا جان پھلن تے آئی ہو
جیوے مرشد کامل باہو جیں اے بوٹی لائی ہو

الف اے تن میرا چشماں ہووے تے میں مرشد ویکھ نہ رجاں ہو
لُوں لُوں دے مُڈھ لکھ لکھ چشماں اک کھولاں اک کجاں ہو
اتنا ڈٹھیاں مینوں صبر ناں آوے میں ہور کدے ول بھجاں ہو
مرشد دا دیدار وے باہو مینوں لکھ کروڑاں حجاں ہو

ب بسم اللہ اسم اللہ دا ایہہ وی گہنا بھارا ہو
نال شفاعت سرورِ عالم چھٹسی عالم سارا ہو
حدوں بے حد درود نبی ﷺ نوں جیندا ایڈ پسارا ہو
میں قربان تنہاں توں باہو جنہاں ملیا نبی ﷺ سوہارا ہو

ب بغداد شہر دی اے نشانی اُچیاں لمیاں چیڑاں ہو
تن من میرا پُرزے پُرزے جیویں درزی دیاں لیراں ہو
ایناں لیراں دی گل کفنی پا کے رلساں سنگ فقیراں ہو
بغداد شہر دے ٹکڑے منگساں باہو، کرساں میراں میراں ہو

ج جو دم غافل سو دم کافر سانوں مرشد اِے پڑھایا ہو
سُنیا سخن کھل گئیاں آکھیاں اَساں چت مولا وَل لایا ہو
کیتی جان حوالے رب دے اَساں ایسا عشق کمایا ہو
مَرن توں اگے مر گئے باہو تاں مطلب نوں پایا ہو

Marfat.com

چ چڑھ چناں تے کر روشنائی تیرا ذکر کریندے تارے ہو
گلیاں دے وچ پھرن نمانے لعلاں دے ونجارے ہو
شالا مسافر کوئی نہ تھیوے ککھ جنہاں توں بھارے ہو
تاڑی مار اڈاؤ ناں باہو اساں آپے اُڈن ہارے ہو

د دِل دریا سمندروں ڈھونگے کون دلاں دیاں جانے ہو
وچے بیڑے وچے جھیڑے وچے ونجھ موہانے ہو
چوداں طبق دلے دے اندر جتھے عشق تمبو تانے ہو
جو دِل دا محرم ہووے حضرت باہو، سوئی رب پچھانے ہو

م میں کوجھی میرا دِلبر سوہنا میں کیونکر اس نوں بھاواں ہو
ویہڑے ساڈے وڑ دا ناہیں پئی لکھ وسیلے پاواں ہو
ناں میں سوہنی ناں زر پلے کیونکر یار مناواں ہو
ایہو دُکھ ہمیشہ رہسی باہو روندی ہی مر جاواں ہو

☆☆☆☆☆

## اللہ تعالیٰ اپنے محبوب بندے سے فرماتا ہے

سو بار بلایا تجھے سو بار ستایا تو بھی تو کبھی رات کو مل کر چھپ کے نداد ے
خود دیکھ لے تو سو رہا ہے میں جاگ رہا ہوں تو بھی تو کبھی میری وفاؤں کا صلہ دے
جانور پیدا کیے تیری وفا کے واسطے چاند سورج اور ستارے ہیں ضیاء کے واسطے
کھیتاں سرسبز ہیں تیری غذا کے واسطے سب جہان بندے تیرے لئے تو ہے خدا کے واسطے

☆☆☆☆☆

Marfat.com

**اللہ ہی اللہ کیا کرو دُکھ نہ کسی کو دیا کرو**

کب چہرے پہ جھوٹ سجا کے مٹتی ہے سچائی
سچ کی راہ پہ چلا کرو۔ دکھ نہ کسی کو دیا کرو
کتنا ہے بے درد انسان پیار کا گھر جو لوٹے
بیتے دنوں کو خود پہچانو اس دنیا میں
جو بھی کرو کسی کا بھلا کرو دکھ نہ کسی کو دیا کرو

**جو دُنیا کا مالک ہے نام اُسی کا لیا کرو**

جھوٹے کو دنیا میں ہمیشہ ملتی ہے رسوائی
جو دنیا کا مالک ہے نام اُسی کا لیا کرو
ایسا ظلم نہ کیا کرو!! دکھ نہ کسی کو دیا کرو
جینا ہے تو اپنے آپ کو جانو
جو دنیا کا مالک ہے نام اسی کا لیا کرو

☆☆☆☆☆

**اللہ کرم اللہ کرم**

حاضر ہیں تیرے دربار میں ہم
ہیبت سے ہر گردن ہے خم
ہر چہرے پہ اشکوں سے رقم
جن لوگوں پہ ہے انعام تیرا
محشر میں رہ جائے سب کا بھرم
ہر سال طلب فرما مجھ کو
ہر سال کروں طواف حرم
میری آنے والی سب نسلیں
اسباب ہوں اُن کے ایسے بہم

**اللہ کرم اللہ کرم**

دیتی ہے صدا ہر چشمِ نم
ہر آنکھ ندامت سے ہے نم
اللہ کرم اللہ کرم
اُن لوگوں میں لکھ دے نام میرا
اللہ کرم اللہ کرم
ہر سال شہر دیکھا مجھ کو
اللہ کرم اللہ کرم
تیرے گھر آئیں تیرا گھر دیکھیں
اللہ کرم اللہ کرم

☆☆☆☆☆

Marfat.com

## اللہ جلّ جلا لہٗ، اللہ جلّ جلا لہٗ

اللہ جلّ جلا لہٗ، تیری شان عما نوالہٗ
تیرے نام پر اے میرے خدا میری جاں فدا
میری روح کی ہے یہی غذا تیرا نام لب پہ رہے سدا
ہے تیری رضا میری آبرو اللہ جلّ جلا لہٗ
کبھی شان لطف عطا میں تو کبھی ٹوٹے دل کی صدا میں تو
ہے یہاں بھی تو ہے وہاں بھی تو اللہ جلّ جلا لہٗ
میں گنہگار رہوں اے خدا کوئی کام نیک نہ کر سکا
میں رہوں حضور کے روبرو اللہ جلّ جلا لہٗ
نہیں ہو سکا تیرا حق ادا تیرا رحم و فضل ہے بے بہا
سرِ حشر رہ جائے آبرو اللہ جلّ جلا لہٗ
جو بروزِ حشر حساب ہو میرے دائیں ہاتھ کتاب ہو
میرے لب پہ نعتِ جناب ہو نہ سوال ہو نہ جواب ہو
اللہ جلّ جلا لہٗ، تیری شان عما نوالہٗ
اللہ جلّ جلا لہٗ، اللہ جلّ جلا لہٗ

☆☆☆☆☆

Marfat.com

اللہ ہو اللہ ہو اللہ ہو اللہ ہو　　اللہ ہو اللہ ہو اللہ ہو اللہ ہو

یا رحمٰن اللہ ہو یا منّان اللہ ہو　　یا حنان اللہ ہو یا سبحان اللہ ہو

اللہ ہو اللہ ہو اللہ ہو اللہ ہو　　اللہ ہو اللہ ہو اللہ ہو اللہ ہو

لا موجودہ الا اللہ لا مشہود الا اللہ　　لا مقصودہ الا اللہ لا معبودہ الا اللہ

اللہ ہو اللہ ہو اللہ ہو اللہ ہو　　اللہ ہو اللہ ہو اللہ ہو اللہ ہو

انت الهادی انت الحق　　رنگِ باطل اس سے فق

قلب مبطل سن کر شق　　قلب مُسلم کی رونق

اللہ ہو اللہ ہو اللہ ہو اللہ ہو　　اللہ ہو اللہ ہو اللہ ہو اللہ ہو

لیس الهادی الا هو　　کہتا ہے یہ ہر بن ہو

سنتا ہوں میں از ہر سو　　لیس سوا ک یا من ہو

اللہ ہو اللہ ہو اللہ ہو اللہ ہو　　اللہ ہو اللہ ہو اللہ ہو اللہ ہو

وہ ہے منزہ شرکت سے　　پاک سکون و حرکت سے

کام ہے اس کی حکمت سے　　کرتا ہے سب قدرت سے

اللہ ہو اللہ ہو اللہ ہو اللہ ہو　　اللہ ہو اللہ ہو اللہ ہو اللہ ہو

اللہ واحد یکتا ہے　　ایک خدا بس تنہا ہے

کوئی نہ اس کا ہم سر ہے　　ایک ہی سب کی سنتا ہے

اللہ ہو اللہ ہو اللہ ہو اللہ ہو　　اللہ ہو اللہ ہو اللہ ہو اللہ ہو

میں ہوں بندہ مولا تیرا　　کون ہے اپنا اس کے سوا

میں ہوں اس کا وہ ہے میرا　　جس نے بنایا اور پالا

Marfat.com

## کلام میاں محمد بخش رحمتہ اللہ علیہ

اول حمد ثنا الٰہی جو مالک ہر ہر دا
اس دا نام جتارن والا کسے میدان نہ ہردا

جے میں ویکھاں عملاں ولے تے کجھ نہیں میرے پلے
جے دیکھاں تیری رحمت دلے تے بھلے بھلے بھلے

عدل کریں تے تھر تھر کمبن اُچیاں شاناں والے
فضل کریں تے بخشے جاون میں جئے منہ کالے

عملاں والے لنگھ جاندے کون لنگائے مینوں
پار چڑھاں جے رحمت تیری ہتھ پھڑائے مینوں

لکھ وار میں توبہ کیتی تے میں ہاں بے اعتبارا
فیر وی مولا فضل تیرے تے آساں رکھن والا

بھاویں میں لکھ گناہی آخر بندہ تیرا
میں عاجز تے کرم کماویں تیرا فضل بتھیرا

سارے آکھن تیرا تیرا میں وی آکھاں تیرا
ایویں تے گل نہیں بن دی کدی تے کہہ چھڈ میرا

اک گناہ میرا ماپیو ویکھے تے دیوے دیس نکالا
لکھ گناہ میرا مولا ویکھے جھڑا پردے پاون والا

ہجر تیرا جد پانی منگے تے کھوہناں دے گیڑاں
دل کردا تینوں کول بٹھا کے درد پرانے چھیڑاں

☆☆☆☆☆

اے مجاہد نبیؐ نعت گنگنائے جا
نغمہ محمدی جھوم کر سنائے جا

دو جہاں پہ چھائے جا ضرب حق لگائے جا
حق اللہ حق اللہ حق اللہ حق اللہ

پرچم نبی ﷺ اٹھا لے خدا کا آسرا
درسِ مرشدی ہے حق پہ جاں لٹائے جا

حق پہ جان لٹائے جا ضرب حق لگائے جا
حق اللہ حق اللہ حق اللہ حق اللہ

بات کر تو بعد میں پہلے تو سلام کر
جو تیرے بزرگ ہیں اُن کا احترام کر

اُن سے فیض پائے جا ضرب حق لگائے جا
حق اللہ حق اللہ حق اللہ حق اللہ

شکر کر خدا کا تو تجھ کو یہ وطن ملا
پاک سرزمیں ملی اور یہ چمن ملا

سر کو تو جھکائے جا ضرب حق لگائے جا
حق اللہ حق اللہ حق اللہ حق اللہ

جھوٹ بولنا نہیں تم کبھی زبان سے
لعنتِ خدا ہے یہ دیکھ لے قرآن سے

Marfat.com

سچ کے گیت گائے جا ضرب حق لگائے جا — حق اللہ حق اللہ حق اللہ حق اللہ
اپنے مُرشدی کا دِل اس طرح تو شاد کر — جو سبق ملے تجھے دِل لگا کے یاد کر
اُن سے فیض پائے جا ضرب حق لگائے جا — حق اللہ حق اللہ حق اللہ حق اللہ
آئے جو رمضان تو روزوں کا اہتمام کر — کھا تو رب کی نعمتیں ذکر اس کا عام کر
ذکر تو سنائے جا ضرب حق لگائے جا — حق اللہ حق اللہ حق اللہ حق اللہ
آرزو کی ہے دعا تو رہے سکھی سدا — مہربان آقا ﷺ ہو اور کرم کرے خدا
مدنی رنگ میں رنگتا جا ضرب حق لگائے جا — حق اللہ حق اللہ حق اللہ حق اللہ

☆☆☆☆☆

**اے خالق و مالک رب العلےٰ سبحان اللہ سبحان اللہ**

تو رب ہے میرا میں بندہ تیرا سبحان اللہ سبحان اللہ
ہم منگتے ہیں تیرے تو داتا ہے ہم بندے ہیں تو مولا ہے
محتاج تیرا ہر شاہ و گدا سبحان اللہ سبحان اللہ
ہم جرم کریں تو معاف کرے ہم قہر کریں تو صبر کرے
گھیرے ہے جہاں کو فضل تیرا سبحان اللہ سبحان اللہ
تو والی ہے ہر بے کس کا تو حامی ہے ہر بے کس کا
ہر اک کیلئے در تیرا کھلا سبحان اللہ سبحان اللہ
ہم عیبی ہیں ستار ہے تو ہم مجرم ہیں غفار ہے تو
ہو ہم پہ بھی مولیٰ فضل تیرا سبحان اللہ سبحان اللہ
یہ سالکؔ مجرم آیا ہے اور خالی جھولی لایا ہے
دے صدقہ رحمت عالم کا سبحان اللہ سبحان اللہ

Marfat.com

حسبی ربی جل اللہ مافی قلبی غیر اللہ
نور محمد صلی اللہ لا الہ الا اللہ لا الہ الا اللہ

اول آخر ہے اللہ ظاہر باطن ہے اللہ
حافظ و ناصر ہے اللہ لا الہ الا اللہ

کون و مکاں میں ہے اللہ دونوں جہاں میں ہے اللہ
جسم میں جاں میں ہے اللہ لا الہ الا اللہ لا الہ الا اللہ
کھل جائیں در جنت کے دوزخ کی سب آگ بجھے
دل سے کوئی اک بار کہے لا الہ الا اللہ لا الہ الا اللہ

☆☆☆☆☆

خودی کا سرِ نہاں لا الٰہ الا اللہ
خودی ہے تیغ فساں لا الٰہ الا اللہ

یہ دور اپنے ابراہیم کی تلاش میں ہے
صنم کدہ ہے جہاں لا الٰہ الا اللہ

اگرچہ بت ہیں جماعت کی آستینوں میں
مجھے ہے حکم آذاں لا الٰہ الا اللہ

یہ نغمہ فصل گل و لالہ کا نہیں پابند
بہار ہو کہ خزاں لا الٰہ الا اللہ

کیا ہے تو نے متاع غرور کا سودا
قریب سود و زیاں لا الٰہ الا اللہ

☆☆☆☆☆

رحمت دا دریا الٰہی ہر دم وگدا تیرا
جے اک قطرہ بخشیں مینوں کم بن جاوے میرا

جے ویکھاں میں عملاں ولے کج نئیں میرے پلے
جے دیکھاں تیری رحمت ولے بلے بلے بلے

خس خس جناں قدر نئیں میرا صاحب نوں وڈیائیاں
میں گلیاں دا روڑا کوڑا محل چڑھایا سائیاں

میں نیواں میرا مرشد اُچا میں اُچیاں دے سنگ لائی
صدقے جاواں اُنہاں اُچیاں تو میں جناں نیویاں نال نبھائی
چُپ رہویں تاں موتی مِل سن صبر کریں تاں ہیرے
پاگلاں وانگوں رولا پاویں نہ موتی نہ ہیرے

Marfat.com

**سونے والے رب کو سجدہ کر کے سو** **کیا خبر اٹھے نہ اٹھے صبح کو**

موت ٹھہری آنے والی آئے گی
اور جان تیری جانے والی جائے گی

موت سے غافل نہ ہو اے بے خبر
ہے مہمان ایک ساعت دنیا پر

روح رگ رگ سے نکالی جائے گی
تجھ پہ خاک اک دن ڈالی جائے گی

ہاتھی جیسوں کو نہ چھوڑا موت نے
کھیل لاکھوں کا بگاڑا موت نے

قبر میں میت اترنی ہے ضرور
جیسی کرنی ویسی بھرنی ہے ضرور

وقت آ پہنچا تیرے چلنے کا اب
کر سفر کا ساماں تو سب

قافلے کے قافلے تو سب چلے گئے
دیکھ آن خاک میں سب مل گئے

ہے یہ دنیا بے وفا آخر فنا
نہ رہا اس میں گدا نہ بادشاہ

تو نے کوئی عہدہ پایا بھی تو کیا
دبدبہ اپنا دکھایا بھی تو کیا

محل عالیشان بنوایا بھی تو کیا
لاکھوں کی دولت کو کمایا بھی تو کیا

☆☆☆☆☆

**سب کو اس نے پیدا کیا قدرت والا ہے اللہ** **اس کے برابر کوئی نہیں سب سے اعلیٰ ہے اللہ**

اس جیسا کوئی نہیں واحد یکتا ہے اللہ سب کا آقا ہے اللہ سب کا مولا ہے اللہ

سب کی دعائیں سنتا ہے رحمت والا ہے اللہ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ ﷺ

☆☆☆☆☆

**کوئی تو ہے جو نظام ہستی چلا رہا ہے وہی خدا ہے**

دکھائی بھی جو نہ دے نظر بھی جو آ رہا ہے وہی خدا ہے

تلاش کر نہ اس کو بتوں میں وہ ہے بدلتی رتوں میں

Marfat.com

جو دن کو رات اور رات کو دن بنا رہا ہے وہی خدا ہے
نظر بھی رکھے سماعتیں بھی وہ جان لیتا ہے نیتیں بھی
جو خانہ لاشعوری جگمگا رہا ہے وہی خدا ہے
کسی کو تاج و قار بخشے کسی کو ذلت کے غار بخشے
جو سب کے ہاتھوں پہ مہر قدرت لگا رہا ہے وہی خدا ہے
سفید اس کا، سیاہ اس کا، نفس نفس ہے گواہ اسکا
جو شعلہ جاں جلا رہا ہے بجھا رہا ہے وہی خدا ہے

☆☆☆☆☆

**مالی دا کم پانی دینا بھر بھر مشکاں پاوے    مالک دا کم پھل پھُل لانا لاوے یا نہ لاوے**

کجھ وساہ نہ ساہ آون دا مان فیر کی کرناں    جس جُسے نوں چھنڈ چھنڈ رکھیں خاک وچ دھرنا
باغ بہاراں تے گلزاراں بن یاراں کس کاری    یار ملے دکھ جان ہزاراں شکر کراں لکھ واری
اُچی جائی نیوں لگایا بنی مصیبت بھاری    یاراں باجھ محمد بخشا کون کرے غم خواری
رحمت دا مینہ پا خدایا باغ سُکا کر ہریا    بوٹا آس امید میری دا کر دے میوے بھریا
لکھ واری میں توبہ بنّی میں ہاں بے اعتبارا    فیر وی فضل تیرے دیاں مولا آساں رکھن والا
جس دل اندر عشق سمانا فیر نئیں اس جانا    بھانویں سوہنے ملن ہزاراں اساں نہیں یار وٹانا

☆☆☆☆☆

**یا الٰہی ہر جگہ تیری عطا کا ساتھ ہو جب پڑے مشکل تو شہ مشکل کشا کا ساتھ ہو**

یا الٰہی بھول جاؤں نزع کی تکلیف کو شادی اے دیدار حسن مصطفےٰ کا ساتھ ہو
یا الٰہی گور تیرا کی جب آئے سخت رات اُنکے پیارے مُنہ کی صبح جانفزا کا ساتھ ہو
یا الٰہی جب زبانیں باہر آئیں پیاس سے صاحب کوثر شہ جود و عطا کا ساتھ ہو

Marfat.com

یاالٰہی گرمیِ محشر سے جب بھڑکیں بدن دامن محبوب کی ٹھنڈی ہوا کا ساتھ ہو
یاالٰہی نامہ اعمال جب کھلنے لگیں عیب پوش خلق ستار خطا کا ساتھ ہو
یاالٰہی جب بہیں آنکھیں حساب جرم سے ان تبسم ریز آنکھوں کی دعا کا ساتھ ہو
یاالٰہی رنگ لائیں جب میری بے باکیاں اُن کی نیچی نیچی نظروں کی حیا کا ساتھ ہو
یاالٰہی جب چلوں تاریک راہ پل صراط پر آفتاب ہاشمی نور الہدیٰ کا ساتھ ہو
یاالٰہی جب سرِ شمشیر پر چلنا پڑے ربِ سلّم کہنے والے غمزدہ کا ساتھ ہو
یاالٰہی جو دعائے نیک میں تجھ سے کروں قدسیوں کے لب سے آمیں کا ساتھ ہو
یاالٰہی جب رضاؔ خواب گراں سے سر اٹھائے دولت بیدار عشق مصطفےٰ ﷺ کا ساتھ ہو

☆☆☆☆☆

**یارب ہے بخش دینا بندے کو کام تیرا — محروم رہ نہ جائے ادنیٰ غلام تیرا**

پھولوں میں تیری خوشبو تاروں میں نور تیرا — ہر شے میں جلوہ گر ہے یارب ظہور تیرا
تو آنکھ سے چھپا ہے لیکن تو ہر جگہ ہے — مخلوق کے دلوں سے گھر کب ہے دور تیرا
یہ چاند اور تارے یہ پھول اور غنچے — سب حکم مانتے ہیں ہر دم ظہور تیرا
ہم اپنے آپ کو بھی کیسے سمجھ سکیں گے — جب تک ہو نہ جائے حاصل شعور تیرا
ہے تو ہی دینے والا پستی ہو یا بلندی — اسفل مقام میرا اعلیٰ مقام تیرا
محروم کیوں رہوں میں جی بھر کے کیوں نہ لوں میں — دیتا ہے رزق سب کو ہے فیض عام تیرا
ایمان کی کہیں گے ایمان ہے ہمارا — احمد ﷺ رسول تیرا مصحف کلام تیرا
شمس و ضحیٰ محمد ﷺ بدرالدجےٰ محمد ﷺ — ہے نور پاک روشن ہے صبح و شام تیرا

☆☆☆☆☆

Marfat.com

# حصہ نعت نبی صلی اللہ علیہ وسلم

Marfat.com

# وَرَفَعۡنَا لَکَ ذِکۡرَکَ

اور ہم نے تمہارے لیے تمہارا ذکر بلند کیا۔

اللہ تعالیٰ نے اپنے پیارے حبیب ﷺ کو قرآن پاک میں کتنے پیارے انداز سے مخاطب کیا ہے کہ اے محبوب ﷺ ہم نے آپ ﷺ کے ذکر کو بلند فرمایا ہے اس طرح اگر ہم رسول پاک ﷺ کی نعت شریف پڑھیں تو گویا اللہ تعالیٰ کے حکم پر عمل کر رہے ہیں۔

☆☆☆☆☆

## فضائل درود شریف

اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوۡنَ عَلَی النَّبِیِّ یٰٓاَیُّھَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا صَلُّوۡا عَلَیۡہِ وَسَلِّمُوۡا تَسۡلِیۡمًا ۝ (سورۃ الاحزاب آیت نمبر ۵۶)

ترجمہ: بے شک اللہ اور اسکے فرشتے نبی اکرم ﷺ پر درود بھیجتے ہیں اے ایمان والوان پر درود اور خوب سلام بھیجو۔

دور حاضر کے کے ثناء خوان مصطفےٰ ﷺ نعت کو حضرت حسان بن ثابتؓ کی سنت کہتے ہیں حالانکہ یہ آیت مبارکہ اس بات پر واضع دلیل ہے کہ حضرت حسان بن ثابتؓ سے بھی پہلے یہ نعت مصطفےٰ تو اللہ رب العزت کی سنت ہے جسے فرشتے بھی پورا کر رہے ہیں اور اللہ تعالیٰ ایمان والوں کو بھی کہہ رہا ہے کہ میرے نبی ﷺ پر درود بھیجو۔ شاعر نے کیا خوب کہا ہے:

اللہ تعالیٰ پڑھدا اے فرشتے وی سارے پڑھدے نیں
سارے پڑھو درود نبی ﷺ تے اللہ تعالیٰ نوں چنگا لگدا اے

پیارے آقا ﷺ کا ارشاد پاک ہے جو میرا امتی مجھ پر ایک بار درود بھیجے اللہ تعالیٰ اس پر دس مرتبہ رحمت کی نظر فرماتا ہے جس پر اللہ تعالیٰ کی نظر رحمت ہو گی وہ بڑا خوش بخت بن گیا۔ درود شریف

Marfat.com

پڑھنا ایک ایسا عمل ہے جس میں تمام فرشتے اور خود ساری کائنات کا مالک بھی شریک ہے اور ایمان والوں کو بھی حکم دیتا ہے کہ تم بھی اس عمل میں شامل ہو کر اپنی بگڑی سنوار لو۔

## ارشادات رسول اکرم ﷺ

۱۔ جو ایک بار مجھ پر درود پڑھتا ہے اللہ تعالیٰ اس پر دس رحمتیں نازل فرماتا ہے۔

۲۔ جو ایک مرتبہ درود پاک پڑھتا ہے اس کے نامہ اعمال میں دس نیکیاں لکھ دی جاتی ہیں۔

۳۔ جس نے سو مرتبہ درود پاک پڑھا اس پر اللہ تعالیٰ سو رحمتیں نازل فرماتا ہے۔

۴۔ جس نے سو مرتبہ درود پاک پڑھا اللہ تعالیٰ اس پر ہزار رحمتیں نازل فرماتا ہے۔

۵۔ جس نے جذبہ شوق سے زیادہ مرتبہ مجھ پر درود پاک پڑھا میں قیامت کے دن اسکا شفیع ہوں گا۔

۶۔ جس نے جمعہ کے دن چالیس مرتبہ مجھ پر درود پاک پڑھا اللہ تعالیٰ اسکے چالیس سال کے گناہ معاف فرمائے گا۔

☆☆☆☆☆

### حضرت حسان بن ثابتؓ کے اشعار اور ان کا ترجمہ

وَاَحسَنَ مِنکَ لَم تَرَ قَطُّ عَینِیُ      وَاَجمَلَ مِنکَ لَم تَلِدِ النِّسآءُ

ترجمہ:۔ میری آنکھوں نے کبھی آپ ﷺ سے زیادہ حسین نہیں دیکھا،

اور نہ ہی کسی ماں نے آپ ﷺ سے زیادہ کوئی صاحب جمال جنا۔

خُلِقتَ مُبَرَّاءً مِّنْ کُلِّ عَیبٍ      کَاَنَّکَ قَدْ خُلِقتَ کَمَا تَشَآءُ

ترجمہ:۔ آپ ﷺ کو ہر عیب سے پاک پیدا کیا گیا،

جیسے آپ ﷺ اپنی مرضی سے پیدا کئے گئے ہوں۔

☆☆☆☆☆

Marfat.com

لِیْ خَمْسَۃٌ اُطْفِیْ بِھَا حَرَّالْوَبَاءِ الْحَاطِمَۃ

اَلْمُصْطَفٰی وَالْمُرْتَضٰی وَابْنٰھُمَاوَالْفٰطِمَہ

حضرت عبداللہ بن رواحہؓ کی نعت

فَاِنَّ اَبِیْ وَ وَالِدَتِیْ وَ عِرْضِیْ لِعُرِضِ مُحَمَّدٍ مِّنْکُمْ وِقَاءٌ

ترجمہ:۔ بے شک میرے ماں باپ اور میری عزت، محمد ﷺ کی حرمت اور عزت پر قربان ہوں۔

مَا اِنْ مَدَحْتُ مُحَمَّداً بِمَقَالَتِیْ وَلٰکِنْ مَدَحْتُ مَقَالَتِیْ بِمُحَمَّدٍ

ترجمہ:۔ میں اپنے الفاظ سے حضور سرورِ عالم ﷺ کی تعریف نہیں کرسکتا، لیکن محمد ﷺ کا نام لے کر میں اپنی گفتگو کو سنوار لیتا ہوں۔

رُوحِي الْفِدَاءُ لِمَنْ اَخْلَاقُہٗ شَھِدَتْ بِاَنَّہٗ خَیْرُ مَوْلُوْدٍ مِنَ الْبَشَرِ

ترجمہ:۔ میری جان ان پہ فدا جن کے اخلاق شاہد ہیں کہ وہ بنی نوع انسان میں افضل ترین ہیں

عَمَّتْ فَضَائِلُہٗ کُلَّ الْعِبَادِ کَمَا عَمَّ الْبَرِیَّۃَ ضَوْءُ الشَّمْسِ وَ الْقَمَرِ

ترجمہ:۔ ان کے فضائل بلا امتیاز سب بندوں کیلئے عام ہیں جس طرح سورج اور چاند کی روشنی ساری مخلوق کیلئے ہے

لَوْ لَمْ یَکُنْ فِیْہِ اٰیَاتٌ مُبَیِّنَۃٌ'' کَانَتْ بَدِیْھَتُہٗ تُنْبِئُکَ عَنِ الْخَبَرِ

ترجمہ:۔ اگر انکی صداقت پر مہر ثبت کرنیوالی نشانیاں نہ ہوتیں تو خود انکی واضح شخصیت انکی صداقت کے لئے کافی تھی

☆☆☆☆☆

Marfat.com

## قصیدہ بُردہ شریف

الحمد لله منشی الخلق من عدم　　ثم الصلوٰة علی المختار فی القدم

ترجمہ:۔　تمام تعریفیں اس اللہ کے لئے جس نے عدم سے وجود بخشا
اور درود وسلام سرورِ عالم ﷺ پر جو کہ نبی مختار ہیں

مولای صل وسلم دائما ابدا　　علی حبیبك خیر الخلق کلهم

ترجمہ:۔　اے اللہ حضور ﷺ پر ہمیشہ صلوٰۃ وسلام بھیج
جو تیرے حبیب ہیں اور تمام مخلوق سے بہتر ہیں

محمد سید الکونین والثقلین　　والفریقین من عرب و من عجم

ترجمہ:۔　حضرت محمد کون ومکان اور انس وجان کے سردار ہیں
اور آپ عرب وعجم کے بھی سردار ہیں

نبینا الامر الناهی فلا احد　　ابر فی قول لا منه ولا نعم

ترجمہ:۔　نبی اکرم ﷺ امر و نہی کا حکم دینے والے ہیں
ان سے بڑھکر کوئی راست گو نہیں

هو الحبیب الذی ترجیٰ شفاعته　　لکل هول من الاهوال مقتحم

ترجمہ:۔　آپ ﷺ اللہ کے محبوب ہیں جو مصیبت
کے وقت ہماری شفاعت کروائیں گے

فان من جودك الدنیا و ضرتها　　ومن علومك علم اللوح و القلم

ترجمہ:۔　دنیا وآخرت کی بخشش آپؐ ہی کی وجہ سے ہے
اور لوح وقلم کا علم آپ ﷺ کے علم کا حصہ ہے

84697

Marfat.com

ثم الرضا عن ابی بکر و عن عمر　　وعن علیؓ وعن عثمان ذی الکرم

ترجمہ:۔　پھر راضی ہوا اللہ حضرت ابو بکر صدیقؓ، حضرت عمرؓ

حضرت علیؓ اور حضرت عثمانؓ سے جو عزت والے ہیں

فاغفرلنا شدھا واغفرلقارئھا　　سالتك الخیر یا ذالجود والکرم

ترجمہ:۔　اس قصیدہ کے مصنف اور پڑھنے، سننے والوں کو بخش دے

اے صاحبِ جود و کرم ہم تجھ سے خیر کی دعا کرتے ہیں

☆☆☆☆☆

# شیخ سعدی شیرازیؒ کی رباعی

مولانا سعدی شیرازیؒ فرماتے ہیں کہ ایک رات خواب میں سرور دو عالم ﷺ تشریف لائے اور فرمایا کہ اے سعدی آپ نے جو نعت لکھی ہے سناؤ۔ میں نے عرض کیا آقا ﷺ ابھی تو وہ نامکمل ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا جو لکھا ہے وہ سناؤ، شیخ سعدیؒ نے پڑھنا شروع کیا۔

بلغ العلی بکمالہٖ

کشف الدجی بجمالہٖ

حسنت جمیع خصالہٖ

اتنا پڑھکر شیخ سعدیؒ خاموش ہو گئے۔ سرکار دو عالم نے ارشاد فرمایا آگے پڑھو:۔

"صلو علیہ والہٖ"

اس طرح شیخ سعدی کی یہ نعت سرکار دو عالم ﷺ نے خود مکمل فرمائی۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے جود و کرم سے آقا ﷺ کے تمام عاشقوں کی زبان پر اس کو رواں کر کے اسے دوام بخشا۔

☆☆☆☆☆

Marfat.com

# کلام مولانا عبدالرحمٰن جامیؒ

نسیما جانب بطحا گزر کن | زِاحوالم محمد ﷺ را خبر کن
اے ہوائے دیس محبوب دے ول جائیں | میرا احوال حضرتؐ نوں سنائیں
به بریں جان مشتاقم به آنجا | فدائے روضه خیر البشر کن
ایہہ لے جا جان میری تو مدینے | کریں روضےتوں صدقےاس دے تائیں
توئی سلطان عالم یا محمد ﷺ | ز روئے لطف سوئے من نظر کن
کہیں اس بادشاہ نوں یا محمد ﷺ | میرے ول کرم دی جھات پائیں
مشرف گرچه شدجامی زلطفش | خدایا ایں کرم بار دگر کن
اگے ڈٹھا اے جامی تے اوہ جلوہ | خدایا اوہ دوبارہ وی دکھائیں

☆ ☆ ☆ ☆ ☆

سید و سرور محمد نور جاں   بہتر و مہتر شفیع مذنباں

سرور دو جہاں محمدؐ روح کے نور ہیں اور گناہگاروں

کی بخشش کیلئے سب سرداروں کے سردار ہیں

با محمد نور عشق پاک جفت   عشق او را لولاک گفت

عشق پاک نور حضور ﷺ سے مل گیا ہے

اور ان کے عشق و محبت کی وجہ سے دو جہاں قائم ہے

گر نہ بودے بہر عشق پاک را   کہ وجودے دادمے افلاک را

اگر عشق پاک نہ ہوتا تو زمین آسمان کا وجود بھی نہ ہوتا

منتہی در عشق او چوں بود فرد   پس مراد را ز انبیاء تخصیص کرد

جب فرد اس کے عشق میں کامل ہوگیا تو انبیاء کرام کو چن لیا گیا۔

Marfat.com

# پوری کائنات میں

نہ کوئی انسان حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ جیسا — نہ کوئی کلام قرآن کریم جیسا
نہ کوئی مذہب دین اسلام جیسا — نہ کوئی سچا حضرت ابوبکر صدیقؓ جیسا
نہ کوئی عادل حضرت عمر فاروقؓ جیسا — نہ کوئی سخی حضرت عثمان غنیؓ جیسا
نہ کوئی بہادر حضرت علیؓ المرتضیٰؓ جیسا — نہ کوئی شہید حضرت امام حسینؓ جیسا

یا اللہ مجھے ایسا بنا دے کہ تجھے پسند آ جاؤں

☆☆☆☆☆

**یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اُنْظُرْ حَالَنَا — یَاحَبِیْبَ اللّٰہِ اِسْمَعْ قَالَنَا**

اِنَّنِیْ فِیْ بَحْرِ غَمٍّ مُّغْرَقٌ — خُذْ یَدِیْ سَھِّلْ لَنَا اَشْکَالَنَا

☆☆☆☆☆

**تو غنی از ہر دو عالم من فقیر — روزِ محشر عذر ہائے من پذیر**
گر تو می بینی حسابم ناگزیر — از نگاہ مصطفیٰؐ پنہاں بگیر

ترجمہ:۔ اے اللہ! تو دونوں جہاں سے بے نیاز ہے اور میں فقیر ہوں۔ روز قیامت میرے عذر تو بہت ہوں گے۔ اگر تجھے میرا حساب دیکھنا ضروری ہی ہے تو اسے مصطفیٰ ﷺ کی نگاہ سے پوشیدہ رکھنا۔

(نوٹ): یہ الفاظ حضرت علامہ اقبالؒ نے وفات پانے سے چند لمحے پہلے کہے تھے۔

Marfat.com

# حصہ نعت اردو

الصلوٰۃ والسلام علیک یارسول اللہ

وعلیٰ آلک واصحابک یاحبیب اللہ

Marfat.com

**آئے سرکارِ مدینہ ﷺ آئے سرکارِ مدینہ ﷺ** **لائے انوارِ مدینہ ﷺ آئے سرکارِ مدینہ ﷺ**

ہے قدم بوسہ رسالت گل و گلزار مدینہ آئے سرکارِ مدینہ ﷺ لائے انوارِ مدینہ ﷺ

گندمی رنگ ہے گہرا ہے لباس آج سنہرا چاندنی رات نے پہنا طلع البدر علینا

لوگو آواز دو سب کو دیکھ لو آکاش پہ رب کو روشنی غارِ حرا کی مل گئی پردہ شب کو

بارش نجم و قمر ہے آج سے سحر کو رات کو رات نہ کہنا طلع البدر علینا

ہاشمی و مُطلبی ہیں فخر اُمی و ابی ہیں آپ ہی حق کے نبی ہیں شافع دین متین ہیں

مجتبائے نور و بشر ہیں اب تمنا ہے سحر کو رات کو رات نہ کہنا طلع البدر علینا

جس نے پائی ہیں مرادیں اُنکی راہوں کو سجادیں گُل بچھائے ہیں صبا نے آؤ ہم آنکھیں بچھادیں

چاند اترا ہے لئے تاج رات کو رات نہ کہنا طلع البدر علینا طلع البدر علینا

☆☆☆☆☆

**آپؐ شاہ امم آپؐ خیر الوریٰ آپؐ سرتاج پیغمبرانِ خدا**

آپؐ کی دونوں عالم میں جلوہ گری یا نبی یا نبی یا نبی یا نبی

آپؐ خلائق عالم کے ترجمان آپؐ عرشِ الٰہی کے ہیں رازداں

آپؐ غارِ حرا کی ہیں روشنی یا نبی یا نبی یا نبی یا نبی

خاتم المرسلین آپ ﷺ ہیں باعثِ عظمت کن فکاں آپؐ ہیں

فرش سے عرش تک برتری آپؐ کی یا نبی یا نبی یا نبی یا نبی

آپؐ قرآن لائے اے حبیبِ خدا ہے لقب آپ کا خاتم الانبیاء

آپ ﷺ سے اہل حق کو ملی روشنی یا نبی یا نبی یا نبی یا نبی

آرزو برکرم ہو شاہ ہاشمی ﷺ وقف رنج والم اسکی زندگی ہے

بخش دو اسکو دیدار کی روشنی یا نبی یا نبی یا نبی

Marfat.com

**اس کرم کا کروں شکر کیسے ادا**
**جو کرم مجھ پہ میرے نبی کر دیا**

میں سجاتا تھا سرکار کی محفلیں
مجھ کو ہر غم سے رب نے بری کر دیا

ذکر نبی میں ہیں بڑی برکتیں
مل گئیں راحتیں مل گئیں عظمتیں

میں گنہگار تھا بے عمل تھا مگر
مصطفیٰ ﷺ نے مجھے جنتی کر دیا

لحہ لحہ ہے مجھ پہ نبی کی عطا
دوستو اور مانگوں میں مولا سے کیا

کیا یہ کم ہے کہ میرے خدا نے مجھے
اپنے محبوب ﷺ کا امتی کر دیا

کوئی مایوس لوٹا نہ اس دربار سے
جو بھی مانگا ملا میری سرکار سے

صدقے جاؤں میں نیازیؔ لجپال کے
ہر گدا کو سخی نے سخی کر دیا

جو بھی آیا ہے محفل میں سرکار کی
حاضری مل گئی جس کو دربار کی

کوئی صدیقؓ، فاروقؓ، عثمانؓ ہوئے
مصطفیٰ نے کسی کو علیؓ کر دیا

☆☆☆☆☆

**اشک آنکھوں سے ہماری بہہ گئے**
**سب مدینے کو گئے ہم رہ گئے**

کب مدینے میں بلاؤ گے یا نبی ﷺ
سوچتے سوچتے ہم رہ گئے

قافلے سارے مدینے پہنچ گئے
ہائے حسرت ہم یہاں کیوں رہ گئے

ہے عبادت یاد تیری یا نبی ﷺ
نقش تیرے میرے دل میں رہ گئے

خوش نصیبی اُنکی جو پہنچ گئے
بدنصیبی ہے ہماری کہ ہم رہ گئے

کب لگاؤں گا میں سینے سے جالی کو
دِل کے ارماں دِل میں رہ گئے

اشک آنکھوں سے ہماری بہہ گئے
سب مدینے کو گئے ہم رہ گئے

☆☆☆☆☆

Marfat.com

**آقا ﷺ تیری محفل کا ہے رنگ جداگانہ — ہم نے تو جسے دیکھا، دیکھا تیرا دیوانہ**

جی چاہتا ہے انکے قدموں سے لپٹ جاؤں — وہ دیکھ کے فرمائیں، یہ ہے میرا دیوانہ

آتے ہیں شہنشاہ بھی کشکول لئے در پر — کس شان کا ہے دربارِ کریمانہ

دنیا کے ولی ہم نے یوں در پہ کھڑے دیکھے — ہونٹوں پہ ہیں فریادیں حالت ہے فقیرانہ

نظروں سے ملا نظریں بھر دے میرا پیمانہ — آباد خدا رکھے، ساقی تیرا میخانہ

عظمت ہو بیاں کیسے دربارِ رسالت کی — جبرائیلؑ بھی آتے ہیں اس در پہ غلامانہ

سرکار نیازی کا دامن طلب بھر دو — حسنینؓ کے صدقے میں مایوس نہ لوٹانا

☆☆☆☆☆

**آمنہ بی بی کے گلشن میں آئی ہے تازہ بہار — پڑھتے ہیں صل اللہ علیہ وسلم آج در و دیوار**

نبی جی اللہ اللہ اللہ ہو لا الہٰ الا ہو

بارہ ربیع الاول کو وہ آیا دُرِّ یتیم — ماہِ نبوت مہرِ رسالت صاحبِ خلقِ عظیم

نبی جی اللہ اللہ اللہ ہو لا الہٰ الا ہو

آیا والی دو جگ کا اور اللہ کا محبوب — شافعِ محشر، ساقی کوثر، پیارا محمد ﷺ رسول

نبی جی اللہ اللہ اللہ ہو لا الہٰ الا ہو

یٰسین طٰہٰ کملی والا قرآن کی تفسیر — حافظ و ناصر شاہد و قاسم آیا سراج منیر

نبی جی اللہ اللہ اللہ ہو لا الہٰ الا ہو

اوّل و آخر سب کچھ جانے دیکھے بعید و قریب — غیب کی خبریں دینے والا رب کا پیارا محبوب

نبی جی اللہ اللہ اللہ ہو لا الہٰ الا ہو

جبرائیل آئیں جھولا جھلائیں لوری دے ذیشان — سو جا سو جا رحمتِ عالم میں تیرے قربان

نبی جی اللہ اللہ اللہ ہو لا الہٰ الا ہو

Marfat.com

**اگر دل میں عشق محمد ﷺ نہیں ہے — تو کعبہ کو جانے کی کوشش نہ کرنا**

نماز محبت نیاز خدا ہے — وہ سجدہ ہی کیا جو جھک کر اٹھا ہے
اگر تجھ میں جذبہ حسینؓ نہیں ہے — تو سر کو جھکانے کی کوشش نہ کرنا
در مصطفیٰ ﷺ سے تعلق نہیں ہے — تو نصیب آزمانے کی کوشش نہ کرنا
محمد ﷺ کا غم دو جہاں کی خوشی ہے — یہی زندگی ہے یہی بندگی ہے
غمِ مصطفیٰ سے اگر بے خبر ہے — غمِ دل سنانے کی کوشش نہ کرنا
خدا کی جستجو کرنے والے — بوقت تہجد وضو کرنے والے
اگر دور ہے تو محمد ﷺ کے در سے — خدا کو منانے کی کوشش نہ کرنا
مزہ تب ہے پینے میں اتنا اثر ہو — اٹھے جام تو دو جہاں کی خبر ہو
اگر مئے کشی کا سلیقہ نہیں ہے — تو پینے پلانے کی کوشش نہ کرنا

☆☆☆☆☆

**آ گئے شاہِ اُمم مٹ گئے رنج و غم — للہ اب کر دو کرم للہ اب کر دو کرم**

چھا گئے ابر کرم ہو گئے ختم ستم — مٹ گئے رنج و الم آ گئے شاہِ اُمم
اے میرے سرورِ دیں آپ سا کوئی نہیں — دونوں عالم میں نہیں حسن یوسف کی قسم
چھوڑ کر آپ کا در جائیں سرکار کدھر — صدقہ حسنین کا دو ورنہ مر جائیں گے ہم
آیا سدرہ کا مقام بولے آقا سے غلام — آگے بڑھ سکتا نہیں تیرے قدموں کی قسم
رک گئے روح الامیں بولے یہ سرورِ دیں — تیری منزل ہے یہی آگے جائیں گے ہم
خوابؔ میں آ کے شاہا اتنا تو بتا دو ذرا — تو کوئی فکر نہ کر تیرے غمخوار ہیں ہم
ہوگا جب حشر بپا انبیاء دیں گے صدا — مصطفیٰ اب کیجئے کرم یا مصطفیٰ کیجئے نظر کرم

☆☆☆☆☆

Marfat.com

**اللہ اللہ شاہ کونین جلالت تیری — فرش پہ کیا عرش پر جاری ہے حکومت تیری**

تیرے انداز یہ کہتے ہیں خالق کو تیرے — سب حسینوں میں پسند آئی ہے صورت تیری

بزم محشر کو نہ جانے کیوں بلایا سب کو — کہ زمانے کو دکھانی ہے وجاہت تیری

موت آجائے مگر نہ آئے دل کو آرام — دل نکل جائے مگر نکلے نہ الفت تیری

دیکھنے والے کہا کرتے ہیں اللہ اللہ — یاد آتا ہے خدا، دیکھ کے صورت تیری

مجمع محشر میں گھبرائی ہوئی پھرتی ہے — ڈھونڈنے نکلی ہے مجرم کو شفاعت تیری

چین پائیں گے تڑپتے ہوئے دل محشر میں — کسے غم یاد رہے دیکھ کے صورت تیری

☆☆☆☆☆

**آقا آقا بول بندے آقا آقا بول — ذکر نبیؐ تو کرتا جا یہ ذکر بڑا انمول**

ایسا دن بھی آجائے سرکارؐ کے در پہ بیٹھے ہوں — لب خاموش بن جائیں آنسو عرضاں کرتے ہوں

ان کے در پہ رونے والے منہ سے کچھ تو بول — آقا آقا بول، بندے آقا آقا بول

سرکار دو عالم پیارے جدھر سے گزرا کرتے تھے — شجر گواہی دیتے تھے پتھر کلمہ پڑھتے تھے

نور خدا کے منکر اب تو اپنی آنکھیں کھول — آقا آقا بول، بندے آقا آقا بول

آؤ چلو دیوانو سارے شہر مدینہ چلتے ہیں — میری کیا اوقات ہے سب ہی ان کے در پہ پلتے ہیں

جب سے ہوش سنبھالا ہے ان کی نعتیں پڑھتا ہوں — گستاخی نہ ہو جائے سنبھل سنبھل کے چلتا ہوں

ماں کی دعاؤں کا صدقہ ملا ایسا ماحول — آقا آقا بول، بندے آقا آقا بول

☆☆☆☆☆

Marfat.com

**اللہ غنی کیسی وہ پُر کیف گھڑی تھی** **جب سامنے نظروں کے مدینے کی گلی تھی**

لجپالوں کے لجپال کی چوکھٹ پہ کھڑا تھا قسمت میری اس در پہ کھڑی جھوم رہی تھی

ہر ذرے میں جلوہ نظر آیا تھا خدا کا اس شہر کی ہر چیز مجھے خوب لگی تھی

کیفیت دل کیسے بتاؤں تمہیں لوگو جب پہلی نظر گنبدِ خضریٰ پہ پڑی تھی

پیارا اتنا دیا تھا سرکار نے مجھ کو بھولا تھا میں در پہ کہ دوری بھی کبھی تھی

مجرم تھا کھڑا سر کو جھکائے در پر آنسو تھے رواں ایسے کہ ساون کی جھڑی تھی

لے ڈوبتے اعمال میرے مجھ کو نیازی جا پہنچا مدینے میں، میری تقدیر بھلی تھی

☆☆☆☆☆

**آمد مصطفٰے ﷺ مرحبا مرحبا** **ذکرِ صلِ علیٰ مرحبا مرحبا**

آپ کے آنے سے بہار آ گئی ہر کلی نے کہا مرحبا مرحبا

گود میں لے کے حلیمہ نے سرکار کو مسکرا کر کہا مرحبا مرحبا

کملی والے کی تعظیم کو کعبہ جھکا مرحبا مرحبا مرحبا مرحبا

غور سے سن اے حافظ خدا کی قسم آ رہی ہے صدا مرحبا مرحبا

☆☆☆☆☆

**ان کی مہک نے دل کے غنچے کھلا دیئے ہیں** **جس راہ چل دیئے ہیں کوچے بسا دیئے ہیں**

جب آ گئی ہیں جوش رحمت پہ انکی آنکھیں جلتے بجھا دیئے ہیں روتے ہنسا دیئے ہیں

اللہ کیا جہنم اب بھی نہ سرد ہو گی رو رو کے مصطفٰی ﷺ نے دریا بہا دیئے ہیں

میرے کریم سے گر قطرہ کسی نے مانگا دریا بہا دیئے ہیں در بے بہا دیئے ہیں

ان کے نثار کوئی کیسے رنج میں ہو جب یاد آ گئے ہیں سب غم بھلا دیئے ہیں

ملک سخن کی شاہی تم کو رضاؔ مسلم جس سمت آ گئے ہیں سکے بٹھا دیئے ہیں

Marfat.com

آنے والو یہ بتاؤ شہر مدینہ کیسا ہے
سر انکے قدموں میں رکھ کر جھک کر جینا کیسا ہے

گنبد خضریٰ کے سائے میں بیٹھ کے تم تو آئے ہو
اس سائے میں رب کے آگے سجدہ کرنا کیسا ہے

دل آنکھیں اور روح تمہاری لگتی ہیں سیراب مجھے
در پہ انکے بیٹھ کے آب زم زم پینا کیسا ہے

دیوانوں آنکھوں سے تمہاری اتنا پوچھ تو لینے دو
وقت دعا روضے پہ ان کے آنسو بہانا کیسا ہے

وقت رخصت دل کو اپنے چھوڑ وہاں تم آئے ہو
یہ بتلاؤ عشرت انکے در سے بچھڑنا کیسا ہے

☆☆☆☆☆

آئے گا بلاوا کبھی دربار نبی ﷺ سے
آئی ہے ہوا ٹھنڈی گلزار نبی ﷺ سے

سب نبیوں سے اونچی ہے تیری شان کریمی
اونچا ہے بھلا کون سرکار نبی ﷺ سے

جنت کی بھی رونق مجھے محبوب نہیں ہے
مل جائے اگر سایہ دیوار نبی ﷺ سے

کس در سے ملی تجھ کو شفا تو وہ کہے گا
پوچھے گا اگر کوئی بیمار نبی ﷺ سے

خادم نے بڑی دیر سے ہے آس لگائی
ہوگا یہ مشرف کبھی دیدار نبی ﷺ سے

☆☆☆☆☆

اے سبز گنبد والے منظور دعا کرنا
جب وقت نزع آئے دیدار عطا کرنا

اے نور خدا آکر آنکھوں میں سما جانا
یا در پہ بلا لینا یا خواب میں آ جانا

اے پردہ نشیں دل کے پردے میں رہا کرنا
جب وقت نزع آئے دیدار عطا کرنا

میں قبر اندھیری میں گھبراؤں گا جب تنہا
امداد میری کرنے آ جانا ذرا شاہا

روشن میری تربت کو للہ ذرا کرنا
جب وقت نزع آئے دیدار عطا کرنا

چہرے سے ضیاء پائی ان چاند ستاروں نے
اس در سے شفاء پائی دکھ درد کے ماروں نے

آتا ہے انہیں صابر ہر غم کی دعا کرنا
جب وقت نزع آئے دیدار عطا کرنا

☆☆☆☆☆

Marfat.com

### آؤ بازارِ مصطفیٰ ﷺ کو چلیں

یہ کرم ہے حضور ﷺ کا ہم پر
آنے والے عذاب ٹلتے ہیں

وہ سمجھتے ہیں بولیاں سب کی
وہی بھرتے ہیں جھولیاں سب کی

کل بھی انکے ٹکڑوں پہ پلتے تھے
آج بھی انکے ٹکڑوں پہ پلتے ہیں

اپنی اوقات صرف اتنی ہے
کچھ نہیں بات صرف اتنی ہے

ان کو آتا کبھی زوال نہیں
قسمتیں جنکی وہ بدلتے ہیں

وہ سمجھتے ہیں بولیاں سب کی
وہی بھرتے ہیں جھولیاں سب کی

ہم نے خود کو گرا لیا ہے وہاں
گرنے والے جہاں سنبھلتے ہیں

روک لیتی ہے آپ ﷺ کی نسبت
تیر جتنے بھی ہم پہ چلتے ہیں

یہ ہے کرم حضور کا ہم پر
آنے والے عذاب ٹلتے ہیں

### کھوٹے سکے وہاں پہ چلتے ہیں

☆☆☆☆☆

### ایسا کوئی محبوب نہ ہوگا نہ کہیں ہے

### بیٹھا ہے چٹائی پہ مگر عرش نشیں ہے

ملتا نہیں کیا کیا دو جہاں کو تیرے در سے
اک لفظ نہیں ہے کہ تیرے لب پہ نہیں ہے

تو چاہے ہر شب ہو مثال شب اسریٰ
تیرے لئے دو چار قدم عرش بریں ہے

رکتے ہیں وہیں جا کے قدم اہل نظر کے
اس کوچے سے آگے نہ زماں ہے نہ زمیں ہے

ہر اک کو میسر کہاں اس در کی غلامی
اس در کا درباں تو جبرائیل امیں ہے

دل گریہ کناں اور نظر سوئے مدینہ
اعظم تیرا اندازِ طلب کتنا حسیں ہے

☆☆☆☆☆

Marfat.com

**بڑی امید ہے سرکار قدموں میں بلائیں گے**
**کرم کی جب نظر ہوگی مدینے ہم بھی جائیں گے**

اگر جانا مدینے میں ہوا ہم غم کے ماروں کا
مکین گنبدِ خضریٰ کو حال دل سنائیں گے

گنہگاروں میں خود آ کے شامل پارسا ہونگے
شفیع محشر جب دامانِ رحمت میں چھپائیں گے

قسم اللہ کی ہوگا وہ منظر دید کے قابل
قیامت میں رسول اللہ ﷺ جب تشریف لائیں گے

قیامت تک جگائیں گے نہ منکر نکیر انکو
لحد میں وہ جسے اپنا رخ زیبا دکھائیں گے

غم عشق نبی ﷺ سے ہوگا دل معمور نیرؔ
تیرے ظلمت کدے میں بھی ستارے جگمگائیں گے

☆☆☆☆☆

**بگڑی بھی بنائیں گے جلوے بھی دکھائیں گے**
**گھبراؤ نہ دیوانو سرکار ﷺ بلائیں گے**

ہم مسجد نبوی کے دیکھیں گے میناروں کو
اور گنبد خضریٰ کے پرنور نظاروں کو

ہم جا کے مدینے پھر واپس نہیں آئیں گے
گھبراؤ نہ دیوانو سرکار ﷺ بلائیں گے

مل جائیں گی تعبیریں اک روز تو خوابوں کی
گر جائیں گی دیواریں سب دیکھنا راہوں کی

ہم روضہء اقدس پہ جب آنسو بہائیں گے
گھبراؤ نہ دیوانو سرکار ﷺ بلائیں گے

دل عشق نبی ﷺ میں تو کچھ اور تڑپنے دو
اس دید کی آتش کو کچھ اور بھڑکنے دو

ہم تشنہء دل چل کر زم زم سے بجھائیں گے
گھبراؤ نہ دیوانو سرکار ﷺ بلائیں گے

جب حشر کے میداں میں اک حشر بپا ہوگا
اور فیصلہ امت کا کرنے کو خدا ہوگا

امت کو شاہِ بطحا کملی میں چھپائیں گے
گھبراؤ نہ دیوانو سرکار ﷺ بلائیں گے

اللہ کملی والے سے روداد میری کہنا
یہ پوچھ کے آقا ﷺ سے اے حاجیو تم آنا

عاصی کو در اقدس پہ کب آپ بلائیں گے
گھبراؤ نہ دیوانو سرکار ﷺ بلائیں گے

☆☆☆☆☆

Marfat.com

**بلا لو پھر مجھے اے شاہ بحر و بر مدینے میں** — **میں پھر روتا ہوا آؤں تیرے در پر مدینے میں**

سلام شوق کہنا حاجیو میرا بھی رو رو کر — تمہیں آئے نظر جب روضہء اقدس مدینے میں

نہ دولت دے نہ ثروت دے مجھے بس یہ سعادت دے — تیرے قدموں میں مرجاؤں میں رو رو کر مدینے میں

میرا غم بھی تو ذرا دیکھو پڑا ہوں دور طیبہ سے — سکوں پائے گا بس میرا دل بھی مدینے میں

جب پہنچوں میں کوئے جاناں گریباں چاک — سینہ چاک کرادے مجھ کو شوق تڑپا کے مدینے میں

چلو چوکھٹ پہ انکی سر رکھ کر قربان ہو جائیں — حیات جاوداں پائیں گے مر کر مدینے میں

مدینے جانے والو جاؤ جاؤ فی آمان اللہ — کبھی تو اپنا بھی لگ جائے گا بستر مدینے میں

مدینہ اس لئے ہم کو جان و دل سے ہے پیارا — کہ رہتے ہیں میرے آقا میرے دلبر مدینے میں

☆☆☆☆☆

**بلغ العلیٰ بکمالہٖ** — **کشف الدجیٰ بجمالہٖ**

**حسنت جمیع خصالہٖ** — **صلوا علیہ و آلہٖ**

جسے چاہا در پہ بلا لیا جسے چاہا اپنا بنا لیا

یہ بڑے کرم کے ہیں فیصلے یہ بڑے نصیب کی بات ہے

کوئی آیا لے کے چلا گیا کوئی عمر بھر بھی نہ پا سکا

غم مصطفیٰ تیرا شکر یہ تو نے مرنا جینا سکھا دیا

اے حلیمہ بھید کھلا نہیں یہ مقام چوں و چرا نہیں

تو خدا سے پوچھ وہ کون تھے تیری بکریاں جو چرا گئے

کروں تیرے نام پہ جاں فدا اک جاں نہیں دو جہاں فدا

دو جہاں سے بھی نہیں جی بھرا کیا کروں کروڑوں جہاں نہیں

Marfat.com

آقا ﷺ خواب میں تیری دید ہو تیری دید ہو میری عید ہو
میں کہوں کہ آج حضور نے میرا سویا بخت جگا دیا

تیرے آگے ہیں یوں دبے لچے فصحائے عرب کے بڑے بڑے
کوئی جانے منہ میں زباں نہیں بلکہ جسم میں جان نہیں

وہی لامکان کے مکیں ہوئے سر عرش تخت نشیں ہوئے
وہ نبی ﷺ ہے جس کا مکان ہے وہ خدا ہے جس کا مکاں نہیں

جو خیال آیا خواب میں وہ جمال اپنا دکھا گئے
یہ لہک مہک تھی لباس میں کہ مقام سارا بسا گئے

آئے کرماں والی اوگھڑی میں پھراں مدینے گلی گلی
اوتھے ساڈی ہوئے حاضری اوتھے ہنجواں نال صدا کراں

☆☆☆☆☆

## بن کر فقیر جاؤ سرکار ﷺ کی گلی میں
## دل کی مراد پاؤ سرکار ﷺ کی گلی میں

ایسا کریم تجھ کو کوئی نہیں ملے گا
بیٹھے رہو گداؤ سرکار ﷺ کی گلی میں

کس کس کو میں بتاؤں خود جا کے کوئی دیکھے
جنت کا در کھلا ہے سرکار ﷺ کی گلی میں

جنت میں رہنے والی حوروں سے کوئی کہہ دے
اک تم بھی گھر بناؤ سرکار ﷺ کی گلی میں

جیسا بھی زخم ہو گا اچھا ضرور ہو گا
خاک شفاء لگاؤ سرکار ﷺ کی گلی میں

لطف و عطا کی اس پر برسات ہو رہی ہے
جو شخص آ گیا ہے سرکار ﷺ کی گلی میں

مر کر بھی میری میت تم سے کہے گی ناصؔر
تربت میری بناؤ سرکار ﷺ کی گلی میں

☆☆☆☆☆

Marfat.com

بن گئی بات ان کا کرم ہو گیا — شاخ نخلِ تمنا ہری ہو گئی

میرے لب پر مدینے کا نام آ گیا — بیٹھے بیٹھے میری حاضری ہو گئی

مجھ پہ رحمت ہوئی میرے رب کی بڑی — مہربان ہو گیا کملی والا نبی ﷺ

پڑھ کے سو یا درود اُن ؐ پر میں جس گھڑی — پھر زیارت مجھے آپ ﷺ کی ہو گئی

کتنا بے کیف تھا مئے کدے کا سماں — دل کا پیانہ تھا کرچیاں کرچیاں

جس گھڑی آ گئے ساقی دو جہاں ﷺ — محفل بے کساں مدھ بھری ہو گئی

فرش پر بھی ہوا ذکر صلی علیٰ — عرش پر بھی ہوا چرچا سرکار ﷺ کا

ہر طرف سج گئی محفل مصطفیٰ ﷺ — ہر طرف یا نبی ﷺ یا نبی ﷺ ہو گئی

محفل نعت میں آیا جایا کرو — اپنے سوئے مقدر جگایا کرو

محفل نعت میں آ کے بیٹھا ہے جو — اسکی واللہ طبیعت غنی ہو گئی

مجھ پہ کتنا نیازی کرم ہو گیا — دنیا کہنے لگی پنجتن کا گدا

اس گھرانے کا جب سے میں نوکر ہوا — سب سے اچھی میری نوکری ہو گئی

☆☆☆☆☆

بنے ہیں دونوں جہاں شاہِ دوسرا کے لئے — سجی ہے محفلِ کونین مصطفیٰ ﷺ کے لئے

زبان کو اس لئے شیریں بیاں ملا — زباں ہے مدحتِ محبوبِ کبریا کے لئے

گدائے کوئے مدینہ ہوں کس کا منہ دیکھوں — ان ہی کی بخشش کافی ہے مجھ گدا کے لئے

میرے کریم میرے چارہ ساز بندہ نواز — تڑپ رہا ہوں آپ کے شہر کی ہوا کے لئے

حضور ﷺ نور ہیں محمود ﷺ ہیں محمد ﷺ ہیں — جگہ جگہ نئے عنوان ہیں ثناء کے لئے

انہی کا ذکر انہی کا بیاں انہی کا کام — ہر ابتدا کے لئے ہر انتہا کے لئے

محبِّ تشنہ کے نام سے ہوا محسوس — زبان جب بھی کھلی ہے تیری ثناء کے لئے

Marfat.com

**پوچھتے کیا ہو مدینے سے میں کیا لایا ہوں** **اپنی آنکھوں میں مدینے کو بسا لایا ہوں**

دل بھی میرا ہے وہی جان بھی میری ہے وہی لاش کو اپنی میں کندھوں پہ اٹھا لایا ہوں

سایہ گنبد خضریٰ میں ادا کر کے نماز سر کو میں عرش کا ہم پلہ بنا لایا ہوں

جان و دل رکھ کے میں طیبہ میں امانت کی طرح پھر وہاں جانے کے اسباب بنا لایا ہوں

جس نے چومے ہیں قدم سرور عالم کے خاک طیبہ کو میں پلکوں پہ سجا لایا ہوں

☆☆☆☆☆

**پیام لائی ہے باد صبا مدینے سے** **کہ رحمتوں کی اٹھی ہے گھٹا مدینے سے**

الٰہی کوئی تو مل جائے چارہ گر ایسا ہمارے درد کی لا دے دوا مدینے سے

حساب کیسا نکیرین ہو گئے بے خود جب آئی قبر میں ٹھنڈی ہوا مدینے سے

فرشتے سینکڑوں آتے اور جاتے ہیں بہت قریب ہے عرشِ خدا مدینے سے

☆☆☆☆☆

**تیری جالیوں کے نیچے تیری رحمتوں کے سائے** **جسے دیکھنی ہو جنت وہ مدینہ دیکھ آئے**

لو چلا ہوں میں لحد میں میرے مصطفیٰ سے کہہ دو کہ ہوا تیری گلی کی مجھے چھوڑنے کو آئے

کبھی میں بھی جا کے دیکھوں کبھی میں بھی جا کے چوموں

تیرے آستاں کی جالی تیرے آستاں کے سائے

طیبہ کو جانے والے تجھے دیتا ہوں دعائیں در مصطفیٰ ﷺ پہ جا کے تو جہاں کو بھول جائے

روضے کے سامنے بھی یہ دعائیں مانگتا تھا میری جاں نکل تو جائے یہ سماں بدل نہ جائے

نہ یہ بات شان سے ہے نہ یہ بات مال و زر سے

وہی جاتا ہے مدینے آقا ﷺ جسے بلائے

وہ ظہوریؔ یار میرا وہی غمگسار میرا میری قبر پہ جو آ کے مجھے نعتِ نبی سنائے

Marfat.com

**تیرے قدموں میں آنا میرا کام تھا**
**میری قسمت بنانا تیرا کام ہے**

میری آنکھوں کو ہے دید کی آرزو
رخ سے پردہ اٹھانا تیرا کام ہے

تیری چوکھٹ کہاں اور کہاں میری جبیں
تیرے فیض کرم کی تو حد ہی نہیں

جن کو دنیا میں کوئی نہ اپنا کہے
ان کو اپنا بنانا تیرا کام ہے

میرے دل میں تیری یاد کا راج ہو
ذہن تیرے تصور کا محتاج ہے

اک نگاہ کرم ہی میری لاج ہے
لاج میری نبھانا تیرا کام ہے

آخری وقت ہو تیرے بیمار کا
اک قطرہ ملے جام دیدار کا

میرے دل کی آخری ہے حسرت یہی
اب یہ حسرت مٹانا تیرا کام ہے

تو شہ آخرت ہے ثنا خوان کا
ذکر کرتا رہے تیرے فیضان کا

نعت تیری سنانا میرا کام تھا
میری بگڑی بنانا تیرا کام ہے

☆☆☆☆☆

**تو شمع رسالت ہے آقا ﷺ عالم تیرا پروانہ**
**تو ماہ نبوت ہے اے جلوہ جانانہ**

کیوں آنکھ ملائی تھی کیوں آگ لگائی تھی
اب رخ کو چھپا بیٹھے کر کے ہمیں دیوانہ

سنگ در جاناں پہ کرتا ہوں جبیں سائی
سجدہ نہ سمجھ نجدی سر دیتا ہوں نذرانہ

کھاتے ہیں تیرے در کا پیتے ہیں تیرے در کا
پانی ہے تیرا پانی دانہ ہے تیرا دانہ

ہر پھول میں بو تیری ہر شمع میں ضوء تیری
بلبل ہے تیرا بلبل پروانہ ہے پروانہ

گر پڑ کے یہاں پہنچا مر مر کے اسے پایا
چھوٹے نہ الٰہی اب سنگ در جانانہ

پینے کو تو پی لوں گا پر شرط ذرا سی ہے
اجمیر کا ساقی ہو بغداد کا میخانہ

☆☆☆☆☆

Marfat.com

**جب حسن تھا انکا جلوہ نما انوار کا عالم کیا ہوگا ہر کوئی فدا ہے بن دیکھے دیدار کا عالم کیا ہوگا**

جس وقت تھے خدمت میں انکی ابوبکرؓ و عمرؓ عثمانؓ و علی اس وقت رسول اکرمؐ کے دربار کا عالم کیا ہوگا

چاہیں تو اشاروں سے اپنے کایا ہی پلٹ دیں دنیا کی یہ شان ہے خدمتگاروں کی سردار کا عالم کیا ہوگا

جب شمع رسالت روشن ہو کیونکر نہ جلے پروانہ جب اشک مسیحا آ جائیں بیمار کا عالم کیا ہوگا

معراج کی شب حق سے ملنے وہ عرش معلےٰ پر پہنچے رفتار کا عالم کیا ہوگا، گفتار کا عالم کیا ہوگا

کہتے ہیں عرب کے ذروں پر انوار کی بارش ہوتی ہے اے تجمؔ نہ جانے طیبہ کے گلزار کا عالم کیا ہوگا

☆☆☆☆☆

**جب کرم ہوتا ہے حالات بدل جاتے ہیں کھوٹے سکے بھی سر بازار چل جاتے ہیں**

آ پڑے ہیں تیرے قدموں میں یہ سن کر ہم بھی جو تیرے قدموں میں گرتے ہیں سنبھل جاتے ہیں

رکھ لیتے ہیں بھرم ان کے کرم کے صدقے جب کسی بات پر دیوانے مچل جاتے ہیں

کوئی دیکھے تو ذرا ان کی دہائی دے کر انکی رحمت سے تو پتھر بھی پگھل جاتے ہیں

☆☆☆☆☆

**جب لیا نام نبی ﷺ میں نے دعا سے پہلے میری آواز وہاں پہنچی باد صبا سے پہلے**

بے وضو عشق کے مذہب میں، عبادت ہے حرام خوب رو لیتا ہوں آقا کی ثناء سے پہلے

دم آخر مجھے آقا ﷺ کی زیارت ہوگی اک دن آئیں گے سرکار قضا سے پہلے

حق سے کرتا ہوں دعا پڑھ کے محمد ﷺ پہ درود یہ وسیلہ بھی ضروری ہے دعا سے پہلے

ہم نے بھی اس در اقدس پہ جمائی ہے نظر جس جگہ ملتا ہے منگتوں کو صدا سے پہلے

تیرے عرفان پہ موقوف ہے عرفان خدا کہ تیرا نام سنا ہے ہم نے دعا سے پہلے

نعت میں کیف و اثر کی ہے طلب تو مظہر مانگ لے سوز درِ شاہِ ھدیٰ سے پہلے

Marfat.com

جب مسجد نبوی کے مینار نظر آئے
اللہ کی رحمت کے آثار نظر آئے

منظر ہوں بیاں کیسے الفاظ نہیں ملتے
جس وقت محمد ﷺ کا دربار نظر آئے

بس یاد رہا اتنا سینے سے لگی جالی
پھر یاد نہیں کیا کیا انوار نظر آئے

دکھ درد کے ماروں کو غم یاد نہیں رہتے
جب سامنے آنکھوں کے غم خوار نظر آئے

مکے کی فضاؤں میں طیبہ کی ہواؤں میں
ہم نے تو جدھر دیکھا سرکار نظر آئے

چھوڑ آیا ظہوری میں دل و جان مدینے میں
اب جینا یہاں مجھ کو دشوار نظر آئے

☆☆☆☆☆

جتنا دیا سرکار نے مجھ کو اتنی میری اوقات نہیں
یہ تو کرم ہے حضور کا ورنہ مجھ میں ایسی کوئی بات نہیں

تو بھی وہاں پر آ جا جس در پہ سب کی بگڑی بنتی ہے
اک تیری تقدیر بنانا ان کے لئے کچھ بات نہیں

جو منکر ہے انکی عطا کا، وہ یہ بات بتائے تو
کون ہے وہ جس کے دامن میں اس در کی خیرات نہیں

عشق شاہِ بطحا سے پہلے مفلس و خستہ حال تھا میں
نام محمدؐ کے قربان میں اب وہ میرے حالات نہیں

ذکر نبیؐ میں دن جو گزرے وہ دن سب سے بہتر ہے
ذکر نبیؐ میں جو رات گزرے اس سے بہتر کوئی رات نہیں

غور تو کر سرکار کی تجھ پہ کتنی خاص عنایت ہے
کوثر تو ہے ان کا ثناء خواں یہ معمولی بات نہیں

☆☆☆☆☆

جس نے ذروں کو اٹھایا اور صحرا کر دیا
جس نے قطروں کو ملایا اور دریا کر دیا

زندہ ہو جاتے ہیں جو مرتے ہیں ان کے نام پر
اللہ اللہ موت کو جس نے مسیحا کر دیا

شوکت مغرور کا کس نے توڑا طلسم
منہدم کس نے الٰہی قیصر و کسریٰ کر دیا

کس کی حکمت نے یتیموں کو کیا دُرِ یتیم
اور غلاموں کو زمانے بھر کا مولا کر دیا

کہہ دیا کسی نے لاتقنطوا اختر کسی کے کان میں
اور دل کو سر بسر محو تمنا کر دیا

آدمیت کا غرض ساماں کر دیا
اک عرب نے آدمی کا بول بالا کر دیا

Marfat.com

**جسے مل گیا کملی والے کا دامن اسے دو جہاں کا خزانہ ملا ہے**

بھلا باغ جنت وہ کیا کرے گا مدینے میں جسکو ٹھکانہ ملا ہے

کسی کو زمانے کی دولت ملی ہے کسی کو جہاں کی حکومت ملی ہے

میں اپنے مقدر پہ قربان جاؤں مجھے حبیب خدا ﷺ کا آستانہ ملا ہے

نمازیں پڑھے جا آذانیں دیئے جا شب و روز سجدے پہ سجدے کئے جا

نمازیں اُسی کی آذانیں اسی کی جسے پنجتن کا گھرانہ ملا ہے

جسے مل گئی ان کے در کی گدائی اسے دولتِ دو جہاں ہاتھ آئی

در مصطفیٰ ﷺ تک ہے ان کی رسائی شفاعت کا ان کو بہانہ ملا ہے

ظہوری قلم کی یہی آبرو ہے کہ ذکر محمد ﷺ سے یہ سرخرو رہے

محمد ﷺ کا روضہ میرے سامنے ہے درودوں کا مجھ کو ترانہ ملا ہے

☆☆☆☆☆

**جگادو میری قسمت بھی خدارا یا رسول اللہ ﷺ**
**دیکھادو مجھ کو بھی روضے کا نظارا یا رسول اللہ ﷺ**

میری دنیا سنور جائے میری عقبیٰ سنور جائے
اگر ہو جائے رحمت کا اشارہ یا رسول اللہ ﷺ

آپ ﷺ کا نام نامی ہے سکون قلب کا باعث
نظر کا نور ہے روضہ تمہارا یا رسول اللہ ﷺ

زمانہ چھوٹ جائے روٹھ جائے خلق تو کیا غم
نہ چھوٹے ہاتھ سے دامن تمہارا یا رسول اللہ ﷺ

جبیں شوق میں ہوتی ہے جب روضہ کی جالی
چمک جاتا ہے قسمت کا ستارا یا رسول اللہ ﷺ

تمنائے سکندر ہے دم آخر شاہِ بطحا
رہے ورد زباں پہ کلمہ تمہارا یا رسول اللہ ﷺ

☆☆☆☆☆

Marfat.com

## جشن آمد رسول ﷺ اللہ ہی اللہ

بو لو ہر د م ا للہ ہی ا للہ
جبکہ سر کا رتشریف لا نے لگے
ہر طرف نو ر کی رو شنی چھا گئی
اے حلیمہؓ تیری گو د میں آ گئے
چہرہ مصطفیٰ ﷺ جبکہ دیکھا گیا
آ منہ بی بی دیکھ کر مسکرا نے لگیں
آ منہ بی بی سب سے یہ کہنے لگیں
شا دیا نے خوشی کے بجا نے لگے
ہر طر ف شو ر صلّے علیٰ ہو گیا
پھر تو جبرائیلؑ نے بھی یہ اعلان کیا
ان کا سا یہ ز میں پہ نہ پا یا گیا
ہم کو عابدؔ نبی ﷺ سے بڑا پیار ہے
جس نے رخ پہ ملی وہ شفا پا گیا

## بی بی آمنہ کے پھول اللہ ہی اللہ

ہر دم اللہ ہی اللہ ہر دم اللہ ہی اللہ
حور و غلماں بھی خوشیاں منا نے لگے
مصطفیٰ کیا ملے ز ند گی مل گئی
دونوں عالم کے رسول اللہ ہی اللہ
چھپ گئے تا رے اور چا ند شر ما گیا
حواؑ، مریمؑ بھی خوشیاں منا نے لگیں
د عا ہو گئی ہے قبو ل اللہ ہی ا للہ
شا دی کے نغمے سب کو سنا نے لگے
آ ج پیدا حبیب ﷺ خدا ہو گیا
یہ خدا کے ہیں رسول ﷺ اللہ ہی اللہ
نو ر سے نو ر د یکھو جدا نہ ہو ا
کیا بھلا میرے آقا ﷺ کا انداز ہے
شہر طیبہ تیری دھول اللہ ہی اللہ

☆☆☆☆☆

چلو دیا ر نبی ﷺ کی جا نب د ر و د لب پہ سجا سجا کر
بہا ر لو ٹیں گے ہم کر م کی د لو ں کا د ا من پھیلا پھیلا کر
نہ ا ن جیسا سخی ہے کو ئی نہ ا ن جیسا غنی ہے کو ئی
و ہ بے نو ا ؤ ں کو نو ا ز تے ہیں ہر جگہ سے بُلا بُلا کر

Marfat.com

میں وہ نکما ہوں کہ جس کی جھولی میں کوئی حسن عمل نہیں ہے
مگر وہ احسان کر رہے ہیں خطائیں میری چھپا چھپا کر
ہے ان کو امت سے پیار کتنا کرم ہے رحمت شعار کتنا
ہمارے جرموں کو دھو رہے ہیں حضور ﷺ آنسو بہا بہا کر
یہی اساسِ عمل ہے میری اسی سے بگڑی بنی ہے میری
سمیٹتا ہوں کرم خدا کا نبی ﷺ کی نعتیں سنا سنا کر
وہ راہیں اب تک سجی ہوئیں ہیں دلوں کا کعبہ بنی ہوئیں ہیں
جہاں جہاں سے حضور ﷺ گزرے ہیں نقش اپنا جما جما کر
اگر مقدر نے یاوری کی اگر مدینے میں گیا خالدؔ
قدم قدم خاک اس گلی کی میں چوم لونگا اٹھا اٹھا کر

☆☆☆☆☆

**چمک تجھ سے پاتے ہیں سب پانے والے**
**میرا دل بھی چمکا دے چمکانے والے**

برستا نہیں دیکھ کر ابر رحمت
بدوں پر بھی برسا دے برسانے والے

مدینے کے خطے خدا تجھ کو آباد رکھے
غریبوں فقیروں کو ٹھہرانے والے

تو زندہ ہے واللہ تو زندہ ہے واللہ
میرے چشم عالم سے چھپ جانے والے

میں مجرم ہوں آقا مجھے ساتھ لے لو
کہ رستے میں ہیں جا بجا تھانے والے

حرم کی زمیں اور قدم رکھ کے چلنا
ارے سر کا موقع ہے او جانے والے

رہے گا یوں ہی اُن کا چرچا رہے گا
پڑے خاک ہو جائیں جل جانے والے

تیراؔ کھائیں تیرے غلاموں سے الجھیں
ہیں منکر عجب کھانے غرانے والے

رضاؔ نفس دشمن ہے دام میں نہ آنا
کہاں تم نے دیکھے ہیں چندرانے والے

Marfat.com

**حاجیو آؤ شہنشاہ کا روضہ دیکھو کعبہ تو دیکھ چکے اب کعبے کا کعبہ دیکھو**

آب زم زم تو خوب پیا خوب بجھائیں پیاسیں آؤ جود شاہ کوثر کا دریا دیکھو

خوب آنکھوں سے لگایا ہے کعبے کا غلاف قصر محبوب کے پردے کا بھی جلوہ دیکھو

دھوم دیکھی ہے در کعبہ پہ بیتابوں کی ان کے مشتاقوں کا حسرت میں تڑپنا دیکھو

غور سے سن تو رضاؔ کعبہ سے آتی ہے صدا میری آنکھوں سے میرے پیارے کا روضہ دیکھو

زینت کعبہ میں تھا لاکھ عروس کا بناؤ جلوہ فرما یہاں کونین کا دولہا دیکھو

☆☆☆☆☆

**حقیقت میں وہ لطف زندگی پایا نہیں کرتے جو یاد مصطفیٰ ﷺ سے دل کو بہلایا نہیں کرتے**

زبان پر شکوہ رنج والم لایا نہیں کرتے نبی ﷺ کے نام لیوا غم سے گھبرایا نہیں کرتے

یہ در ہے میرے آقا کا یہاں ملتا ہے بن مانگے ارے ناداں یہاں دامن کو پھیلایا نہیں کرتے

یہ دربار محمد ﷺ ہے یہاں اپنوں کا کیا کہنا یہاں سے خالی ہاتھ غیر بھی جایا نہیں کرتے

ارے اونا سمجھ قربان ہو جا ان کی چوکھٹ پر یہ لمحے زندگی میں بار بار آیا نہیں کرتے

اگر ہو جذبہ کامل تو اکثر ہم نے دیکھا ہے وہ خود تشریف لاتے ہیں کسی کو تڑپایا نہیں کرتے

جو انکے دامن رحمت سے وابستہ ہیں حامدؔ کسی کے سامنے وہ ہاتھ پھیلایا نہیں کرتے

☆☆☆☆☆

**خسروی اچھی لگی نہ سروری اچھی لگی ہم فقیروں کو مدینے کی گلی اچھی لگی**

دور تھے تو زندگی بے رنگ تھی بے کیف تھی ان کے کوچے میں گئے تو زندگی اچھی لگی

میں نہ جاؤں گا کہیں بھی در نبی ﷺ کا چھوڑ کر مجھ کو کوئے مصطفیٰ ﷺ کی چاکری اچھی لگی

ناز کر تو اے حلیمہ سرور کونین ﷺ پر گر لگی اچھی تو تیری جھونپڑی اچھی لگی

رکھ دیئے سرکار کے قدموں میں سلطانوں نے سر سرور کونین کو ایوبؓ کی سادگی اچھی لگی

Marfat.com

مہر و ماہ کی روشنی مانا کہ اچھی ہے مگر — سبز گنبد کی مجھے تو روشنی اچھی لگی

آج محفل میں نیازی نعت جو میں نے کہی — عاشقان مصطفیٰ ﷺ کو وہ بڑی اچھی لگی

والہانہ ہو گئے جو تیرے قدموں پہ نثار — حق تعالیٰ کو ان کی ادا بڑی اچھی لگی

☆☆☆☆☆

**خدا کا ذکر کرے ذکر مصطفیٰ ﷺ نہ کرے — ہمارے منہ میں ہو ایسی زباں خدا نہ کرے**

در مصطفیٰ ﷺ پہ ایسا کبھی نہیں دیکھا — کوئی سوال کرے اور وہ عطا نہ کرے

مدینے جا کے نکلنا نہ شہر سے باہر — خدانخواستہ یہ زندگی وفا نہ کرے

اسیر جس کو بنا رکھیں وہ مدینے میں — تمام عمر وہ رہائی کی دعا نہ کرے

کہا خدا نے شفاعت کی بات محشر میں — میرا حبیب ﷺ کرے کوئی دوسرا نہ کرے

نبی ﷺ کے قدموں میں جس دم غلام کا سر ہو — قضا سے کہنا وہ اک بھی لحمہ قضا نہ کرے

شعور نعت بھی اور زباں بھی ہو ادیب — وہ آدمی نہیں جو ان کا حق ادا نہ کرے

☆☆☆☆☆

**در پہ بلاؤ مکی مدنی بگڑی بناؤ مکی مدنی — آقا دید تیری ہو عید میری دید کراؤ مکی مدنی**

آقا ﷺ محشر میں ہو لب پہ میرے — مجھ کو بچاؤ یا مکی مدنی ﷺ

آقا ﷺ برسوں سے اکھیاں ترسیں — جلوہ دکھاؤ یا مکی مدنی ﷺ

آقا ﷺ اپنے نواسوں کا صدقہ — دکھڑے مٹاؤ یا مکی مدنی ﷺ

آقا ﷺ گنبد خضریٰ کے سائے تلے — مجھ کو سلاؤ یا مکی مدنی ﷺ

آقا عاصی گناہوں میں ڈوبا ہوا ہے — جیسا ہے نبھاؤ یا مکی مدنی ﷺ

آقا ﷺ آرزو ہے میرے سینے میں — دم نکلے تو مدینے میں مدد کو آؤ یا مکی مدنی

یا رسول اللہ ﷺ میری بگڑی بناؤ — یا حبیب اللہ در پہ بلاؤ یا مکی مدنی ﷺ

Marfat.com

**درد و آلام کے مارے ہوئے کیا دیتے ہیں — ہم تو بس ان کی نگاہوں کو دعا دیتے ہیں**

بندہ بنتا ہے خدا کا تو بن گدا ان کا — جو گداؤں کو شہنشاہ بنا دیتے ہیں

اللہ اللہ کئے جانے سے تو اللہ نہ ملے — اللہ والے ہیں جو اللہ سے ملا دیتے ہیں

عقل والوں کے نصیبوں میں کہاں ذوقِ جنوں — عشق والے ہیں جو ہر چیز لٹا دیتے ہیں

جو بھی مجرم میری سرکار کے دامن میں چھپے — عرش والے اسے جنت کی سزا دیتے ہیں

یاد آتی ہے مدینے کی ظہوری جو نہی — غم کے مارے ہوئے اشک بہا دیتے ہیں

☆☆☆☆☆

**درود پڑھ کر اگر کوئی ابتدا نہ کرے — اسے چاہئے کہ پھر ذکر مصطفیٰ ﷺ نہ کرے**

زباں وہ کسی مومن کی ہو نہیں سکتی — ذکر خدا کرے ذکر مصطفیٰ ﷺ نہ کرے

چراغ حبِ نبی ﷺ کر کے دیکھیں روشن — مجال کیا ہے حفاظت جو پھر ہوا نہ کرے

دیا ہے درس یہ طائف میں سرور دین نے — کسی کے حق میں کوئی شخص بد دعا نہ کرے

شاہِ اُمم ﷺ کی غلامی دلیل آزادی — غلام کیا جو غلامی کا حق ادا نہ کرے

درود پڑھ کر اگر کوئی ابتدا نہ کرے — اسے چاہئے کہ پھر ذکر مصطفیٰ ﷺ نہ کرے

☆☆☆☆☆

**دل جس سے زندہ ہے وہ تمنا تم ہی ہو — ہم جس میں بس رہے ہیں وہ دنیا تم ہی تو ہو**

پھوٹا جو سینہ شب تار الست سے — اس نورِ اولین کا اجالا تم ہی تو ہو

سب کچھ تمہارے واسطے پیدا کیا گیا — سب غایتوں کی غایت اولیٰ تم ہی تو ہو

جو ماسوا کی حد سے بھی آگے گزر گیا — وہ راہ نورد جادہ تم ہی تو ہو

گرتے ہوؤں کو تھام لیا جس کے ہاتھ نے — وہ تاجدارِ یثرب و بطحا تم ہی تو ہو

جلتے ہیں جبرائیل کے پر جس مقام پر — اس کی حقیقتوں کے شناسا تم ہی تو ہو

Marfat.com

**دل مدینہ بنا لیا میں نے**
**ان کو دل میں بسا لیا میں نے**

مل گئے وہ تو پھر کمی کیا ہے
ہر دو عالم کو پا لیا میں نے

ان کے جلووں کی دید کے صدقے
لطف معراج پا لیا میں نے

ان کے دامن سے ہو کے وابستہ
سب سے دامن چھڑا لیا میں نے

ان کو ملنا سکندر ا لیا ہے
جیسے خالق کو پا لیا میں نے

دل مدینہ بنا لیا میں نے
ان کو دل میں بسا لیا میں نے

☆☆☆☆☆

**دل میں ہو یاد تیری گوشہ تنہائی ہو**
**پھر تو خلوت میں عجب انجمن آرائی ہو**

آستانے پر تیرے سر ہو اجل آئی ہو
اور جان جہاں تو بھی تماشائی ہو

اس کی قسمت پہ فدا تخت شاہی کی راحت
خاک طیبہ پہ جسے چین کی نیند آئی ہو

آج جو عیب کسی پہ کھلنے نہیں دیتے
کب وہ چاہیں گے مری حشر میں رسوائی ہو

یہی منظور تھا قدرت کو کہ سایہ نہ بنے
ایسے یکتا کے لئے ایسی ہی یکتائی ہو

کبھی ایسا نہ ہوا کہ ان کے کرم کے صدقے
ہاتھ پھیلانے سے پہلے بھیک نہ آئی ہو

بند جب اجل سے ہوں حسن کی آنکھیں
اس کی نظروں میں تیری جلوہ نمائی ہو

☆☆☆☆☆

**رحمت کا ہے دروازہ کھلا مانگ ارے مانگ**
**دیتا ہے کرم انکا صدا مانگ ارے مانگ**

آ جائے گا طیبہ سے بلاوہ کسی روز
ہر وقت مدینے کی دعا مانگ ارے مانگ

بھر جائے گا کشکول مرادوں سے ترا بھی
بن میرے آقا ﷺ کا گدا مانگ ارے مانگ

گلشن تیری امید کا کھل جائے گا اے دوست
سرکار ﷺ کے کوچے کی ہوا مانگ ارے مانگ

سرکار ﷺ کو سرکار ﷺ سے مانگوں گا نیازی
جس وقت بھی آقا نے کہا مانگ ارے مانگ

Marfat.com

**راتیں بھی مدینے کی باتیں بھی مدینے کی**
**جینے میں یہ جینا ہے کیا بات ہے مدینے کی**

عرصہ ہوا طیبہ کی گلیوں سے جو گزرے تھے
اس وقت بھی گلیوں میں خوشبو ہے پسینے کی

تعریف کے لائق الفاظ نہیں ملتے
تعریف کرے کوئی کس طرح مدینے کی

وہ اپنی نگاہوں سے مستانہ بناتے ہیں
زحمت بھی نہیں دیتے مےخوار کو پینے کی

یہ زخم ہے طیبہ کا جو سب کو نہیں ملتا
کوشش نہ کرے کوئی اس زخم کو سینے کی

ہر سال بلانے کا اک راز ہے یہ میرا
سرکار ﷺ بناتے ہیں تقدیر کمینے کی

ٹھنڈی ٹھنڈی ہوا مدینے کی مہکی مہکی فضا مدینے کی
چھاؤں تو ہر جگہ ٹھنڈی، پر دھوپ بھی دلربا مدینے کی

☆☆☆☆☆

**رحمت دو جہاں حامی بیکساں**
**شاہ کون و مکاں وہ کہاں میں کہاں**

سرور سروراں رہبر رہبراں
تاجدار شاہاں وہ کہاں میں کہاں

ان کی خوشبو سے مہکے چمن در چمن
تذکرے آپ کے انجمن انجمن

چاند کی چاندنی تاروں کی روشنی
ان کے رخ سے عیاں وہ کہاں میں کہاں

کس طرح کہاں سے کروں ابتدا
ان کے اوصاف کی ہے کہاں انتہا

ان کا رتبہ ہے کیا خود ہی جانے خدا
کیا کروں میں بیاں وہ کہاں میں کہاں

وہ نہ ہوتے تو کچھ بھی نہ ہوتا یہاں
ان کے ہونے سے ہے سب کا نشاں

یہ زمین و آسماں یہ مکان لامکاں
سارے ان کے مکاں وہ کہاں میں کہاں

عمر گزرے میری ذکر سرکار میں
جاؤں ان کے ظہور کی جو دربار میں

آخری سانس لوں نعت پڑھتا رہوں
ختم ہو گی یہاں وہ کہاں میں کہاں

☆☆☆☆☆

Marfat.com

زہے عزت و اعتلائے محمد ﷺ — کہ ہے عرشِ حق زیرِ سایہ محمد ﷺ
خدا کی رضا چاہتے ہیں دو عالم — خدا چاہتا ہے رضائے محمد ﷺ
دمِ نزع جاری ہو میری زباں — محمد ﷺ محمد ﷺ خدائے محمد ﷺ
عصائے کلیم اژدہائے غضب تھا — گِروں کا سہارا عصائے محمد ﷺ
میں قربان کیا پیاری پیاری ہے نسبت — یہ آنِ خدا وہ خدائے محمد ﷺ
رضاؔ پل سے اب وجد کرتے گزریئے — کہ رب سلم صدائے محمد ﷺ
عجب کی جا ہے کہ فردوس اعلیٰ — بنائے خدا اور بسائے محمد ﷺ
تماشا تو دیکھو کہ دوزخ کی آتش — لگائے خدا اور بجھائے محمد ﷺ

☆☆☆☆☆

زمیں میلی نہیں ہوتی زمن میلا نہیں ہوتا — محمد ﷺ کے غلاموں کا کفن میلا نہیں ہوتا
محبت کملی والے سے وہ جذبہ ہے سنو لوگو — یہ جس من میں سما جائے وہ من میلا نہیں ہوتا
نبی ﷺ کے پاک لنگر پر جو پلتے ہیں کبھی — انکی زبان میلی نہیں ہوتی سخن میلا نہیں ہوتا
گلوں کو چوم لیتے ہیں سحر نم شبنمی قطرے — نبی کی نعت سن لے تو چمن میلا نہیں ہوتا
جو نام مصطفیٰ چومے نہیں دکھتی کبھی آنکھیں — پہن لے جو پیاران کا بدن میلا نہیں ہوتا
تاجوری میں جو رکھا ہے سیاہی آ ہی جاتی ہے — بٹے جو نام پہ ان کے وہ دھن میلا نہیں ہوتا
میں نازاں تو نہیں فن پر مگر ناصر یہ دعویٰ ہے — ثنائے مصطفیٰ کرنے سے فن میلا نہیں ہوتا

☆☆☆☆☆

Marfat.com

**زندگی حقیقت میں اس نے پائی ہے**
**مصطفیٰؐ کے کوچے میں جس کو موت آئی ہے**

مجھ کو میرے مرشد نے جو بات یہ بتائی ہے
جو مصطفیٰؐ کا ہو جائے اسکی کل خدائی ہے

اس کی رب نے قسمت جگائی ہے
جس کو خواب میں صورت آپ نے دکھائی ہے

رکھ لیا بھرم تیرا آمنہ کے جائے نے
ناز کر حلیمہ تو، کہ تو مصطفیٰ ﷺ کی دائی ہے

ہوش مجھ کو ہاروںؔ اب حشر تک نہ آئے گا
ساقی مدینہ ﷺ نے کچھ ایسی پلائی ہے

☆☆☆☆☆

**سب سے اعلیٰ و اولیٰ ہمارا نبیؐ**
**سب سے بالا و اعلیٰ ہمارا نبیؐ**

اپنے مولیٰ کا پیارا ہمارا نبیؐ
دونوں عالم کا دولہا ہمارا نبیؐ

بجھ گئیں جس کے آگے سبھی مشعلیں
شمع وہ لے کر آیا ہمارا نبیؐ

خلق سے اولیاء اولیاء سے رسل
اور رسولوں سے اعلیٰ ہمارا نبیؐ

جس کے تلووں کا دھون ہے آب حیات
ہے وہ جان مسیحا ہمارا نبیؐ

قرنوں بدلی رسولوں کی ہوتی رہی
چاند بدلی سے نکلا ہمارا نبیؐ

کیا خبر کتنے تارے کھلے چھپ گئے
پر نہ ڈوبا نہ ڈوبے ہمارا نبیؐ

کون دیتا ہے دینے کو منہ چاہیئے
دینے والا ہے سچا ہمارا نبیؐ

ملک کونین میں انبیاء تاجدار
تاجداروں کا آقا ہمارا نبیؐ

جس کی دو بوند ہیں کوثر و سلسبیل
ہے وہ رحمت کا دریا ہمارا نبیؐ

غمزدوں کو رضاؔ مژدہ دیجئے کہ ہے
بے کسوں کا سہارا ہمارا نبیؐ

☆☆☆☆☆

Marfat.com

**سبحان اللہ، سبحان اللہ، سبحان اللہ، سبحان اللہ**

ہے رخ مصطفٰے صلّے علیٰ سبحان اللہ، سبحان اللہ
ولیل زلف، والضحےٰ چہرہ سبحان اللہ، سبحان اللہ
کالی کملی نبی والشمس جبیں نہیں کوئی نہیں، کوئی ماہ جبیں
چاند چودھویں رات کا ہے طٰہٰ سبحان اللہ، سبحان اللہ
دانتوں کی چمک جیسے بجلی مکی مدنی نبی اللہ
مسکرا کے آقا دیو جلوہ دیکھا سبحان اللہ، سبحان اللہ
سخن شیریں بیاں کرے صفت جہاں خوش خلق نمل مت پہ مہرباں
لولاک لما ہے رب نے کہا سبحان اللہ، سبحان اللہ
ہے رخ مصطفٰے چہرہ وجہ اللہ مصطفٰے کا کلام ہے کلام اللہ
ہے دیدار نبی ﷺ جلوہ خدا سبحان اللہ، سبحان اللہ
سوہنا تاج شاہی سر پر سجا قاب قوسین ملے اوپر عرش علیٰ
مازاغ البصر دیکھا عین اللہ سبحان اللہ، سبحان اللہ
ہے امتِ محمد ﷺ خیر الامم پڑھکر دیکھو سہی قرآن ذرا
دونوں عالم میں ہے جس کا بول بالا سبحان اللہ، سبحان اللہ
آپ نور ہیں واللہ نور خدا وہی محمد کو ہوا آقا ﷺ جلوہ عطا
تیری دید بھی آقا ﷺ دیدار خدا سبحان اللہ، سبحان اللہ

☆☆☆☆☆

Marfat.com

**سب مدینے کو گئے ہم رہ گئے**
**اشک آنکھوں سے ہماری بہہ گئے**

کب مدینے میں بلاؤ گے یا نبی ﷺ
سوچتے سوچتے ہم رہ گئے

قافلے سارے مدینے پہنچ گئے
ہائے حسرت ہم یہاں کیوں رہ گئے

ہے عبادت یاد تیری یا نبی ﷺ
نقش تیرے، میرے دل میں رہ گئے

خوش نصیبی ان کی جو پہنچ گئے
بدنصیبی ہے ہماری کہ ہم رہ گئے

کب لگاؤں گا میں سینے سے جالی پاک
دل کے ارماں دل میں رہ گئے

سب مدینے کو گئے ہم رہ گئے
اشک آنکھوں سے ہماری بہہ گئے

☆☆☆☆☆

**سوچتا ہوں وہ گھڑی کیا عجب گھڑی ہوگی**
**جب در نبیؐ پہ ہم سب کی حاضری ہوگی**

آرزو ہے سینے میں گھر بنے مدینے میں
ہو کرم جو بندے پر بندہ پروری ہوگی

کبریا کے جلوؤں سے کیا سماں بندھا ہوگا
محفل نبی ﷺ جس دم عرش پہ سجی ہوگی

سو کھلیں گے اس کی رحمت کے دروازے
نعت مصطفٰے ﷺ جس نے بھی سنی ہوگی

بات کیا ہے باد صبا اتنی کیوں معطر ہو
سبز سبز گنبد کو چوم کر چلی ہوگی

نام مصطفٰے کی قسم پرسکوں ہوں میں اب تک
تم بھی نام لو ان کا گھر میں روشنی ہوگی

☆☆☆☆☆

Marfat.com

**سرکار کی آمد مرحبا، دلدار کی آمد مرحبا**    **منٹھار کی آمد مرحبا، رہبر کی آمد مرحبا**

مبارک ہو حبیب رب اکبر آنے والا ہے    مبارک ہو انبیا کا افسر آنے والا ہے

مرحبا یا مصطفےٰ ﷺ، مرحبا یا مصطفےٰ ﷺ

مبارک ہو بدنصیبوں کو مبارک ہو غریبوں کو    جہاں میں بے بسوں کا سایہ آنے والا ہے

مرحبا یا مصطفےٰ ﷺ، مرحبا یا مصطفےٰ ﷺ

مبارک ہو تجھ کو حلیمہ سعدیہؓ تجھ کو مبارک    تیری گود میں کل عالم کا سردار آنے والا ہے

مرحبا یا مصطفےٰ ﷺ، مرحبا یا مصطفےٰ ﷺ

اٹھاؤ سبز پرچم اور چلو سب آمنہؓ کے گھر آج    لٹانے رحمتیں حق کا پیغمبر آنے والا ہے

مرحبا یا مصطفےٰ ﷺ، مرحبا یا مصطفےٰ ﷺ

☆☆☆☆☆

**شاہ مدینہ طیبہ کے والی سارے نبی تیرے در کے سوالی**

جلوے ہیں سارے تیرے ہی دم سے آباد عالم تیرے کرم سے

باقی ہر اک شئے ہے نقشِ خیالی سارے نبی تیرے در کے سوالی

شاہ مدینہ شاہ مدینہ

تیرے لئے ہی دنیا بنی ہے نیلے فلک کی چادر تنی ہے

تو اگر نہ ہوتا تو دنیا تھی خالی سارے نبی تیرے در کے سوالی

شاہ مدینہ شاہ مدینہ

قدموں میں تیرے عرش بریں ہے تجھ سا جہاں میں کوئی نہیں ہے

کاندھے پر پھر بھی کملی ہے کالی سارے نبی تیرے در کے سوالی

شاہ مدینہ شاہ مدینہ

Marfat.com

مذہب ہے تیرا سب کی بھلائی مسلک ہے تیرا مشکل کشائی
دیکھ اپنی امت کی خستہ حالی سارے نبی تیرے در کے سوالی

شاہ مدینہ شاہ مدینہ

ہے نور تیرا شمس و قمر میں تیرے لبوں کی سرخی سحر میں
پھولوں نے تیری خوشبو چرالی سارے نبی تیرے در کے سوالی

شاہ مدینہ شاہ مدینہ

تو نے جہاں کی محفل سجائی تاریکیوں میں شمع جلائی
ہر سمت چھائی رات کالی سارے نبی تیرے در کے سوالی

شاہ مدینہ شاہ مدینہ

☆☆☆☆☆

صلے علیٰ نبینا صلِ علیٰ محمد — صلے علیٰ شفیعنا صلِ علیٰ محمد
وردِ زباں پہ رکھ دیا — عقدہ کشا ہے یہ دعا
صلے علیٰ نبینا صلِ علیٰ محمد — صلے علیٰ شفیعنا صلِ علیٰ محمد
ہوگا جس گھڑی حساب — پیش کروں گا میں شتاب
عشق جنابِ مصطفےٰ — صلے علیٰ نبینا صلِ علیٰ محمد
صلے علیٰ نبینا صلِ علیٰ محمد — صلے علیٰ شفیعنا صلِ علیٰ محمد
دل کی سیاہی دور ہو — سینہ صفا پر نور ہو
جس کا وظیفہ ہو گیا — صلے علیٰ نبینا صلِ علیٰ محمد
صلے علیٰ نبینا صلِ علیٰ محمد — صلے علیٰ شفیعنا صلِ علیٰ محمد
شکرِ خدا احمدی — ہم کو بنایا امتی

Marfat.com

اور کس کو ملا یہ مرتبہ — صَلِّ عَلٰی نَبِیِّنَا صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ
صَلِّ عَلٰی نَبِیِّنَا صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ — صَلِّ عَلٰی شَفِیْعِنَا صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ
عطر و گلاب سے منہ کو دھو — حب نبی کی دل میں ہو
ہر دم زباں سے یوں کہو — صَلِّ عَلٰی نَبِیِّنَا صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ
صَلِّ عَلٰی نَبِیِّنَا صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ — صَلِّ عَلٰی شَفِیْعِنَا صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ

☆☆☆☆☆

**طیبہ کی ہے یاد آئی اب اشک بہانے دو — محبوب نے آنا ہے راہوں کو سجانے دو**

جو چاہے سزا دینا محبوب ﷺ کے دربانو — اک بار تو جالی کو سینے سے لگانے دو
مشکل ہے اگر میرا طیبہ میں ابھی جانا — اے باد صبا میری آہوں کو تو جانے دو
گنبد خضریٰ کی زیارت سے مجھے روکنے والو — اللہ کے پیارے کو کچھ حال سنانے دو
اشکوں کی لڑی کوئی اب ٹوٹنے نہ پائے — آقا ﷺ کے لئے مجھ کو کچھ ہار بنانے دو
میں تیری زیارت کے قابل تو نہیں مانا — یادوں کو شہا اپنے خوابوں میں سجانے دو
آقا ﷺ کے لئے ایسے الفاظ کہاں صائم — اشکوں کی زبانی اب اک نعت سنانے دو

☆☆☆☆☆

**عاصیو کرنا نہ غم آقا ﷺ رکھ لیں گے بھرم — اُن ﷺ کے دربار پہ چلو تم بڑھا کے قدم**

کملی کاندھے پہ دھری جھولی منگتوں کی بھری — کیوں نہ پڑھیں صلے علیٰ سوہنے احمد ﷺ کا کرم
ہے جو خالق کی رضا اصل میں تیری ادا — غم نہ کر تو ذرا آ گئے شاہ امم ﷺ
اے میرے سرور دین آپ سا کوئی نہیں حسیں — دونوں عالم میں نہیں حسن یوسفؑ کی قسم
عاصیؔ عرض کرے آپ کے قدموں میں مرے — دیکھ لے روضہ آپ کا پھر ہی نکلے مرا دم

☆☆☆☆☆

Marfat.com

عجب رنگ پہ ہے بہار مدینہ کہ سب جنتیں ہیں نثار مدینہ
مبارک رہے عندلیبو تمہیں گل ہمیں گل سے بہتر ہے خار مدینہ
ملائیک لگاتے ہیں آنکھوں میں اپنی شب و روز خاک مزار مدینہ
رہیں ان کے جلوے بسیں انکے جلوے میرا دل بنے یادگار مدینہ
میری خاک یارب نہ برباد جائے پس مرگ کردے غبار مدینہ
جدھر دیکھیے باغ جنت کھلا ہے نظر میں ہے نقش و نگار مدینہ
شرف جن کو حاصل ہوا انبیا کا وہی ہیں حسن افتخار مدینہ

☆☆☆☆☆

فلک کے نظارو زمیں کی بہارو
سب خوشیاں مناؤ حضور ﷺ آگئے ہیں

اٹھو غم کے مارو چلو بے سہارو
خبر یہ سناؤ حضور ﷺ آگئے ہیں

انوکھا نرالا وہ ذیشان آیا
وہ سارے رسولوں کا سلطان آیا

ارے بادشاہو اے کجکلاہو
نگاہیں جھکاؤ حضور ﷺ آگئے ہیں

ہوا چار سو رحمتوں کا بسیرا
اجالا اجالا سویرا سویرا

حلیمہؓ کو پہنچی خبر آمنہؓ کی
میرے گھر میں آؤ حضور ﷺ آگئے ہیں

ہواؤں میں جذبات ہیں مرحبا کے
فضاؤں میں نغمات صلے علیٰ کے

درودوں کے گجرے سلاموں کے تحفے
غلامو سجاؤ حضور ﷺ آگئے ہیں

سماں ہے ثناء حبیب خدا کا
یہ میلاد ہے سرور انبیا ﷺ کا

نبی ﷺ کے گداؤ سب ایک دوسرے کو
گلے سے لگاؤ حضور ﷺ آگئے ہیں

کہاں میں ظہوری کہاں انکی باتیں
کرم ہی کرم یہ دن اور راتیں

جہاں پہ بھی جاؤ دلوں کو جگاؤ
یہی کہتے جاؤ حضور ﷺ آگئے ہیں

Marfat.com

فضلِ ربّ العلےٰ اور کیا چاہئے — مل گئے مصطفیٰ ﷺ اور کیا چاہئے
دامنِ مصطفیٰ جس کے ہاتھوں میں ہے — اسکو روزِ جزا اور کیا چاہئے
سبز گنبد نگاہوں میں آنے لگا — حاضری کا صلہ اور کیا چاہئے
بھیک کے ساتھ ان کے دربار سے — مل رہی ہے دعا اور کیا چاہئے
یہ جبیں اور ریاض الجناں کی زمیں — اب قضا کے سوا اور کیا چاہئے
ہے سکندرؔ ثناء خواں شاہ امم ﷺ — عزت و مرتبہ اور کیا چاہئے

☆☆☆☆☆

قطرہ مانگے جو کوئی تو اسے دریا دے — مجھ کو کچھ اور نہ دے اپنی تمنا دے دے
وہ جو آسودگی چاہیں انہیں آسودہ کر — بے قراری کی لطافت مجھے تنہا دے دے
میں اس اعزاز کے لائق تو نہیں ہوں لیکن — مجھ کو ہمسائیگی گنبدِ خضریٰ دے دے
غم تو اس دور کی قسمت میں لکھیں ہیں مگر — مجھ کو ہر غم سے نمٹ لینے کا یارا دے دے
تب سمیٹوں میں تیرے ابرِ کرم کے موتی — میرے دامن کو جو تو وسعتِ صحرا دے دے
تیری رحمت کا اعجاز نہیں تو کیا ہے — قدم اٹھیں تو زمانہ مجھے رستہ دے دے
جب بھی تھک جائے محبت کی مسافت میں ندیمؔ — تب تیرا حسن بڑھے اور سنبھالا دے دے

☆☆☆☆☆

Marfat.com

**قربان میں انکی بخشش پہ کہ مقصد بھی زباں پہ آیا نہیں**

بن مانگے دیا اور اتنا دیا کہ دامن میں ہمارے سمایا نہیں
آواز کرم دیتا ہی رہا تھک ہار گئے لینے والے
منگتوں کی ہمیشہ لاج رکھی محروم کبھی لوٹایا نہیں
ایمان ملاان کے صدقے قرآن ملاان کے صدقے
رحمان ملاانکے صدقے وہ کیا ہے جو ہم نے پایا نہیں
وہ رحمت کیسی ہے یارو مفہوم سمجھ لو رحمت کا
اس کو بھی گلے سے لگایا جسے اپنا کسی نے بنایا نہیں
بس غار حرا کی خلوت ہو یا جلوت قربت
سرکار نے امت کو اپنی رکھا ہے یاد بھلایا نہیں
شفقت کا بھرم بھی تم سے ہے رحمت کا بھرم بھی تم سے
ٹھکرائے ہوئے انسانوں کو تم نے تو کبھی ٹھکرایا نہیں
اس محسن اعظم کے یوں تو خالد پہ ہزاروں احسان ہیں
قربان مگر اس احسان پہ کہ احسان بھی تو جتلایا نہیں

☆☆☆☆☆

**کرم آج بالائے بام آگیا ہے**
**زباں پہ محمد ﷺ کا نام آگیا ہے**

جہاں چھڑ گیا ذکر شاہِ مدینہ ﷺ
لبوں پہ درود و سلام آگیا ہے
میرے پاس کچھ بھی نہ تھا روزِ محشر
نبی ﷺ کا وسیلہ کام آگیا ہے
درودوں کی بارش ہے کون ومکاں میں
کہ آج انبیاءؑ کا امام آگیا ہے
مزاتب ہے کہ سرکار محشر میں کہہ دیں
وہ دیکھو ہمارا غلام آگیا ہے

Marfat.com

**کرم مانگتے ہیں دعا مانگتے ہیں — مدینے کو جائیں دعا مانگتے ہیں**

مدینے کے والی مدینے بلا لو — مدینے میں تھوڑی جگہ مانگتے ہیں
ہے شہر مدینہ دو عالم سے پیارا — جو مسکن بنا حبیب خدا ﷺ کا
ہیں اہل مدینہ ہمیں جان سے پیارے — مدینہ مدینہ سدا مانگتے ہیں
جلاتی ہیں فرقت کی کالی گھٹائیں — رعناتی ہیں طیبہ کی رنگین فضائیں
دل مضطرب کو کہاں چین آئے — مدینہ کی ٹھنڈی ہوا مانگتے ہیں
نبیوں کے دولہا حبیب خدا ہیں — وہ امتوں کے پیشوا ہیں
زمانے میں انکی محبت عطا ہو — پس مرگ ان کی شفاعطا مانگتے ہیں
کلام خدا ہے کلام محمد ﷺ — سلام خدا ہے سلام محمد ﷺ
محمدؐ کی صورت میں حق جلوہ گر ہے — محمد ﷺ محمد ﷺ خدا مانگتے ہیں
الٰہی یہ ظاہر ہے فردیگانہ — ہے بندہ تیرا نبی ﷺ کا دیوانہ
دیوانے چلے ہیں جو طاہر کے ہمراہ — نگاہ حبیب خدا ﷺ مانگتے ہیں
تیرے آستانہ پہ جو کوئی جا رہا ہے — وہ اپنے مقدر کو چمکا رہا ہے
الٰہی دِکھا دے جیلانی کو طیبہ — مدینے میں ہم گھومنا مانگتے ہیں

☆☆☆☆☆

**کملی والے تو طلب سے سوا دیتے ہیں — آئے منگتا تو وہ سلطان بنا دیتے ہیں**

دیکھے کوئی تو صدا دے کے میرے آقا کو — پل میں بگڑی ہوئی تقدیر بنا دیتے ہیں
کوئی آ جائے گر جرموں پہ نادم ہو کر — کملی والے اسے کملی میں چھپا لیتے ہیں
یاد کرے جو کوئی دل میں میرے آقا کو — طیبہ والے اسے طیبہ میں بلا لیتے ہیں
خلق ایسا تو کسی اور نے پایا نہیں — دشمن آ جائے تو چادر بھی بچھا دیتے ہیں

Marfat.com

**کچھ نہیں مانگتا شاہوں سے یہ منگتا تیرا**
**اس کی دولت ہے فقط نقش پا تیرا**

لوگ کہتے ہیں کہ سایہ تیرے پیکر کا نہ تھا
میں تو کہتا ہوں جہاں بھر پہ ہے سایہ تیرا

دستگیری میری تنہائی میں تو نے ہی تو کی
میں تو مر جاتا اگر ساتھ نہ ہوتا تیرا

اک بار اور بھی طیبہ سے فلسطین میں آ
رستہ دیکھتی ہے پھر مسجد اقصیٰ تیرا

اب بھی ظلمات فروشوں کو گلہ ہے تجھ سے
رات باقی تھی کہ سورج نکل آیا تیرا

مشرق و مغرب میں بکھرے ہوئے گلزاروں کو
نکہتیں بانٹتی ہیں آج بھی صحرا تیرا

پورے قد سے کھڑا ہوں تو یہ تیرا ہے کرم
مجھ کو جھکنے نہیں دیتا سہارا تیرا

کچھ نہیں سوجھتا جب پیاس کی شدت سے مجھے
چھلک اٹھتا ہے میری روح میں مینا تیرا

تیرے ٹکڑوں پہ پلے غیر کی ٹھوکر پہ نہ ڈال
جھڑکیاں کھائیں کہاں چھوڑ کے صدقہ تیرا

☆☆☆☆☆

**کھلا ہے سبھی کے لئے باب رحمت**
**وہاں کوئی رتبے میں ادنیٰ نہ اعلیٰ**

مرادوں سے دامن نہیں کوئی خالی
قطاریں لگائے کھڑے ہیں سوالی

میں پہلے پہل جب مدینے گیا تھا
تو تھی دل کی حالت تڑپ جانے والی

وہ دربار سچ مچ میرے سامنے تھا
ابھی تک تصور رتھا جس کا خیالی

میں ایک ہاتھ سے دل سنبھالے ہوئے تھا
تو تھی دوسرے ہاتھ میں روضے کی جالی

دعا کے لئے ہاتھ اٹھتے تو کیسے
نہ یہ ہاتھ خالی نہ وہ ہاتھ خالی

جو پوچھا ہے تم نے کہ میں نظر کرنے کو
کیا لے گیا تھا تو تفصیل سے سن لو

تھا نعتوں کا اک ہار اشکوں کے موتی
درودوں کے گجرے سلاموں کی ڈالی

کھلا ہے سبھی کے لئے باب رحمت
وہاں کوئی رتبے میں ادنیٰ نہ عالی

☆☆☆☆☆

Marfat.com

## کرم کی اک نظر ہم پہ خدارا یا رسول اللہ ﷺ

تم ہی ہو بے سہاروں کا سہارا یا رسول اللہ ﷺ

بنے بگڑی ہماری بھی ہم ہیں قسمت کے ماروں میں
تمہیں امت ہے پیاری اور تم اللہ کے پیاروں میں
بچالو لوٹنے سے دل ہمارا یا رسول اللہ ﷺ

غریبوں کے ہیں داتا بے کسوں کے آپ والی ہیں
محبت آپ کی ہے دل میں اور ہاتھ خالی ہیں
تمہی ہو بے کسوں کا سہارا یا رسول اللہ ﷺ

پکارا ہے آپ کو یا نبی ہم قسمت کے ماروں نے
آپؐ کے در پہ آ کے بھیک مانگی ہے بادشاہوں نے
ادھر بھی ہو اپنی رحمت کا اشارہ یا رسول اللہ ﷺ

☆☆☆☆☆

**کرم وہ کرتے گئے جدھر جدھر بھی گئے**
**کسی نے مانگا نہ مانگا وہ جھولیاں بھرتے گئے**

میں انکے در کی غلامی پہ کیوں نہ ناز کروں
سہارا ان کا رہا اور دن میرے گزرتے گئے

آپ کے روضہ اقدس کو جان کر کعبہ
نیاز مند تیرے سجدے پہ سجدے کرتے گئے

یہ انکی بندہ نوازی کا ہے کرشمہ
میرے نصیب تھے بگڑے مگر سنورتے گئے

محمد ﷺ عربی کے کرم کے کیا کہنے
شب معراج بھی امت کو یاد کرتے گئے

نگاہ ناز سے کرتے گئے مسیحائی
ڈبویا لاکھ غموں نے مگر ابھرتے گئے

جدھر جدھر سے بھی جس سمت سے بھی نبی گزرے
بشرِ نور سے سب راستے نکھرتے گئے

☆☆☆☆☆

Marfat.com

## کملی والے کو جس نے پکارا نہیں    اس کا روزِ حشر کو گزارہ نہیں

جس نے وقت علم تجھ کو یاد کیا    ہر مصیبت سے وہ مبرا ہوا
تیری رحمت کا کوئی کنارہ نہیں    کملی والے کو جس نے پکارا نہیں
تو ہے پیکر نورِ خدا یا حبیب    نور مانا نہ جس نے وہ ہے بدنصیب
نورا بلیس نے بھی پکارا نہیں    اس کا روزِ حشر گزارہ نہیں
تیری رحمت کے چشمے ہیں چاروں طرف    ہم پہ کیجئے رحم کی اک نظر
تیری رحمت کا کوئی کنارہ نہیں    کملی والے کو جس نے پکارا نہیں

☆☆☆☆☆

## کیا کیا بتاؤں کیا ہے سرکار کی گلی میں    ہر مرض کی دوا ہے سرکار کی گلی میں

آؤ گنہگارو میرے نبی ﷺ کے در پر    تمہیں ڈھونڈتی شفا ہے سرکار کی گلی میں
آیا سوالی جو بھی، خالی کبھی لوٹا نہیں    بن مانگے مل رہا ہے سرکار کی گلی میں
ذرا غور سے تو دیکھو سردار قدسیوں کا    بن کے کھڑا گدا ہے سرکار کی گلی میں
عرشی بھی آرہے ہیں فرشی بھی آرہے ہیں    میلا لگا ہوا ہے سرکار ﷺ کی گلی میں
وہ کربلا میں پہنچا دین نبی ﷺ کی خاطر    نازوں سے جو پلا ہے سرکار کی گلی میں
دل میں نبی کی یادیں لب پہ نبی کی نعتیں    جائیں گے ایک دن ہم بھی سرکار کی گلی میں
وقت نزع جب آئے سب کہہ رہے ہوں    کہ مستانہ مر گیا ہے سرکار کی گلی میں

☆☆☆☆☆

## کملی والے میں قربان تیرے نام پر    سب کی بگڑی بنانا تیرا کام ہے

ٹھوکریں کھا کے گرنا میرا کام ہے    ہر قدم پہ اٹھانا تیرا کام ہے
ساقیا جان قربان تیرے نام پر    ہو نگاہِ کرم اپنے خدام پر

Marfat.com

چھوڑ دی میں نے کشتی تیرے نام پر
اب کنارے لگانا تیرا کام ہے

ظلم جانوں پر جب بے بہا کر لئے
جرم عصیاں شاہا حد سے بڑھ گئے

تیرے مجرم تیرے در پہ حاضر ہوئے
اب انہیں بخشوانا تیرا کام ہے

پوری سرکار ﷺ سب کی تمنا کرو
ہر بھکاری کی داتا جی جھولی بھرو

دور طیبہ سے روتے تڑپتے ہم
ان کو در پہ بلانا تیرا کام ہے

تو نے قطروں کو دیکھا گوہر کر دیا
تو نے ذروں کو دیکھا تو زر کر دیا

تو نے حبشی کو رشک قمر کر دیا
الٹا سورج پھرانا تیرا کام ہے

فیض جاری تیرا تا قیامت رہے
تیری نبیوں پہ قائم امامت رہے

تیری چوکھٹ ہمیشہ سلامت رہے
کنز رحمت لٹانا تیرا کام ہے

کس سے جا کر شاہا دل کی حالت کہیں
کس سے جا کر یہ فریاد صائم کریں

تیری نعتیں سنانا میرا کام ہے
میری بگڑی بنانا تیرا کام ہے

☆☆☆☆☆

**کوئی سلیقہ ہے آرزو کا نہ بندگی میری بندگی ہے**

یہ سب تمھارا کرم ہے آقا کہ بات اب تک بنی ہوئی ہے

کسی کا احسان کیوں اٹھائیں کسی کو حالات کیوں بتائیں

تمہیں سے مانگیں تم ہی دو گے تمہارے در سے لو لگی ہے

تجلیوں کے کفیل تم ہو مراد قلب خلیل تم ہو

خدا کی روشن دلیل تم ہو یہ سب تمہاری ہی روشنی ہے

عمل کی میرے اساس کیا ہے بجز ندامت کے پاس کیا ہے

رہے سلامت تمہاری نسبت میرا تو اک آسرا یہی ہے

Marfat.com

عطا کیا مجھ کو درد الفت یہ کب تھی اس پر خطا کی قسمت
میں اس کرم کے کہاں تھا قابل حضور کی بندہ پروری ہے

بشیر کہیے نذیر کہیے انہیں سراج منیر کہیے
جو سر بہ سر ہے کلام ربی وہ میرے آقا ﷺ کی زندگی ہے

انہی کے در سے خدا ملا ہے انہی سے اس کا پتہ چلا ہے
وہ آئینہ جو خدا نما ہے جمال حسن حضور ہی ہے

یہی ہے خالد اساس رحمت یہی ہے خالد بنائے رحمت
نبی ﷺ کا عرفان زندگی ہے نبی ﷺ کا عرفان بندگی ہے

**گزر ہو جائے میرا بھی اگر طیبہ کی گلیوں میں — تو ساری زندگی کر دوں بسر طیبہ کی گلیوں میں**

ہوائیں رحمت حق کی وہاں چلتی ہیں شب و روز — برستا نور ہے شام و سحر طیبہ کی گلیوں میں
جدھر دیکھی اسی شمس الضحٰی کی روشنی دیکھی — جمال مصطفےٰ ﷺ نظر آیا طیبہ کی گلیوں میں
محمد مصطفےٰ ﷺ کے عشق میں ہر آنکھ پرنم ہے — یہ دیکھا ہے محبت کا اثر طیبہ کی گلیوں میں
درود ان پر سلام ان پر سلام ان پر درود ان پر — وظیفہ ہو یہی شام و سحر طیبہ کی گلیوں میں
فرشتے بھی ادب سے سر جھکائے ہیں وہاں راشد — میری بھی کیوں نہ جھک جائے نظر طیبہ کی گلیوں میں

☆☆☆☆☆

**لوح بھی تو قلم بھی تو تیرا وجود الکتاب — گنبد آبگینہ رنگ تیرے محیط میں حباب**

عالم آب و خاک میں تیرے ظہور سے فروغ — ذرہ ریگ کو دیا تو نے طلوع آفتاب
شوق تیرا اگر نہ ہو میری نماز کا امام — میرا قیام بھی حجاب میرا سجود بھی حجاب
تیری نگاہ ناز سے دونوں مراد پا گئے — عقل غیاب و جستجو عشق حضور و اضطراب
شوکت سنجر و سلیم تیرے جلال کی نمود — فقر جنید و بایزید تیرا جمال بے نقاب

Marfat.com

## لب پہ صلِ علیٰ کے ترانے اشک آنکھوں میں آئے ہوئے ہیں

یہ ہوا یہ فضا کہہ رہی ہے آقا ﷺ تشریف لائے ہوئے ہیں
جن کی خاطر یہ عالم بنایا اپنے گھر جن کو رب نے بلایا
اے حلیمہ تیرا یہ مقدر وہ تیرے گھر میں آئے ہوئے ہیں
عقل والے زمیں پر ہیں ششدر چاند ٹکڑے ہوا ہے فلک پر
ساری دنیا ہے محو نظارہ آپ ﷺ انگلی اٹھائے ہوئے ہیں
کیسے کہہ دوں وہ حاضر نہیں ہیں کیسے مانوں یہ ممکن نہیں ہے
اس سے بڑھ کر ثبوت اور کیا ہے وہ تصور میں آئے ہوئے ہیں
نام نبیوں کے بے شک بڑے ہیں عظمتوں کے نگینے جڑے ہیں
مقتدی بن کے پیچھے کھڑے ہیں وہ جو پہلے سے آئے ہوئے ہیں

☆☆☆☆☆

## لیا جب میں نے یہ نام محمد ﷺ بڑا لطف آیا سویرے سویرے

اٹھو خوش نصیبوں چلو سوئے مسجد کسی نے پکارا ہے اللہ اکبر
چلو چل کے مانگیں دعائیں عبادت کا ویلا سویرے سویرے
نماز محبت نیاز خدا ہے کہتا کملی والا میرا مصطفیٰ ﷺ ہے
ہوتے ہیں تارے تہجد کے ویلے عبادت کا ویلا سویرے سویرے
عرش پر گئے جب اندھیرے اندھیرے اللہ آ کہدا آجا محبوب میرے
سارے خزانے حوالے ہیں تیرے تو بخشش لٹا جا سویرے سویرے

☆☆☆☆☆

Marfat.com

## لب پہ نعت پاک کا نغمہ کل بھی تھا اور آج بھی ہے

میرے نبیؐ سے میرا رشتہ کل بھی تھا اور آج بھی ہے
پست وہ کیسے ہو سکتا ہے جس کو حق نے بلند کیا
دونوں جہاں میں انکا چرچا کل بھی تھا اور آج بھی ہے
اور کسی جانب کیوں جائیں اور کسی کو کیوں دیکھیں
اپنا سب کچھ گنبد خضریٰ کل بھی تھا اور آج بھی ہے
فکر نہیں ہے ہم کو کچھ بھی دکھ کی دھوپ کڑی تو کیا
ہم پہ ان کے فضل کا سایہ کل بھی تھا اور آج بھی ہے
بتلا دو گستاخِ نبی ﷺ کو غیرت مسلم زندہ ہے
دین پر مر مٹنے کا جذبہ کل بھی تھا اور آج بھی ہے

☆☆☆☆☆

## مانگتے ہیں کرم ان کا سدا مانگ رہے ہیں     دن رات مدینے کی دعا مانگ رہے ہیں

کم مانگ رہے ہیں نہ سوا مانگ رہے ہیں     جیسا غنی ہے ویسی عطا مانگ رہے ہیں
ہر نعمت کونین ہے دامن میں ہمارے     ہم صدقہ محبوب خدا مانگ رہے ہیں
یوں کھو گئے سرکار کے لطف و کرم میں     یہ بھی تو نہیں ہوش رہا کہ کیا مانگ رہے ہیں
سرکار کا صدقہ میری سرکار کا صدقہ     محتاج و غنی شاہ و گدا سبھی مانگ رہے ہیں
اب لاج تیرے ہاتھ میں ہے اے رحمت کونین     مدفن کو مدینے میں جگہ مانگ رہے ہیں
اسرار کرم کے فقط ان پر ہی کھلتے ہیں     جو تیرے وسیلے سے دعا مانگ رہے ہیں
اے درد محبت ابھی کچھ اور فزوں ہو     دیوانے تیرے تڑپنے کی دعا مانگ رہے ہیں

☆☆☆☆☆

Marfat.com

مجھ خطا کار سا انسان مدینے میں رہے — بن کے سرکار کا مہمان مدینے میں رہے

یاد آتی ہے مجھے مدینے والوں کی یہ بات — زندہ رہنا ہے تو انسان مدینے میں رہے

یوں ادا کرتے ہیں عشاق محبت کی نماز — سجدہ کعبے میں ہو اور دھیان مدینے میں رہے

دور رہ کے بھی اٹھاتا ہوں حضوری کے مزے — میں یہاں رہوں اور میری جان مدینے میں رہے

کتنی پیاری ہے یہ محبوب نوازی کی مثال — آپؐ مکے میں ہو اور قلمدان مدینے میں رہے

چھوڑ آیا ہوں دل و جان یہ کہہ کر اعظم — آ رہا ہوں میں بھی میرا سامان مدینے میں رہے

اللہ اللہ سرفرازی صحرائے حجاز — ساری مخلوق کا سلطان مدینے میں رہے

ان کی شفقت غم کونین بھلا دیتی ہے — جتنے دن بھی آپ کا مہمان مدینے میں رہے

☆☆☆☆☆

مجھے در پہ پھر بلانا مدنی مدینے والے — مے عشق بھی پلانا مدنی مدینے والے

میری آنکھوں میں سمانا مدنی مدینے والے — میرے دل کو بھی بسانا مدنی مدینے والے

تیری جب کہ دید ہوگی تبھی میری عید ہوگی — میرے خواب میں تم آنا مدنی مدینے والے

میرے سبھی عزیز چھوٹے سبھی یار بھی تو روٹھے — کہیں تم نہ روٹھ جانا مدنی مدینے والے

گھپ اندھیری قبر میں جب مجھ کو تنہا چھوڑ جائیں — میری قبر میں جگمگانا مدنی مدینے والے

میری آنے والی نسلیں تیرے عشق میں ہی مچلیں — انھیں نیک تم بنانا مدنی مدینے والے

میں اگرچہ ہوں کمینہ تیرا در ہے مدینہ — مجھے پاس تم بلانا مدنی مدینے والے

کبھی جو کی موٹی روٹی تو کبھی کھجور کا پانی — تیرا ایسا سادہ کھانا مدنی مدینے والے

یہ مریض مر رہا ہے تیرے ہاتھ میں شفاء ہے — اے طبیب جلد آنا مدنی مدینے والے

☆☆☆☆☆

Marfat.com

محبت غیر سے میری چھڑادو یارسول اللہ ﷺ
مجھے اپنا ہی دیوانہ بنالو یارسول اللہ ﷺ

لگا تکیہ گنا ہوں کا پڑا دن رات سوتا ہوں
مجھے اس خواب غفلت سے جگادو یارسول اللہ ﷺ

پڑا ہوں قہر دریا میں بھنور میں کھاتا ہوں چکر
کنارے لطف سے مجھ کو لگادو یارسول اللہ ﷺ

اندھیری قبر میں مجھ کو اکیلا چھوڑ جائیں گے
وہاں ہو آپ کے فضل سے اجالا یارسول اللہ ﷺ

بڑی قسمت ہماری ہے کہ ملت ہم تمہاری ہیں
بھروسہ دین و دنیا میں تمھارا یارسول اللہ ﷺ

یہی ہے آرزو دل میں پڑھوں تیرے نام کی تسبیح
کروں کچھ کام دنیا میں جو سارا یارسول اللہ ﷺ

خدا مجھ کو مدینہ میں جو لے جاوے تو بہتر ہے
کہ روضہ آکے دیکھوں میں تمھارا یارسول اللہ ﷺ

حسینؒ پیر ہے میرا کے جس کی ملت بیت اللہ
مسافر ہوں میں کعبہ کا دکھادو یارسول ﷺ

☆☆☆☆☆

محبوب کی محفل کو محبوب سجاتے ہیں
آتے وہی جن کو سرکار بلاتے ہیں

وہ لوگ خدا شاہد قسمت کے سکندر ہیں
جو سرور عالم ﷺ کا میلاد مناتے ہیں

سرکار کی رحمت کا اندازہ نہیں ان کو
جو ہم کو جہنم سے دن رات ڈراتے ہیں

جن کا بھری دنیا میں کوئی بھی نہیں والی
انکو بھی میرے آقا سینے سے لگاتے ہیں

دامان کریمی کی وسعت تو ذرا دیکھو
مجھ جیسے نکمے کو کملی میں چھپاتے ہیں

جو شاہ مدینہ ﷺ کو لجپال سمجھتے ہیں
دامان طلب بھر کر وہ محفل سے جاتے ہیں

اس آس پہ جیتا ہوں کہہ دے کوئی آکر
چل تجھ کو مدینے میں سرکار بلاتے ہیں

اللہ کے خزانوں کے مالک ہیں نبی سرور
یہ سچ ہے نیازی ہم سرکار کا کھاتے ہیں

☆☆☆☆☆

Marfat.com

**مجھے طیبہ میں لے جاؤ مدینہ یاد آیا ہے　　میرے آقا ﷺ کو بلواؤ مدینہ یاد آیا ہے**

تیری محفل سجاتا ہوں تیرے میں گیت گاتا ہوں　　سرِ محفل چلے آؤ مدینہ یاد آیا ہے

میری میت کو لے جانا مدینہ پاک میں یارو　　مجھے طیبہ میں دفناؤ مدینہ یاد آیا ہے

گنہگاروں، سیاہ کاروں، خطا کاروں کے آقا ہو　　نہ جیلانی کو ٹھکراؤ مدینہ یاد آیا ہے

یہ طاہرؔ دیوانہ تیری امت کا خادم ہے　　مشن اس کا بھی پھیلاؤ مدینہ یاد آیا ہے

☆☆☆☆☆

**مدینے کا سفر ہے اور میں نم دیدہ نم دیدہ　　جبیں افسردہ افسردہ دم لرزیدہ لرزیدہ**

چلا ہوں اک مجرم کی طرح میں جانب طیبہ　　نظر شرمندہ شرمندہ بدن لرزیدہ لرزیدہ

کسی ہاتھ نے مجھ کو سہارا دے دیا ورنہ　　کہاں میں اور کہاں یہ راستے پیچیدہ پیچیدہ

کہاں میں اور کہاں اس روضہ اقدس کا نظارہ　　نظر اس سمت اٹھتی ہے مگر درزیدہ درزیدہ

مدینے جا کے ہم سمجھے تقدس کس کو کہتے ہیں　　ہوا پاکیزہ پاکیزہ، فضا سنجیدہ سنجیدہ

بصارت کھوگئی لیکن بصیرت تو سلامت ہے　　مدینہ ہم نے دیکھا ہے مگر نادیدہ نادیدہ

☆☆☆☆☆

**مدینے کو جائیں یہ جی چاہتا ہے　　مقدر بنائیں یہ جی چاہتا ہے**

مدینے کے آقا ﷺ دو عالم کے مولا　　تیرے پاس آئیں یہ جی چاہتا ہے

جہاں دونوں عالم ہیں محو تمنا　　وہاں سر جھکائیں یہ جی چاہتا ہے

محمد ﷺ کی باتیں محمد ﷺ کی سیرت　　سنیں اور سنائیں یہ جی چاہتا ہے

پہنچ جائیں بہزادؔ جب ہم مدینہ　　تو خود کو نہ پائیں یہ جی چاہتا ہے

☆☆☆☆☆

Marfat.com

**مرحبا مرحبا یا نبی ﷺ یا نبی ﷺ — سیدی ہاشمی یا نبی ﷺ یا نبی ﷺ**

میں فدا آپ پہ والضحیٰ والقمر — آپ کی ہے قسم حق نے کہا والعصر
رب کی قرآن میں جتنی آیات ہیں — سر سے پاؤں تک سب صفات ہیں
مرحبا مرحبا یا نبی ﷺ یا نبی ﷺ — سیدی ہاشمی یا نبی ﷺ یا نبی ﷺ
قد ہے سرو چمن لب ہیں لعل یمن — سرخ ڈورے ہیں آنکھوں میں مست نین ہیں
آپ کے دانت ہیں موتیوں کی لڑی — مسکراہٹ آپکی ہے اداؤں بھری
آپ کے حسن کا ذکر جاری ہوا — مستیوں کا سماں ایسا طاری ہوا
رقص میں وجد میں آسمان وزمیں — مرحبا مرحبا یا نبی ﷺ یا نبی ﷺ
آپ کا امی لقب آپ کا اعلیٰ نصب — آپ کے معجزے ہیں ان گنت اور عجب
ہر کرن ہر کلی موج در موج ہے — مرحبا مرحبا یا نبی ﷺ یا نبی ﷺ
آپ سب سے حسیں یا شفیع المذنبیں — نظر رحمت اٹھی سب کی بگڑی بنی
جب ہوئی یا نبی ﷺ آپ کی جلوہ گری — ٹوٹ گئی سب کی جادوگری
مرحبا مرحبا یا نبی ﷺ یا نبی ﷺ — چاند سورج کو آپ نے دی روشنی
دو جہاں میں آپ کے دم سے ہے زندگی — ہر گھڑی یا نبی ﷺ میری یہ بندگی
میری خوش قسمتی میں آپ کا امتی — مرحبا مرحبا یا نبی ﷺ یا نبی ﷺ

☆☆☆☆☆

Marfat.com

**مصطفےٰ ﷺ نظرِ کرم فرمائیں گے — اک دن ہم بھی مدینے جائیں گے**

جاگ اٹھے گی قسمت میری — جب قدم ان کے میرے گھر آئیں گے
سو رہا ہوں اس امید پر — خواب میں میری قسمت جگائیں گے
سبز گنبد پر نظر جب جائے گی — کام بگڑے ہوئے بن جائیں گے
ساقی کوثر کرم فرمائیں گے — ہم پئیں گے اور وہ پلاتے جائیں گے
جی رہا ہوں اس امید پر — کشتی میری وہ پار لگائیں گے
شبیرؓ و شبرؓ اور جان فاطمہؓ — اپنے نانا سے ہمیں ملوائیں گے

☆☆☆☆☆

**معراج کی رتیاں دھوم یہ تھی — اک راج دلارا آوت ہے**

لولاک کا سہرا سر سوہت — وہ احمد پیارا آوت ہے
حوروں نے کہا بسم اللہ — غلماں نے پکارا الا اللہ
خود رب نے کہا ماشاء اللہ — محبوب ہمارا آوت ہے
جبرائیل امیں یہ کہتے چلے — اے عرشیو تمرے بھاگ جگے
یٰسین کی چمک داتن میں — طٰہٰ کا کرشمہ آنکھن میں
والفجر کا جلوہ گالن میں — وہ عرش کا تارا آوت ہے
مازاغ کا کاجل نین بھرے — والشمس کا بٹنہ مکھ پہ ملے
ہے میم کا گھونگھٹ سہرے تلے — وہ رب کا سنوارا آوت ہے
دھرتی سے اٹھا آفاق چڑھا — ممتاز یہ غل تھا چاروں طرف
لو حق سے ملنے صلِ علیٰ — سردار ہمارا آوت ہے

☆☆☆☆☆

Marfat.com

**منگتوں کو سلطان بنایا میرے کملی والے نے — جب اپنا دربار سجایا میرے کملی والے نے**

مال و زر کی بات نہیں یہ تو کرم کی باتیں ہیں — جس کو چاہا در پہ بلایا میرے کملی والے نے
جس کو حقارت سے دیکھا اور پھر منہ موڑ لیا — اس کو بھی سینے لگایا میرے کملی والے نے
جس پر اپنا رنگ چڑھایا میرے کملی والے نے — داتاؒ، فریدؒ اور خواجہؒ بنایا میرے کملی والے نے
گود میں لے کر دائی حلیمہؓ پیارے نبی سے کہتی تھی — آمنہؓ تیرا بھاگ جگایا میرے کملی والے نے
ان کا تصور کرتے کرتے نیند علیم جب آتی ہے — تو مجھ کو اپنا جلوہ دکھایا میرے کملی والے نے

☆☆☆☆☆

**میرے آقا آئے جھومو میرے داتا آئے جھومو — پیارے آقا آئے جھومو سب کے داتا آئے جھومو**

سب کے مولا آئے جھومو میرے یاور آئے جھومو — سب کے دلبر آئے جھومو میرے حامی آئے جھومو
عید میلاد النبی ﷺ ہے دل بڑا مسرور ہے — عید دیوانوں کی تو بارہ ربیع الاول نور ہے
اِس طرف جو نور ہے تو اُس طرف بھی نور ہے — ذرہ ذرہ سب جہانوں کا نور سے معمور ہے
آمد سرکار ﷺ سے ظلمت ہوئی کافور ہے — کیا زمین میں کیا آسمان ہر طرف چھایا نور ہے
ہر ملک ہے شادماں خوش آج ہر اک حور ہے — ہاں مگر شیطان بمعہ رفقاء بڑا رنجور ہے
جشن عید میلاد النبیؐ ہے کیوں نہ جھومیں آج ہم — مسکراتی ہیں بہاریں سب فضا پرنور ہے
غم کے بادل چھٹ گئے ہر غم کا مارا جھوم اٹھا — آ گیا خوشیاں ماہِ ربیع النور ہے
خوب دیوانو پڑھو تم سب درود جھوم جھوم کر — آج آیا وہ جہاں میں جو سراپا نور ہے
آمنہؓ تجھ کو مبارک شاہ کے میلاد کی — تیرا آنگن نور بلکہ گھر کا گھر نور ہے

☆☆☆☆☆

Marfat.com

**میری بات بن گئی ہے تیری بات کرتے کرتے**
**تیرے شہر میں آؤں تیری نعت پڑھتے پڑھتے**

کسی چیز کی طلب ہے نہ آرزو ہے کوئی
تو نے اتنا بھر دیا کشکول بھرتے بھرتے

میرے سونے سونے گھر کو کبھی رونقیں عطا کر
میں دیوانہ ہو گیا ہوں تیری راہ تکتے تکتے

ہے زندگانی باقی یہ ارادہ کر لیا ہے
تیرے منکروں سے آقا میں مروں گا لڑتے لڑتے

عاجز کی حاضری ہو کبھی تیرے آستان پہ
کہ زمانہ ہو گیا ہے مجھے آہیں بھرتے بھرتے

☆☆☆☆☆

**میرا دل تڑپ رہا میرا جل رہا ہے سینہ**
**یہ دوا ملے گی مجھ کو مجھے لے چلو مدینہ**

دیدار مصطفیٰ کو آنکھیں ترس رہی ہیں
دشوار ہو گیا ہے ان کے بغیر جینا

میں سوچتا ہوں دل میں
میرے دل میں ہے مدینہ مجھے لے چلو مدینہ

شب و روز بڑھ رہا ہے میری تشنگی کا عالم
میری پیاس کب بجھے گی میرے ساقیِ مدینہ

میرا دل تڑپ رہا میرا جل رہا ہے سینہ
یہ دوا ملے گی مجھ کو مجھے لے چلو مدینہ

☆☆☆☆☆

**میٹھا میٹھا ہے میرے محمد ﷺ کا نام**
**ان پہ لاکھوں کروڑوں درود و سلام**

جس کی رحمت نے ڈھانپا کونین کو
جس نے آ کے سنبھالا ہے دارین کو

جس کے دم سے ہیں دنیا میں رونقیں تمام
ان پہ لاکھوں کروڑوں درود و سلام

وہ ہی حسنؓ و حسینؓ چمن کے ہیں پھول
نورِ مولا علیؓ جانِ زہرا بتول

جن کے نانا رسولِ خدا ﷺ ذی مقام
ان پہ لاکھوں کروڑوں درود و سلام

وقت لائے خدا جائیں دربار پر
اور کھڑے ہو کے روضہ سرکار پر

پیش مل کر کریں ہم درود و سلام
ان پہ لاکھوں کروڑوں درود و سلام

میٹھا میٹھا ہے میرے نبی جی ﷺ کا نام
میٹھا میٹھا ہے میرے محسن ﷺ کا نام

Marfat.com

**میرا دل اور میری جان مدینے والے** **تجھ پہ سو جان بھی قربان جان مدینے والے**

بھر دے بھر دے میرے آقا میری جھولی بھر دے
اب نہ رکھ بے سر و سامان مدینے والے

کُل کے مطلوب کا محبوب ہے، معشوق ہے تو
اللہ اللہ تیری شان مدینے والے

آڑے آتی ہے تیری ذات ہر اک دکھیا کے
میری بھی ہو مشکل آسان مدینے والے

پھر تمنائے زیارت نے کیا بے چین
پھر مدینے کا ہے ارمان مدینے والے

آقا تیرا در چھوڑ کے جاؤں تو کدھر جاؤں
میرے آقا ﷺ میرے سلطان مدینے والے

سگِ طیبہ مجھے کہہ کر پکاریں بے دم
یہی رکھیں میری پہچان مدینے والے

لکھدے لکھدے میری قسمت میں مدینہ لکھدے
ہے تیری ملک میں قلمدان مدینے والے

☆☆☆☆☆

**میری الفت مدینے سے یوں ہی نہیں** **میرے آقا کا روضہ مدینے میں ہے**

میں مدینے کی جانب نہ کیسے کھنچوں
میرا دین و دنیا مدینے میں ہے

عرش اعظم سے اونچی بڑی شان ہے
روضہ مصطفےٰ ﷺ جس کی پہچان ہے

جس کا ہم پلہ کوئی محلہ نہیں
ایک ایسا محلہ مدینے میں ہے

مکہ میں عمرہ کرنا تھا سو کر لیا
جس قدر اس کا دم بھرنا تھا بھر لیا

اب مدینے سے دوری گوارا نہیں
عاشقوں کا تو کعبہ مدینے میں ہے

پھر مجھے موت کا کوئی خطرہ نہیں
موت کیا زندگی کی بھی پرواہ نہیں

کاش اک بار سرکار مجھ سے کہیں
اب تیرا جینا مرنا مدینے میں ہے

جب نظر سوئے طیبہ روانہ ہوئی
ساتھ دل بھی گیا، ساتھ جاں بھی گئی

میں منیر اب رہونگا یہاں کس لئے
میرا سارا اثاثہ مدینے میں ہے

☆☆☆☆☆

Marfat.com

**میں مدینے چلا، میں مدینے چلا** | **پھر کرم ہو گیا میں مدینے چلا**

ساقیا ے پلا میں مدینے چلا | مست و بے خود بنا میں مدینے چلا

کیف سا چھا گیا میں مدینے چلا | جھومتا جھومتا میں مدینے چلا

کیا بتاؤں ملی دل کو کیسی خوشی | جب یہ سنا مژدہ میں مدینے چلا

پھر اجازت ملی جب یہ خبر سنی | دل میرا جھوم اٹھا میں مدینے چلا

مسکرانے لگی دل کی ہر اک کلی | غنچہ گل کھلا میں مدینے چلا

اے شجر، اے حجر تم بھی شمس و قمر | دیکھو دیکھو میں مدینے چلا

روح مضطر ٹھہر تو نکلنا اُدھر | کیسی جلدی بھی کیا ہے میں مدینے چلا

☆☆☆☆☆

**میرے دل میں ہے یاد محمد ﷺ** | **میرے ہونٹوں پہ ذکر مدینہ**

تاجدار حرم ﷺ کے کرم سے | دل میرا بن گیا ہے مدینہ

دل شکستہ ہے میرا تو کیا غم | اس میں رہتے ہیں شاہ دو عالم

مجھ خطا کار پر کس قدر ہیں | مہرباں تاجدار مدینہ ﷺ

مجھ کو طوفان کی موجوں کا کیا ڈر | یہ گزر جائیں گی رخ بدل کر

ناخدا ہیں میرے جب محمد ﷺ | کیسے ڈوبے گا میرا سفینہ

ہر خطا پر میری چشم پوشی | ہر طلب پر عطاؤں کی بارش

مجھ گنہگار پر کس قدر ہیں | مہرباں تاجدار مدینہ ﷺ

میرے دل میں ہے یاد محمد ﷺ | میرے ہونٹوں پہ ذکر مدینہ

تاجدار حرم ﷺ کے کرم سے | دل میرا بن گیا ہے مدینہ

☆☆☆☆☆

Marfat.com

**میرے کملی والے کی شان ہی نرالی ہے** **دو جہاں کے داتا ہیں اور سارا جگ سوالی ہے**

خلد جس کو کہتے ہیں میری دیکھی بھالی ہے سبز سبز گنبد ہے اور سنہری جالی ہے

چاند کی طرح ان کو کہیں تو مجرم ہیں کیونکہ ان کی چوکھٹ پر چاند خود سوالی ہے

چھاؤں مہکی مہکی ہے دھوپ ٹھنڈی ٹھنڈی ہے شہر مصطفےٰ ﷺ تیری بات ہی نرالی ہے

بلال حبشیؓ ہو یا اویس قرنیؓ ہوں ان پر مرنے والوں کی ہر ادا نرالی ہے

ہر طرف مدینے میں بھیڑ ہے فقیروں کی ایک دینے والا ہے سارا جگ سوالی ہے

☆☆☆☆☆

**میں سو جاؤں یا مصطفےٰؐ کہتے کہتے** **کھلے آنکھ صلے علیٰ ﷺ کہتے کہتے**

جو اٹھوں تو کہتا ہوا یا محمد ﷺ جو بیٹھوں تو صلے علیٰ ﷺ کہتے کہتے

کٹے عمر یا مصطفےٰ ﷺ کہتے کہتے قضا آئے صلے علیٰ ﷺ کہتے کہتے

جئیں یا مصطفےٰ یا مصطفےٰ کہتے کہتے مریں تو صلے علیٰ ﷺ کہتے کہتے

وہ مالک ہے سب کا بخشے گا سب کو برا کہتے کہتے بھلا کہتے کہتے

پڑیں پر چھایاں لاکھ دشمن کے دل پر تھکوں نہ مصطفےٰؐ مصطفےٰؐ کہتے کہتے

اک آئینہ حق نما بن گیا ہے دل تیرے حسن کو حق نما کہتے کہتے

ہزاروں ہوئی مشکلیں میری آسان فقط اک مشکل کشا کہتے کہتے

وہ کہہ دیتے ہیں اک بار حافظ کو اچھا برا کہنے والے برا کہتے کہتے

میں والیل پڑھنے لگا بے خودی میں تیری زلف کا ماجرا کہتے کہتے

قیامت کو جب میں نے حضرت کو دیکھا لگا تڑپنے والضحیٰ کہتے کہتے

☆☆☆☆☆

Marfat.com

**میرے آقا میرے لجپال مدینے والے** — **میرے حالات بدل ڈال مدینے والے**

اپنی آنکھوں سے لگاؤں میں سنہری جالی — مجھ کو ہر سال بلوائیے مدینے والے

اپنے دکھ درد سناؤں میں کسے تیرے سوا — بن تیرے کون سنے حال مدینے والے

صدقہ حسنین کا بھر دو جھولی میری — مجھ کو کر دیجئے خوشحال مدینے والے

عیب محشر میں کہیں نہ کھلنے پائیں — رکھنا دامن میں بہرحال مدینے والے

☆☆☆☆☆

**میں سجدہ کروں یا کہ دل کو سنبھالوں** — **محمد ﷺ صلے علیٰ کی چوکھٹ نظر آرہی ہے**

اسی بے خودی میں کہیں کھو نہ جاؤں — تڑپ کملی والے کی تڑپا رہی ہے

دو عالم کا داتا میرے سامنے ہے — کعبے کا کعبہ میرے سامنے ہے

ادا کیوں نہ فرض محبت کروں میں — خدا کی خدائی جھکی جارہی ہے

گلے میں ہیں زلفیں تو نیچی نگاہیں — نظر چومتی ہے مدینے کی راہیں

فرشتے بھی بڑھ کر قدم لے رہے ہیں — محمد ﷺ صلے علیٰ کی چوکھٹ نظر آرہی ہے

فقیری کا مجھ میں نہیں ہے سلیقہ — نہ آتا ہے کچھ مانگنے کا طریقہ

ادھر بھی ہو نظر کرم یا محمد ﷺ — زمانے کی جھولی بھری جارہی ہے

فرشتو سر راہ آنکھیں بچھاؤ — اٹھو بہر تعظیم سر کو جھکاؤ

خدا کہہ رہا ہے کہ میرے دلربا کی — وہ دیکھو سواری چلی آرہی ہے

یہ فرمایا حق نے کہ پیارے محمد ﷺ — ہمارے ہو تم، ہم تمہارے محمد ﷺ

ہمیں اپنے جلوؤں میں اے کملی والے — تمہاری ہی صورت نظر آرہی ہے

یہ جذبہ محبت ہے کہ رحمت خدا کی — ہے چوکھٹ میرے سامنے مصطفیٰ ﷺ کی

مجھے کیوں نہ ہو قسمت پہ ناز — محبت کہاں سے کہاں آرہی ہے

Marfat.com

**نعمتیں بانٹتا جس سمت وہ ذیشان گیا** — **ساتھ ہی منشی رحمت کا قلمدان گیا**

دل وہ دل جو تیری یاد سے معمور رہے — سر ہے وہ سر جو تیرے قربان گیا

اورتم پہ میرے آقا صلی اللہ علیہ وسلم کی عنایت نہ سہی — نجدیو کلمہ پڑھانے کا بھی احسان گیا

آج لے ان کی پناہ آج مدد مانگ ان کی — پھر نہ مانیں گے قیامت میں اگر مان گیا

اف رے منکر یہ بڑا جوش تعصب آخر — بھیڑ میں ہاتھ سے کمبخت کے ایمان گیا

جان ودل ہوش وخرد سب تو مدینے پہنچے — تم نہیں چلتے رضاؔ سارا تو سامان گیا

☆☆☆☆☆

**نور والا آیا ہے نور لے کر آیا ہے** — **سارے عالم میں یہ دیکھو کیسا نور چھایا ہے**

الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ — الصلوٰۃ والسلام علیک یا حبیب اللہ

جب تلک یہ چاند تارے جلملاتے جائیں — تب تلک جشن ولادت ہم مناتے جائیں گے

ان کے عاشق نور کی شمعیں جلاتے جائیں گے — جبکہ حاسد بڑبڑاتے جائیں دل جلاتے جائیں گے

نور والا آیا ہے نور لے کر آیا ہے — سارے عالم میں یہ دیکھو کیسا نور چھایا ہے

الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ — الصلوٰۃ والسلام علیک یا حبیب اللہ

نعت محبوبؐ خدا سنتے سناتے جائیں گے — یا رسول اللہ کا نعرہ ہم لگاتے جائیں گے

حشر تک جشن ولادت ہم مناتے جائیں گے — مرحبا صلّےعلیٰ کی دھوم مچاتے جائیں گے

نور والا آیا ہے نور لے کر آیا ہے — سارے عالم میں یہ دیکھو کیسا نور چھایا ہے

الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ — الصلوٰۃ والسلام علیک یا حبیب اللہ

چاروں طرف ہم دیئے گھی کے جلائیں گے — گھر تو گھر سارے محلے کو سجاتے جائیں گے

ہم ربیع النور میں جھنڈے ہرے لہرائیں گے — ساری گلیاں روشنی سے جگمگاتے جائیں گے

Marfat.com

**نور والا آیا ہے نور لے کر آیا ہے**
**سارے عالم میں یہ دیکھو کیسا نور چھایا ہے**

الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ
الصلوٰۃ والسلام علیک یا حبیب اللہ

صبح صادق ہوگئی سب آمنہ کے گھر چلیں
نور کی برسات ہوگی ہم نہاتے جائیں گے

ذکر میلاد مبارک کیسے چھوڑیں ہم بھلا
جن کا کھاتے ہیں ان کے گیت گائیں گے

نور والا آیا ہے نور لے کر آیا ہے
سارے عالم میں یہ دیکھو کیسا نور چھایا ہے

الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ
الصلوٰۃ والسلام علیک یا حبیب اللہ

حشر میں زیر نوائے حمد اے عطاؔر ہم
نعت سلطانِ مدینہ ہم گنگناتے جائیں گے

نعرہ محبوبؐ خدا ہم لگاتے جائیں گے
حشر تک جشن ولادت ہم مناتے جائیں گے

نور والا آیا ہے نور لے کر آیا ہے
سارے عالم میں یہ دیکھو کیسا نور چھایا ہے

الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ
الصلوٰۃ والسلام علیک یا حبیب اللہ

☆☆☆☆☆

**نام محمد ﷺ کتنا میٹھا لگتا ہے**
**پیارے نبی کا ذکر بھی ہم کو پیارا لگتا ہے**

یاد نبی ﷺ کا گلشن مہکا مہکا لگتا ہے
محفل میں موجود ہیں آقا ﷺ ایسا لگتا ہے

لب پہ نغمے صلی علیٰ کے ہاتھوں میں کشکول
دیکھو تو سرکار ﷺ کا منگتا کیسا لگتا ہے

آنکھوں میں مازاغ کا کجلا سر طٰہٰ کا تاج
کیسے کہوں وہ کملی والا ہم سا لگتا ہے

غوث، قطب، ابدال، قلندر سب انکے محتاج
میرا داتا ہر داتا کا داتا لگتا ہے

او ادنیٰ کی سیج سجی ہے عرش بریں پہ آج
حق کا دلارا باندھ کے سہرا، دولہا لگتا ہے

آؤ سنائیں اپنے نبی ﷺ کو اپنے من کی بات
انکے علاوہ کون نیازیؔ اپنا لگتا ہے

☆☆☆☆☆

Marfat.com

نہ کہیں دور وہ منزلیں نہ کوئی قریب کی بات ہے
جسے چاہے اسکو نواز دے یہ در حبیبؐ کی بات ہے
وہ خدا نہیں بخدا نہیں مگر وہ خدا سے جدا نہیں
وہ ہیں مگر وہ کیا نہیں یہ محبت و حبیب کی بات ہے
تجھے اے منوّر بے نوا در شاہ سے چاہیے اور کیا
جو نصیب ہو کبھی سامنا تو بڑے نصیب کی بات ہے
جو نہ ہوتا تیرا جمال ہی تو جہاں تھا خواب و خیال میں
ماہ و مہر میں تیری روشنی ہوئی تجھ پہ ختم پیغمبری
نہ فصیل ہے نہ محل سرا تیرا فرش ہے وہی بوریا
تیرے جسم پہ اک قبا وہ بھی تار تار ہے جا بجا
تیری سادگی ہے کمالہ صلوا علیہ و آلہٖ
تو خلیل ہے تو کلیم ہے تو رؤف ہے تو رحیم ہے
تو حبیبِ رب کریم ہے تیری شان سب سے عظیم ہے
نہیں تیرا کوئی مثالہ صلوا علیہ و آلہٖ
میں بروں سے لاکھ برا سہی مگر ان سے ہے میرا واسطہ
میری لاج رکھ لے میرے خدا یہ تیرے حبیب کی بات ہے
وہ مچل کے راہ میں بھٹک گئی یہ تڑپ کے در سے لپٹ گئی
وہ کسی امیر کی شان تھی یہ کسی غریب کی بات ہے

☆☆☆☆☆

Marfat.com

نوری محفل پہ چادر تنی نور کی — نور پھیلا ہوا آج کی رات ہے
چاندنی میں ڈوبے ہوئے دو جہاں — کون جلوہ نما آج کی رات ہے
عرش پہ دھوم ہے فرش پہ دھوم ہے — ہے وہ بد بخت جو آج محروم ہے
پھر یہ شب آئے گی کس کو معلوم ہے — ہم پہ لطفِ خدا آج کی رات ہے
مومنو آج گنج سخا لوٹ لو — لوٹ لو اے مریضو شفا لوٹ لو
عاصیو رحمتِ مصطفٰے لوٹ لو — بابِ رحمت کھلا آج کی رات ہے
ابر رحمت ہیں آج چھائے ہوئے — آسماں سے ملائک ہیں آئے ہوئے
خود محمد ﷺ بھی تشریف لائے ہوئے — کس قدر جاں فزا آج کی رات ہے
مانگ لو مانگ لو چشم تر مانگ لو — دردِ دل اور حسن نظر مانگ لو
کملی والے کی نگری میں گھر مانگ لو — مانگنے کا مزا آج کی رات ہے
اِس طرف نور ہے اُس طرف نور ہے — سارا عالم مسرت سے معمور ہے
جس کو دیکھو وہی آج مسرور ہے — مہک اٹھی ہے فضا آج کی رات ہے
وقت لائے خدا سب مدینے چلیں — لوٹنے رحمتوں کے خزینے چلیں
سب منزل کی جانب سفینے چلیں — میری صائم دعا آج کی رات ہے

☆☆☆☆☆

نعت پڑھتا رہوں نعت سنتا رہوں — آنکھ پرنم رہے دل مچلتا رہے
سوہنا نام محمد ﷺ زبان پہ رہے — ذکر ہوتا رہے سانس چلتا رہے
بے سہاروں کا کوئی سہارا نہیں — مصطفٰی ﷺ کے سوا تو گزارہ نہیں
ان کی نظر کرم ہو تو کچھ غم نہیں — چاہے سارا زمانہ بدلتا رہے
عشق احمد ﷺ سی دنیا میں نعمت نہیں — مال و زر کی بھی کوئی حقیقت نہیں

Marfat.com

بادشاہوں سے بہتر بھکاری ہے وہ
ان کے در کے ٹکڑوں پہ جو پلتا رہے

کیا بھلا آسکیں گے زندگی کے مزے
دوررہ کر حبیب خدا ﷺ سے مجھے

اس کی حالت کروں تو کرون کیا بیاں
ہر گھڑی دل جو فرقت میں جلتا رہے

یہ دعا ہے سلامت سدا غم رہے
تا ابد رابطہ اس سے قائم رہے

آتش عشق ہر دم بھڑکتی رہے
خون روتا رہوں دل پگھلتا رہے

مصطفیٰ ﷺ کی نظر جس گھڑی ہو گئی
اس کی تقدیر کھوٹی کھری ہو گئی

اس کو ٹھکرائے سارا جہاں بھی اگر
گرنے والا پھر بھی سنبھلتا رہے

نجم کی اے خدا آرزو ہے یہی
عاشق زار کی آبرو ہے یہی

آخری وقت سر ان کے قدموں پہ ہو
دید ہوتی رہے دم نکلتا رہے

☆☆☆☆☆

**نہ کلیم کا تصور نہ خیال طور سینا**
**میری آرزو محمد ﷺ میری جستجو مدینہ**

میں گدائے مصطفیٰ ہوں میری عظمتیں نہ پوچھو
مجھے دیکھ کر جہنم کو بھی آ گیا پسینہ

مجھے دشمنو نہ چھیڑو میرا ہے کوئی جہاں میں
میں ابھی پکار لوں گا نہیں دور ہے مدینہ

میں مریض مصطفیٰ ﷺ ہوں مجھے چھیڑو نہ طبیبو
میری زندگی جو چاہو مجھے لے چلو مدینہ

میرے ڈوبنے میں باقی نہ کوئی کسر رہی تھی
کہا المدد محمد ﷺ تو ابھر گیا سفینہ

سوا اس کے میرے دل میں کوئی آرزو نہیں ہے
مجھے موت بھی جو آئے تو ہو سامنے مدینہ

کبھی اے خلیلؔ دل سے نہ مٹے خیال احمد ﷺ
اسی آرزو میں مرنا اسی آرزو میں جینا

☆☆☆☆☆

Marfat.com

**وہ نبیوں میں رحمت لقب پانے والا**
**مرادیں غریبوں کی بھر لانے والا**

مصیبت میں غیروں کے کام آنے والا
وہ اپنے پرائے کا غم کھانے والا

فقیروں کا ملجا، غریبوں کا ماوئی
یتیموں کا والی، غلاموں کا مولیٰ

خطا کار سے درگزر کرنے والا
بد اندیش کے دل میں گھر کرنے والا

مفاسد کو زیر و زبر کرنے والا
قبائل کو شیر و شکر کرنے والا

اتر کر حرا سے سوئے قوم آیا
اور اک نسخہ ء کیمیا ساتھ لایا

مسِ خام کو جس نے کندن بنایا
کھرا اور کھوٹا الگ کر دکھایا

عرب جس پہ قرنوں سے تھا جہل چھایا
پلٹ دی اک آن میں اس کی کایا

رہا ڈر نہ بیڑے کو موج بلا کا
اِدھر سے اُدھر مڑ گیا رخ ہوا کا

☆☆☆☆☆

**وہ شمع اجالا جس نے کیا چالیس برس تک غاروں میں**

اک روز جھلکنے والی تھی سب دنیا کے درباروں میں

گر ارض و سما کی محفل میں لولاک لما کا شور نہ ہو
یہ رنگ نہ ہو گلزاروں میں یہ نور نہ ہو سیاروں میں

جو فلسفیوں سے کھل نہ سکا اور نکتہ وروں سے حل نہ ہوا
وہ راز اک کملی والے نے بتلا دیا چند اشاروں میں

ہیں کرنیں ایک ہی مشعل کی ابو بکرؓ و عمرؓ و عثمانؓ و علیؓ
ہم مرتبہ ہیں یاران نبی کچھ فرق نہیں ان چاروں میں

وہ جنس نہیں ایمان جسے لے آئیں دکان فلسفہ سے
ڈھونڈنے سے ملے گی عاقل کو قرآن کے پاروں میں

Marfat.com

واہ کیا جود و کرم ہے شاہِ بطحا تیرا
نہیں سنتا ہی نہیں مانگنے والا تیرا

میں تو مالک ہی کہوں گا کہ ہو مالک کے حبیب
یعنی محبوب و محب میں نہیں میرا تیرا

تیرے ٹکڑوں پہ پلے غیر کی ٹھوکر پہ نہ ڈال
جھڑکیاں کھائیں کہاں چھوڑ کے صدقہ تیرا

فرش والے تیری شوکت کا کیا علو جانیں
خسروا عرش پہ اڑتا ہے پھریرا تیرا

وَرَفَعۡنَا لَکَ ذِکۡرَک کا ہے سایہ تجھ پر
بول بالا ہے تیرا ذکر ہے اونچا تیرا

انبیاء پلتے ہیں در سے وہ ہے باڑہ تیرا
اصفیا جاتے ہیں سحر سے وہ ہے رستہ تیرا

چور حاکم سے چھپا کرتے ہیں یاں اس کے خلاف
تیرے دامن میں چھپے چور انوکھا تیرا

تیری سرکار میں لاتا ہے رضاؔ اس کو شفیع
جو میرا غوث ہے اور لاڈلا بیٹا تیرا

☆☆☆☆☆

وہ سوئے لالہ زار پھرتے ہیں
تیرے دن اے بہار پھرتے ہیں

جو تیرے در سے یار پھرتے ہیں
دربدر یونہی خوار پھرتے ہیں

اس گلی کا گدا ہوں جس میں
مانگتے تاجدار پھرتے ہیں

پھول کیا دیکھوں میری آنکھوں میں
دشت طیبہ کا خار پھرتے ہیں

آہ کل عیش تو کئے ہم نے
آج وہ بے قرار پھرتے ہیں

ہر چراغ مزار پر قدسی
کیسے پروانہ وار پھرتے ہیں

جان ہیں جان کیا نظر آئے
کیوں عدو گردِ غار پھرتے ہیں

لاکھوں قدسی ہیں کام خدمت پر
لاکھوں گردِ مزار پھرتے ہیں

وردیاں بدلتے ہیں ہرکارے
پہرہ دیتے سوار پھرتے ہیں

ہائے غافل وہ کیا جگہ ہیں جہاں
پانچ جاتے ہیں چار پھرتے ہیں

Marfat.com

بائیں رستے نہ جا مسافر سن — مال ہے راہ مار پھرتے ہیں
نقش پہ کوئی چال ہے ظالم — جیسے خاصے بجار پھرتے ہیں
کوئی کیوں پوچھے تیری بات رضاؔ — تجھ سے کتے ہزار پھرتے ہیں

☆☆☆☆☆

**ہر لحظہ ہے رحمت کی برسات مدینے میں — فیضان محمد ﷺ ہے دن رات مدینے میں**
پلکوں پہ سجاؤں گا میں خاک مدینے کی — لے جائیں اگر مجھ کو حالات مدینے میں
کچھ ہار درودوں کے ہیں زاد سفر میرا — لے جاؤں گا اشکوں کی سوغات مدینے میں
عرشی بھی سوالی ہیں فرشی بھی سوالی ہیں — ملتی ہے شفاعت کی خیرات مدینے میں
دربار محمد ﷺ سے کوئی بھی ناکام نہیں پھرتا — سنتے ہیں وہ سائل کی ہر بات مدینے میں
جس ذات کی برکت سے ہے نام ظہوریؔ — ہے جلوہ نما ہے سو وہ ذات مدینے میں

☆☆☆☆☆

**ہر وقت تصور میں مدینے کی گلی ہو — اور یاد محمد ﷺ کی میرے دل میں بسی ہو**
اے کاش میں بن جاؤں مدینے کا مسافر — پھر روتی ہوئی طیبہ کو بارات چلی ہو
پھر رحمت باری سے چلو سوئے مدینہ — اے کاش مقدر میں میرے مدینے کی گلی ہو
جب آؤں مدینے میں تو ہو چاک گریباں — آنکھوں سے برستی ہوئی اشکوں کی جھڑی ہو
اے کاش مدینے میں مجھے موت جو آئے — قدموں میں تیرے سر ہو اور میری روح چلی ہو
جب لے کر چلو سوئے گور غریباں کا جنازہ — کچھ خاک مدینے کی میرے منہ پہ پڑی ہو
آقا کا گدا ہوں میں اے جہنم تو بھی سن لے — وہ کیسے جلے گا جو غلام مدنی ﷺ ہو
جس وقت نکیرین میری قبر پہ آئیں — اس وقت میرے لب پہ سجی نعت نبی ﷺ ہو

☆☆☆☆☆

Marfat.com

ہم بھی مدینے جائیں گے آج نہیں تو کل سہی ۔ آقا ﷺ ہمیں بلائیں گے آج نہیں تو کل سہی

صلِّ علیٰ نبیِنا صلِّ علیٰ محمد ۔ صلِّ علیٰ شفیعِنا صلِّ علیٰ محمد

گلیوں میں جھوم جھوم کر خاک مدینہ چوم کر ۔ نعت نبی سنائیں گے آج نہیں تو کل سہی

آقا ﷺ ہمیں بلائیں گے آج نہیں تو کل سہی ۔ صلِّ علیٰ نبیِنا صلِّ علیٰ محمد

دیکھا جوان کو بانٹتے میں نے بھی بڑھ کر شوق سے ۔ دست عطا کے سامنے دست طلب بڑھا دیئے

آمد مصطفیٰ ہوئی روشن زمانہ ہو گیا ۔ جس کے حضور ﷺ ہو گئے اس کا زمانہ ہو گیا

حال دل سنائیں گے آج نہیں تو کل سہی ۔ بگڑی اپنی بنائیں گے آج نہیں تو کل سہی

آقا ہمیں بلائیں گے آج نہیں تو کل سہی ۔ صلِّ علیٰ نبیِنا صلِّ علیٰ محمد

☆☆☆☆☆

ہم درِ آقا ﷺ پہ سر اپنا جھکا لیتے ہیں ۔ سچ بتا نا اری دنیا تیرا کیا لیتے ہیں

پتھر و تم تو ہو پتھر مگر میرے آقا ﷺ ۔ تم سے گر چاہیں تو کلمہ بھی پڑھا لیتے ہیں

اس کو آنکھوں پہ بٹھا لیتے ہیں دنیا والے ۔ جس کو محبوب خدا اپنا بنا لیتے ہیں

گنبدِ خضریٰ خدا تجھ کو سلامت رکھے ۔ دیکھ لیتے ہیں تجھے پیاس بجھا لیتے ہیں

جب نہیں ملتی کہیں سے بھی سکوں کی دولت ۔ تیری محفل تیرے دیوانے سجا لیتے ہیں

جب سے دیکھا ہے نیازیؔ وہ ریاض الجنہ ۔ ہم تو گھر بیٹھے ہی جنت کا مزا لیتے ہیں

وقت کی قید نہیں ہیں یہ کرم کی باتیں ۔ جب بھی سرکار ﷺ کی مرضی ہو بلا لیتے ہیں

یہ تو آقا ﷺ کی عنایت ہے کرم ہے ان کا ۔ ہم جہاں چاہیں وہاں رنگ جما لیتے ہیں

غم کے ماروں کا طبیبو نہ کرو کوئی علاج ۔ ہم غمِ عشقِ نبی ﷺ سے ہی دوا لیتے ہیں

☆☆☆☆☆

Marfat.com

**ہمیں اپنا وہ کہتے ہیں محبت ہو تو ایسی ہو**
**ہمیں رکھتے ہیں نظروں میں عنایت ہو تو ایسی ہو**

وہ پتھر مارنے والوں کو دیتے ہیں دعا اکثر
کوئی لاؤ مثال ایسی شرافت ہو تو ایسی ہو

اشارہ جب وہ فرمائیں تو پتھر بول اٹھتے ہیں
نبوت ہو تو ایسی ہو رسالت ہو تو ایسی ہو

بنا دیتے ہیں وہ سائل کو سکندر زمانے کا
کریمی ہو تو ایسی ہو سخاوت ہو تو ایسی ہو

وہاں ملتی ہیں مجرم کو پناہیں بھی جزائیں بھی
مدینے میں جو لگتی ہے عدالت ہو تو ایسی ہو

حسینؓ ابن علیؓ نے کربلا میں یہ کیا ثابت
رہے جاری جو نیزے پہ تلاوت ہو تو ایسی ہو

محمد ﷺ کی ولادت پر ہوئے سب کو عطا بیٹے
اسے میلاد کہتے ہیں ولادت ہو تو ایسی ہو

وہاں آسماں والے بھی آتے ہیں غلامانہ
حقیقت ہے یہی ناصر حکومت ہو تو ایسی ہو

☆☆☆☆☆

**ہو نگاہ کرم یا محمد ﷺ تیرے بن میرا کوئی نہیں ہے**

آقا اب تو مجھ کو مدینے بلا لو زندگی کا بھروسہ نہیں ہے

میری قسمت میں وہ دن بھی آئے سبز گنبد کے حاصل ہوں سائے
میری اس کے سوا میرے آقا ﷺ کوئی تمنا نہیں ہے

بزم عالم کے روشن ستارے تیرے دم سے سجے ہیں نظارے
گر تیرا کرم نہ ہو میرے آقا ﷺ پھر دیا کوئی جلتا نہیں ہے

لامکاں تک تیری ہے رسائی گیت گاتی ہے ساری خدائی
وہ جگہ ہی نہیں ہے دو جہاں میں جس جگہ تیرا جلوہ نہیں ہے

☆☆☆☆☆

Marfat.com

## ہو نگاہ کرم یا حبیب خدا اپنے قدموں میں ہم کو بلا لیجئے

میرے آقا ﷺ میں بڑا گنہگار ہوں آپ کا در چھوڑ کر جاؤں کہاں
حال دل اپنا جا کے سناؤں کہاں میں ہوں غم کے سمندر میں ڈوبا ہوا
اپنی رحمت سے مجھ کو بچا لیجئے اپنے قدموں میں ہم کو بلا لیجئے
ہو کرم کی نظر میں پریشان ہوں میرے آقا میں آپکا ثناء خوان ہوں
ساری دنیا نے مجھ کو ٹھکرا دیا یا نبی ﷺ مجھ گرے کو اٹھا لیجئے
آپ ہی ہیں خدا کے پیارے نبیؐ آپ ہیں بے سہاروں کے سہارے نبیؐ
آپ بن میرا کوئی آسرا نہیں اپنی کملی میں مجھ کو چھپا لیجئے
آرزو ہے آپ کے شہر میں گھر ملے ہے خوش بخت جس کو آپ کا در ملے
ہے قلندر کی آقا ﷺ یہی التجا اپنے منگتوں کا منگتا بنا لیجئے

☆☆☆☆☆

**ہے شہد سے بھی میٹھا سرکار ﷺ کا مدینہ — کیا خوب مہکا مہکا سرکار ﷺ کا مدینہ**

جس کو پسند آیا سرکار کا مدینہ — مل کر لگائیں نعرہ سرکار ﷺ کا مدینہ
ہر شہر سے ہے اچھا سرکار کا مدینہ — جنت سے بھی سہانا سرکار ﷺ کا مدینہ
بے کس کا ہے سہارا سرکار ﷺ کا مدینہ — بے گھر کا ہے ٹھکانہ سرکار ﷺ کا مدینہ
کہسار دلکشا ہیں صحرا بھی دلربا ہیں — حسن و جمال والا سرکار ﷺ کا مدینہ
دونوں جہاں سے پیارا کون و مکاں سے پیارا — ہر آنکھ کا ہے تارا سرکار ﷺ کا مدینہ
جنت کا حسن سارا اس میں سمٹ کر آیا — ہے حسن ہی سراپا سرکار ﷺ کا مدینہ
ہر سمت رحمتوں کی بارش ہو رہی ہے — ہے رحمتوں کا دریا سرکار ﷺ کا مدینہ
فرقت کی آگ میں جو دل کو جلا رہے ہیں — ان کو دکھا خدایا سرکار ﷺ کا مدینہ

Marfat.com

**یا خدا التجا ہے یہ میری موت آئے تو اس طرح آئے**

جان قدموں میں نکلے نبیؐ کے اور وہیں مجھ کو دفنایا جائے

دن نکلے تو اس طرح نکلے موت آئے تو اس طرح آئے

دھوم سے نکلے میرا جنازہ میری میت مدینے کو جائے

ہے سہارا ہمیں مصطفیؐ کا چھوڑتی ہے تو چھوڑ دے دنیا

ہم سے چھوٹے نہ دامن نبیؐ کا چاہے سارا جہاں چھوٹ جائے

جگہ جنت تو اچھی ہے لیکن ہے پسند اپنے دل کو مدینہ

ہم نہ جائیں گے کوئے نبیؐ سے جس نے جانا ہے جنت کو جائے

زائرین مدینہ کی عظمت کوئی پوچھے میرے دل سے

ان کی آنکھ پہ قربان جاؤں جو دیار نبی دیکھ آئے

عظمت مصطفےٰؐ کیا بیاں ہو شان میرے نبی کی نہ پوچھو

بہر تعظیم سارا زمانہ جس کی چوکھٹ پہ سر کو جھکائے

☆☆☆☆☆

**یاد میں آقا ﷺ کی آنسو بہہ گئے**

ہم مدینہ جائیں گے اب کے برس

ہم تیرا آقاؐ سے کہہ دیں گے سلام

کرتے ہیں سب پہ کرم شاہِ امم ﷺ

کیسے ہاشم کو بھلا آئے قرار

**سب مدینے کو گئے ہم رہ گئے**

ہر برس یہ سوچ کر ہم رہ گئے

جانے والے حاجی ہم سے کہہ گئے

آنے والے حاجی ہم سے کہہ گئے

قافلہ بچھڑا اکیلے رہ گئے

☆☆☆☆☆

Marfat.com

**یاد مصطفےٰ ایسی بس گئی ہے سینے میں**
**جسم ہو کہیں اپنا دل تو ہے مدینے میں**

کون ہے یہ دیوانہ کس کا ہے یہ دیوانہ
محشر میں بھی کہتا ہے جانا ہے مدینے میں

میرے کملی والے کا گھر تو ہے مدینے میں
لیکن وہ تو رہتے ہیں عاشقوں کے سینے میں

کون سی جگہ ان کے عاشقوں سے خالی ہے
ہر جگہ ہیں پروانے پر شمع ہے مدینے میں

کون ہیں تیرے آقا پوچھا تو خضرؑ بولے
کالی کملی والے ہیں رہتے ہیں مدینے میں

بعد میرے مرنے کے دوست میرے یوں بولے
آدمی تو اچھا تھا جو مر گیا مدینے میں

بڑھتے ہوئے طوفاں نے موڑ لیا ہے رخ اپنا
مصطفےٰ کے دیوانے بیٹھے جس سفینے میں

یاد مصطفےٰ ﷺ ایسی بس گئی ہے سینے میں
جسم ہو کہیں اپنا دل تو ہے مدینے میں

☆☆☆☆☆

**یارب محمد ﷺ میری تقدیر جگا دے**
**صحرائے مدینہ مجھے آنکھوں سے دکھا دے**

پیچھا میرا دنیا کی محبت سے چھڑا دے
یارب مجھے دیوانہ مدینے کا بنا دے

دل عشق محمد ﷺ میں تڑپتا رہے ہر دم
سینے کو مدینہ میرے اللہ بنا دے

بہتی ہے جو ہر وقت سرکار کے غم میں
روتی ہوئی وہ آنکھ مجھے میرے خدا دے

ایمان پہ دے موت مدینے کی گلی میں
مدفن میرا محبوب کے قدموں میں بنا دے

عطار سے محبوب کی سنت کی لے خدمت
ڈنکا یہ تیرے دین کا دنیا میں بجا دے

دیتا ہوں تجھے واسطہ پیارے نبی کا
امت کو خدا یا سنت پہ چلا دے

اللہ ملے اسی سال حج کی سعادت
عطار کو پھر روضہ محبوب دیکھا دے

☆☆☆☆☆

Marfat.com

**یوں تو سارے نبی محترم ہیں مگر　　سرورِ انبیاء تیری کیا بات ہے**

رحمتِ دو جہاں آپ کی ذات ہے　　اے حبیبِ خدا تیری کیا بات ہے
روحِ کون و مکاں پہ نکھار آ گیا　　سب کی بے چینیوں کو قرار آ گیا
مرحبا مرحبا ہر کسی نے کہا　　آمدِ مصطفیٰ تیری کیا بات ہے
چار سو رحمتوں کی گھٹا چھا گئی　　جیسے گلشن میں فصلِ بہار آ گئی
دل کا غنچہ کھلا اسمِ اعظم ملا　　ذکرِ صلِ علیٰ تیری کیا بات ہے
حضرت آمنہؓ کے دلارے نبیؐ　　غم زدہ امتوں کے سہارے نبیؐ
روزِ محشر کہے گی یہ خلقِ خدا　　سب کے مشکل کشا تیری کیا بات ہے
ہر قدم رحمتوں کا خزینہ ملے　　جب گلے سے ہوائے مدینہ ملے
عرشیوں کی ندا فرشیوں کی صدا　　اے درِ مصطفیٰ تیری کیا بات ہے
جو تمنا تھی دل کی وہ پوری ہوئی　　ہر جگہ ظہوری ظہوری ہوئی
چوکھٹ مصطفیٰ کی حضوری ہوئی　　اے نبیؐ کے گدا تیری کیا بات ہے

☆☆☆☆☆

**یا رب میری سوئی ہوئی تقدیر جگا دے　　آنکھیں مجھے دی ہیں تو مدینہ بھی دکھا دے**

سننے کی جو قوت مجھے بخشی ہے تو نے　　پھر مسجد نبوی کی آذانیں بھی سنا دے
مدت سے میں ان ہاتھوں سے کرتا ہوں دعائیں　　ان ہاتھوں میں اب جالی سنہری بھی تھما دے
حوروں کی نہ غلماں کی نہ جنت کی طلب ہے　　مدفن میرا سرکار کے قدموں میں بنا دے
منہ محشر میں مجھے نہ چھپانا پڑے یارب　　مجھے اپنے محبوب کی کملی میں چھپا دے
عشرتؔ کو بھی اب خوشبوئے حسان عطا کر　　جو لفظ کہے دل سے تو اسے نعت بنا دے

☆☆☆☆☆

Marfat.com

یہ آرزو نہیں دعائیں ہزار دو
پڑھ کے نبی کی نعت لحد میں اتار دو

دیکھا ابھی ابھی ہے نظر سے جمال یار
اے موت مجھ کو تھوڑی مہلت ادھار دو

سنتے ہیں جانکنی کا ہے لحہ بہت کٹھن
لے کر نبیؐ کا نام یہ لحہ گزار دو

میرے کریم میں تیرے در کا فقیر ہوں
اپنے کرم کی بھیک مجھے بار بار دو

گر جینا ہے عشق میں لازم تو یہ شرط ہے
کھیلو اگر یہ بازی تو ہر چیز ہار دو

یہ جان بھی ظہوریؔ نبی کے طفیل ہے
اسی جان کو حضور ﷺ کا صدقہ اتار دو

☆☆☆☆☆

# نعتیہ اشعار

بلوائیں مجھے شاہ جو سلطانِ مدینہ
جاتے ہی ہوں جاؤں گا قربان مدینہ

کافر ہوں کہ مومن ہوں خدا جانے میں کیا ہوں
پر بندہ ہوں ان کا جو ہیں سلطان مدینہ

مومن جو نہیں ہوں تو کافر بھی نہیں ہوں
اس رمز سے آگاہ ہیں سلطان مدینہ

☆☆☆☆☆

بے وضو عشق کے عبادت حرام ہے
خوب رولیتا ہوں آقا کی ثناء سے پہلے

اکرامؔ تو بھی وجد میں نعت نبی سنا جا
اچھا نہیں ہے کوئی نشہ اس نشے کے بعد

☆☆☆☆☆

حضور ﷺ کوئی ایسا انتظام ہو جائے
سلام کے لئے حاضر غلام ہو جائے

میں صرف دیکھ لوں ایک بار سبز گنبد
پھر میری دنیا میں شام ہو جائے

حضورؐ ایسا آپ سن لیں تو بات بن جائے
حضورؐ آپ جو کہیں تو کام ہو جائے

☆☆☆☆☆

Marfat.com

# حصہ نعت پنجابی

Marfat.com

**اج خوشیاں عرشاں فرشاں تے مختار نبی ﷺ آئے نیں**

کہیا کعبے دی سبحان اللہ سرکار محمد ﷺ آئے نیں

اے اوّل آخر نور میرا ایسے صورت وچ ظہور میرا

اج صدقے ہو ہو رب آکھے دلدار محمد ﷺ آئے نیں

جس نوح دی بیڑی پار کیتی جس بلدی اگ گلزار کیتی

نبیاں دے سر دی جھک گئے نیں سردار محمد ﷺ آئے نیں

گھر عبداللہؓ دے چن چڑھیا اج بھاگ حلیمہ دا لڑیا

ہویاں خوشیاں اج یتیماں نوں غمخوار محمد ﷺ آئے نیں

آیا سورج لک گئے نیں چن تارے رب موتی رحمتاں دے سارے

بدلے قانوں زمانے دے سارے سالار محمد ﷺ آئے نیں

کھلیا میخانہ وحدت دا آیا مسلم و یلا رحمت دا

اج کرن لئی اپنے مستاں نوں سرشار محمد ﷺ آئے نیں

☆☆☆☆☆

**اللہ ہو اللہ ہو دل پاوے جھلیاں — مینوں سوہنے نے بلایا میں مدینے چلی آں**

مینوں کردنی تیار گل پاؤ پھلاں دے ہار — مینوں ملو وار و وار میں مدینے چلی آں

حاجی چلے نیں مدینے اگ بھڑکے میرے سینے — اس لگی ہوئی اگ نوں میں بجھاون چلی آں

حاجی کردے طواف نالے چُمدے غلاف — میں وی کعبے دا غلاف ہن چمن چلی آں

خانے کعبے دے مینار جتھے لگی اے بہار — اس لگی ہوئی بہار نوں میں ویکھن چلی آں

خانے کعبے دیاں گلیاں جتھے سوہنے لایاں تلیاں — انہاں گلیاں دا میں وی بوسہ لین چلی آں

صفا مروہ دے جو فیرے حاجی لیندے ست پھیرے — بی بی حاجرہؓ دی سنت میں نبھاون چلی آں

Marfat.com

**اج ماہی میرا عرشاں تے معراج مناون چلیا اے**

اس سُتی ہوئی امت دی قسمت نوں جگاون چلیا اے

اللہ نوں اپنی امت دے دکھ درد سناون چلیا اے

نالے دید دے پیاسے عرشیاں نوں دیدار کراون چلیا اے

او محرم راز حقیقت دا سر پہن کے تاج شفاعت دا

اج راتوں راتیں بن ٹھن کے امت بخشاون چلیا اے

اٹھو خوش قسمت بیمار و سنو خوش بخت گنہگار و

محبوب ﷺ خدا بدکاراں دی بگڑی نوں بناون چلیا اے

جنہوں لوکی خاکی آکھدے سن جنہوں اپنے ورگا جاندے سن

او خاکی ویکھو نوریاں نوں اج سبق پڑھاون چلیا اے

اعظمؔ معراج بہانہ اے دراصل ایہہ والی عرشاں دا

دوہاں نوراں نوں اک جا کر کے دوری مٹاون چلیا اے

☆☆☆☆☆

**اوہ کون آیا جیدے آیاں بہاراں مسکرا پیاں کھڑے نیں پھُل تے کلیاں ہزاراں مسکرا پیاں**

بڑی خوش بخت سی ڈاچی سواری کملی والے دی حلیمہؓ ہتھ جدوں پھڑیاں مہاراں مسکرا پیاں

ازل توں جیہڑیاں محروم سن قربت دی لذت توں قدم رکھیا نبی ﷺ سوہنے اوہ غاراں مسکرا پیاں

کھڑے سن منتظر سارے نبیؑ اقصیٰ دی مسجد وچ امام الانبیاء ﷺ آئے قطاراں مسکرا پیاں

ظہوریؔ بے کساں نے شکر دے سجدے ادا کیتے ازل توں غمزدہ سوچاں وچاراں مسکرا پیاں

پچھاں جبرئیل سدرہ تے کھڑا حیران ہوندا سی اگاں لنگیا نبی ﷺ تے راہگزاراں مسکرا پیاں

☆☆☆☆☆

Marfat.com

**اس رات دے تارے سدرے نیں اج عرش سجایا جانا اے**

غاراں وچ رودن والے نوں مہمان بنایا جانا اے
صفاں بن کے کھلوتا نبیاں نے راہ مل کے بہناں ولیاں نے
محبوب ﷺ دا سارے عرشیاں نوں دیدار کرایا جانا اے
چن مڑ مڑ کے راہ تکدا اے ایہہ عرش بھی تانگاں رکھدا اے
رل بہناں اے دو ذاتاں نیں اج نور رسایا جانا اے
ٹرے مکے توں اج دو راہی، جبرائیل تے رب دا ماہی
اک سدرہ تے رہ جانا ایں اک کول بلایا جانا اے

☆☆☆☆☆

**اساں یا محمد ﷺ یا محمد ﷺ کہنا ایں**

کملی دی چھاویں بہنا ایں
عاشق جیہڑے پاک نبی ﷺ دے
قبراں وچ وی جا کے او ہناں
نہیں بہشتاں دیاں ریجھاں
ساقی دے بوہے اتے
حشر دے لبھدے پھرن سپاہی
ماہی جدا اے کملی والا ﷺ
اوہدے جیہا کوئی آیا نہیں
حشر دے وچ ساڈے سراں تے

**دنیا دی نظراں توں بچ بچ کے**

اساں یا محمد ﷺ یا محمد ﷺ کہنا ایں
جلوے ویکھن رب جلی دے
سدا سلامت رہنا ایں
ساڈی جنت نبیؐ دیاں دہلیجاں
مستاں راضی رہنا ایں
ڈر ڈر، لک لک پہن گناہی
اس نوں کسے کی کہنا ایں
جس دا مسلم سایہ نہیں
سایہ اُوس دا رہنا ایں

☆☆☆☆☆

Marfat.com

**اس نگری نوں کوہ طور آکھاں　　جدے وچ سجناں داڈیرا اے**

او دل وی عرش معلّیٰ اے　　جس دل وچ یار داڈیرا اے
تساں سانوں مکھ وکھانا نہیں　　اساں دید بنا ایتھوں جانا نہیں
اساں مڑ مڑ در تے آؤنا نہیں　　ساڈا جوگیاں والا پھیرا اے
جیہڑے عشق تیرے نے چور کیتے　　تیرے نیناں نیں مخمور کیتے
اونہاں دل دنیا تو دور کیتے　　اونہاں بھل گیا تیرا میرا اے
نہ علماں وچ پھسا سانوں　　کوئی یار دی گل سنا سانوں
او تھے علم دا سکہ نہیں چلدا　　جتھے عشق ہوراں دا پھیرا اے
میری آس امید دی دنیا وچ　　تیری یاد دا دیوا بلدا اے
اے محبوباں دیا محبوبا　　اے سارا ای چانن تیرا اے
چل اعظم او تھے چل وسیے　　جتھے یار دا آؤنا جانا اے
اوس بستی دے وچ کی رہنا　　جتھے سجناں باجھ انھیر ا اے

☆☆☆☆☆

**آئے محمد ﷺ رحمتاں والے　　رحمتاں والے برکتاں والے**

حوراں رل مل ویکھن آیاں　　آمنہؓ بی بی تائیں دین ودھایاں
کھلے بہشتاں دے اج تالے　　آئے محمد ﷺ رحمتاں والے
ویکھ خلقت ہوئی دیوانی　　پیاری پیاری شکل نورانی
کل نبیاں تو ہین نرالے　　رحمتاں والے برکتاں والے
دل بے چین نوں چین نہ آوے　　عشق۔ستاوے دل نوں جلاوے
کوثر دے بھر دے پیالے　　رحمتاں والے برکتاں والے

Marfat.com

**آساں لگیاں مدینے نوں جاون دیاں**
**میری واری نہ آوے تے میں کی کراں**

آوے نہ آوے دم دا بھروسہ اے کی
ایہو غم مینوں کھائے تے میں کی کراں

لکھاں ترلے صبانوں وی پائے نے میں
حال رورو کے دل دے سنائے نے میں

جے نہ باد صبا اے سُنیہے میرے
اودھے در تے پنچاوے تے میں کی کراں

ہار ہنجواں دا رکھیا اے دلدار لئی
بوہے پلکاں دے کھولے نیں سرکار ﷺ لئی

سیج دل دی وچھائی اے میں یار لئی
یار پھیرا نہ پاوے تے میں کی کراں

خبرے سوہنا کیوں مینوں بلاوندا نہیں
صبر ہوندا نہیں چین آوندا نہیں

یاد کر کر مدینے دی سرکار نوں
اکھ اتھرو بہاوے تے میں کی کراں

پھر مدینے نوں لکھاں تیار نے
خوش نصیباں نوں سدیا اے سرکار نیں

جاندے تک کے مدینے دے ول قافلے
دل قابو نہ آوے تے میں کی کراں

پار ہوناں ایں خبرے سفینہ کہ نہیں
ویکھنا خبرے میں وی مدینہ کے نہیں

ایہو غم تے فکر مینوں حافظؔ
وچو وچ کھاوے تے میں کی کراں

☆☆☆☆☆

**اے موت ٹھہر جا ذرا میں مدینے تے جالواں**
**ستا ہویا نصیب تے میں اپنا جگا لواں**

اک وار جا کے اوس دلاں دے طبیب نوں
سینے دے سارے داغ اپنے دکھالواں

کہندے نیں ہر غریب دی سن دا اے زاریاں
میں وی تے اپنے غم دی کہانی سنالواں

کدھرے وی کوئی نہیں اوہدے نال دا
میں وی تے گداواں وچ ناواں لکھالواں

جی بھر کے رولواں در اقدس دے سامنے
اکھاں نوں گفتگو دا قرینہ سکھالواں

میں وی تے چار موتی کراں اوس توں نثار
پلکاں تے ہنجواں دے ستارے سجالواں

آوے جے فیر موت تے آوے ہزار وار
اعظمؔ جے زندگی دی اے حسرت مٹالواں

Marfat.com

**اِکو اِی حیاتی دا معیار ہونا چاہیدا — اللہ دے حبیب نال پیار ہونا چاہیدا**

اللہ دے حبیب نال پیار ہونا چاہیدا — بندہ اوہدے یاراں دا وی یار ہونا چاہیدا
اُچا سُچا سوچ دا معیار ہونا چاہیدا — اللہ دے حبیب نال پیار ہونا چاہیدا
سانوں یارِ غار نے دسیا اے دوستو — سب کجھ سوہنے توں نثار ہونا چاہیدا
پُچھ یارِ غار توں ول یاری لان دا — یار نال یار دا مزار ہونا چاہیدا
حضرت صدیقؓ دے دل دی تمنا سی — یار دے مزار نال مزار ہونا چاہیدا
جنت وچ جانواں گے میں دعوے نال کہناواں — بندہ پنج تن دا حُب دار ہونا چاہیدا
مدینے وچوں آوے سوہنا حال پچھن لئی — ایہو جیہا بندے نوں بیمار ہونا چاہیدا
مومنا من لے مولا علیؓ لجپال نوں — علیؓ دے غلاماں وچ شمار ہونا چاہیدا
صدقہ حسینؓ و علیؓ نالے زہرہؓ پاک دا — سانوں وی تے سوہنے دا دیدار ہونا چاہیدا
نام تیرے تاریا سی آقا ﷺ بیڑا نور دا — بیڑا گنہگاراں دا وی پار ہونا چاہیدا
آقا ﷺ جدوں یاد کروا اپنے غلاماں نوں — ساڈا وی غلاماں وچ شمار ہونا چاہیدا
جیہڑے تیرے نام دیاں محفلاں سجاندے نیں — اوہناں بیلیاں دا وی بیڑا پار ہونا چاہیدا
ساڈے اُتے ہون اللہ دی عنایتاں — جیوندے جیوندے سوہنے دا دیدار ہونا چاہیدا
لباں تے نیازی جدوں ساہ ہون آخری — اوس ویلے سوہنے دا دیدار ہونا چاہیدا

☆☆☆☆☆

**اوہدے دم نال سارا جہان بنیا — ایہہ تے اپنا ایمان یارو**

جے پیدا حضور ﷺ نہ رب کردا — نہیں سن ہونے دونویں جہان یارو
نہ تورات، زبور، انجیل ہوندی — نہیں سی ہوناں اے پاک قرآن یارو
نہ سی ہونے غفور اے عرش کرسی — نہیں سی ہونے ایہہ زمین آسمان یارو

Marfat.com

**اللہ دے حبیب دی محفل سجالواں — آقا ﷺ دے غلاماں وچ ناواں لکھالواں**

یاد نبی ﷺ دے پھلاں تھیں گھر نوں سجالواں — سوہنے دے آون جان دا رستہ بنالواں

بن بن سوالی آوندے نیں جس در تے بادشاہ — میں وی اوہدے دوارے تے جھولی پھیلالواں

اے موت ٹھہر جاذرا میں مدینے تے جالواں — سوہنے دے عاشقاں نوں نعت سنالواں

ایناں کرم تے میرے تے کردے میرے خدا — جد چاہواں میں حضور ﷺ دا دیدار پالواں

سجدے کراں میں حضور دے منبر دے سامنے — نقش حضور ﷺ پاک نوں کعبہ بنالواں

اے کہہ کے سی شبیر نے نیتی نمازِ عشق — دنیا نوں بندگی دا قرینہ سکھالواں

رحمت میرے حضور ﷺ دی واجاں ہے ماردی — آجا گنہگارا تینوں میں غم توں بچالواں

ہر شے چُماں گا مسجد نبوی دی بار بار — اک وارا اپنے آقا ﷺ دے روضے جالواں

ہے فیصلہ ایہہ عقل دا ننچاں حرام اے — کہندا اے عشق یار نوں نچ کے منالواں

☆☆☆☆☆

**اج سک متراں دی ودھیری اے — کیوں جندڑی اداس گھنیری اے**

لوں لوں وچ شوق چنگیری اے — اج نیناں لایاں کیوں جھڑیاں

مکھ چند بدر لا ثانی اے — متھے چمکے لاٹ نورانی اے

کالی زلف تے اکھ مستانی اے — مخمور اکھیں ہن مدھ بھریاں

اس صورت نوں میں جان آکھاں — جان آکھاں جان جہان آکھاں

سچ آکھاں تے رب دی شان آکھاں — جس شان توں شاناں سب بنیاں

اے صورت ہے بے صورت تھیں — بے صورت ظاہر صورت تھیں

او بے رنگ دِسے اس صورت تھیں — وچ وحدت پھٹیاں جد گھڑیاں

دسے راہ صورت بے صورت دا — توبہ راہ کی عین حقیقت والے

Marfat.com

پر کم بہت نہیں بے سوجھت دا کوئی
کوئی ورلیاں موتی لے لڑیاں

انہاں سک دیاں تے کرلاندیاں نیں
لکھ واری صدقڑے جاندیاں نیں

انہاں بردیاں مفت وکاندیاں نیں
شالا وت بھی آون او گھڑیاں

سبحان اللہ ما اجملک
ما احسنک ما اکملک

کتھے مہر علیؒ کتھے تیری ثناء
گستاخ اکھیاں کتھے جا اڑیاں

☆☆☆☆☆

**اللہ اللہ میرے نبی ﷺ دی سب توں شان نرالی اے**

ساڈے سارے عیب چھپاون والی سوہنے دی کملی کالی اے
لکھ رہوے کوئی کردا بھاویں دل تھیں اللہ اللہ
جے نہیں دل وچ عشق نبی ﷺ دا سمجھو بھانڈا خالی اے
مینوں سدھ بدھ ہور ناں کوئی میں مکدی گل مکا دیواں
جس تے ہو گیا سوہنا راضی او ہو کرماں والی اے
سدا درود وسلام دے تحفے بھیجے اوس سوہنے نوں
سب کجھ اوس دی خاطر بنیا او ہ کونین دا والی اے
جے دل وچ عشق دا چانن ہووے فیر نیازیؔ ویکھ ذرا
اوہ وِسدا دربار نبی ﷺ دا او روضے دی جالی اے

☆☆☆☆☆

Marfat.com

**اوسیاں بڑیاں نصیباں والیاں — جنہاں نے چکیاں مدینے پالیاں**

ویکھ کے رتبہ حبشی بلالؓ دا — ہو گیاں قربان ویکھن والیاں

سوں گئی امت آقاﷺ جاگ دے — کیتیاں لجپال نے رکھوالیاں

عاشقاں دے سینے ٹھنڈاں پیندیاں — اوہ ہواواں نے مدینے والیاں

ویڑے تیرے کھیڈے رب دالاڈلا — واہ حلیمہؓ تیریاں خوشحالیاں

ہتھ اٹھائے جد نبی نے بارش لئی — آ گیاں چڑھ کے گھٹاواں کالیاں

میرا منہ آ کے فرشتے چُمد ے — چم لیاں جد میں روضے دیاں جالیاں

جتھے دی سجے محفل سرکار دی — اوتھے رہندیاں سدا خوشحالیاں

میں ظہوری صدقے سوہنے دے نال توں — ساریاں بلاواں جس نے ٹالیاں

عشق دے جھلے گاہ نمبر لے گئے — عقلنداں ایویں عمراں گالیاں

نوری مکھڑا نالے زلفاں کالیاں — صدقے واری جاون ویکھن والیاں

☆☆☆☆☆

**اوو ی ویلا آوے یار میں مدینے ہوواں — جے کرم کرن سرکار میں مدینے ہوواں**

تیرے شہر طیبہ آواں سبز گنبد ویکھی جاواں — بھاویں مل جاون دن چار میں مدینے ہوواں

جے ہووے سرکاردی مرضی رہواں میں نوکر دردی — دیواں ساری عمر گزار میں مدینے ہوواں

محبوبا مدنی منٹھار در دونڈاون والیا یار — آوے کرماں والا وار میں مدینے ہوواں

من میں تڑی دیاں عرضاں ہجر دیاں مک جاون گھڑیاں — تیرا ہو جاوے دیدار میں مدینے ہوواں

غم دی لہر وچ ڈُب جاواں واسطہ آل تیری داپاواں — میرا کردیو بیڑا پار میں مدینے ہوواں

کردے سوہنیا کرم نوازی تیرے در تے آئے نیازی — تیرا او سدا رہوے دربار میں مدینے ہوواں

جی کردامیں جالیاں چماں روضے دے گھماں — اکھیاں رووں زار و زار میں مدینے ہوواں

Marfat.com

## آؤ ساریاں سیاں نیں نبی ﷺ دا رل مل سہرا گائیے

اتوں رات معراج دی اے کملی والے دی زیارت پائیے
چلو ویکھیئے عرب دے ماہی نوں اس سوہنے عرش دے راہی نوں
اوس موہ لیا ذات الٰہی نوں اوہدے صدقے جائیے رل مل سہرا گائیے
در جنت دے کھلوائے نیں اج عرش تے احمد ﷺ آئے نیں
رب سدیا سنہڑے گھل گھل کے چلو چلیے بہیئے راہ مل کے
اوہدا استقبال کریئے چل کے وڈی شان نال لیائیے رل مل سہرا گائیے
او کھیتیاں جیہڑیاں سڑیاں سن نبی ﷺ پاک نیں ہریاں کیتیاں سن
مڑ صلِ علیٰ دیاں لڑیاں سن اوہدے صدقے جائیے رل مل سہرا گائیے
اوہدے مونڈھے کملی کالی اے او حوض کوثر دا والی اے
او سب اُمتاں دا والی اے چلو چل کے پیاس بجھائیے رل مل سہرا گائیے

☆☆☆☆☆

## ایتھے دل نہیں لگدا یار چلئے شہر مدینے نوں — کریئے سوہنے دا دیدار چلئے شہر مدینے نوں

سوہنے سوہنے کپڑے پا کے مانگ سجا لواں — نالے کر کے ہار سنگھار چلئے شہر مدینے نوں
سوہنا دکھڑا یار سنائیے دل دیاں رتجھاں لاہیئے — جند قدماں توں دیئے وار چلئے شہر مدینے نوں
گل وچ عشق دی مالا پا کے دل وچ یار دا نقش جگا کے — سارے ہو جایئے تیار چلئے شہر مدینے نوں
طیبہ دیاں وکھریاں شاناں رہندیاں ساہنوں ہر دم تانگاں — آوے قسمت والا وار چلئے شہر مدینے نوں
ہجر دے بھانبھڑ سینے بلدے نہ زر پلے نہ وس چلے — اکھاں روندیاں زاروزار چلئے شہر مدینے نوں

☆☆☆☆☆

Marfat.com

**ایہو افضل ذکر پچھان والا　　آیا وچہ حدیث بیان والا**

ایہو مطلب خاص قرآن والا　　پڑھو لا الہٰ الا اللہ

**محمد ﷺ پاک رسول اللہ**

اس کلمے دے راز نیارے نیں　　اس ڈبے ہوئے بیڑے تارے نیں

سانوں دسیا مدینے والے نیں　　پڑھو لا الہٰ الا اللہ

**محمد ﷺ پاک رسول اللہ**

جو شان احمد ﷺ پیارے دا　　نہیں شان او عالم سارے دا

نہیں کوئی مثل اس راج دلارے دا　　پڑھو لا الہٰ الا اللہ

**محمد ﷺ پاک رسول اللہ**

سر صدقے کلمے والے توں　　اس امت دے رکھوالے توں

نبی نوری تاجاں والے توں　　پڑھو لا الہٰ الا اللہ

**محمد ﷺ پاک رسول اللہ**

سوہنا گنبد سبز سہاوے نی　　پیا دوروں نظری آوے نی

ویکھ عاشق صدقے جاوے نی　　پڑھو لا الہٰ الا اللہ

**محمد ﷺ پاک رسول اللہ**

جیہڑا چواں یاراں دا یار نہیں　　اوہدا پنجتن نال پیار نہیں

اوہدے کلمے دا اعتبار نہیں　　پڑھو لا الہٰ الا اللہ

**محمد ﷺ پاک رسول اللہ**

پڑھ کلمہ پاک شریعت دا　　پھڑ کامل پیر طریقت دا

جہڑا اوسے راہ حقیقت دا　　پڑھو لا الہٰ الا اللہ

Marfat.com

محمد ﷺ پاک رسول اللہ

اس دم دا کی بھروسہ اے  جیویں پانی وچ پتاسہ اے
اے دنیا اک تماشہ اے  پڑھو لا الٰہ الا اللہ

محمد ﷺ پاک رسول اللہ

تینوں کلیاں گھر نہیں کڈن گے  وچ جنگل دے جا چھڈن گے
قبر دے وچ جا دبن گے  پڑھو لا الٰہ الا اللہ

محمد ﷺ پاک رسول اللہ

ایتھے جو آیا ٹر جائے گا  سب دولت مال لٹائے گا
پھر مڑ کدی نہ آئے گا  پڑھو لا الٰہ الا اللہ

محمد ﷺ پاک رسول اللہ

کئی یار پیاریاں یاراں دے  دلدار اپنے دلداراں دے
جا لیٹے وچ مزاراں دے  پڑھو لا الٰہ الا اللہ

محمد ﷺ پاک رسول اللہ

☆☆☆☆☆

**آکھیں سوہنے نوں ہوائے نیں جے تیرا گزر ہووے**

میں مر کے وی نہیں مردا آقا جے تیری نظر ہووے
دم دم نال ذکر کراں میں تیریاں شاناں دا
تیرے نام توں وار دیاں جنی میری عمر ہووے
اوہدی ذات تے ہر ویلے پھل چڑھن دروداں دے
چرچا میرے آقا ﷺ دا شام و سحر ہووے

Marfat.com

دیوانیو بیٹھے رہو محفل نوں سجا کے تے
شاید میرے آقا ﷺ دا ایتھوں وی گزر ہووے
ایہو کردا اے جی میرا ملے اِذن حضوری دا
سرکار دی چوکھٹ تے کدی میرا وی سر ہووے
کیوں فکر کریئے یارا ماسا دی اگیرے دا
اوہنوں ستے ای خیراں نے جدا سائیں مگر ہووے
او کیسیاں گھڑیاں سن مہمان ساں سوہنے دے
دل فیر وی کردا اے طیبہ دا سفر ہووے
ایہو دل وچ نیازی دے آس چروکنی اے
سرکار دے دیس اندر کِتے میرا وی گھر ہووے

☆☆☆☆☆

**بھر دو جھولی میری یا محمد ﷺ**
**لوٹ کر میں نہ جاؤں گا خالی**

کچھ نواسوں کا صدقہ عطا ہو
در پہ آیا ہوں بن کے سوالی
شاہ مدینہ سنو التجا خدا کیلئے
کرم ہو مجھ پہ حبیب خدا، خدا کیلئے
حضور غنچۂ امید اب تو کھل جائے
تمہارے در کا سوالی ہوں بھیک مل جائے
تمہارے آستانے سے زمانہ کیا نہیں پاتا
کوئی بھی در سے خالی نہیں جاتا
کچھ نواسوں کا صدقہ عطا ہو
در پہ آیا ہوں بن کے سوالی
تم زمانے کے مختار ہو یا نبیؐ
بیکسوں کے مددگار ہو یا نبیؐ
سب کی سنتے ہو اپنے ہوں یا غیر ہوں
تم غریبوں کے غمخوار ہو یا نبیؐ
ہم ہیں رنج و مصیبت کے مارے ہوئے
سخت مشکل میں غم کے مارے ہوئے

Marfat.com

یا نبیؐ کچھ خدارا ہمیں بھیک دو
در پہ آئے ہوئے ہیں جھولی پھیلائے ہوئے

کچھ نواسوں کا صدقہ عطا ہو
در پہ آیا ہوں بن کے سوالی

حق سے پائی ہے وہ شان کریمی
مرحبا دونوں عالم کے والی

زندگی بخش دی بندگی کو
آبرو دین حق کی بچالی

وہ محمد ﷺ کا پیارا نواسہ
جس نے سجدے میں گردن کٹالی

بھر دو جھولی میری یا محمد ﷺ
لوٹ کر میں نہ جاؤں گا خالی

سرِ محشر گنہگاروں سے پرسش جس گھڑی ہوگی
یقیناً ہر بشر کو اپنی پڑی ہوگی

سبھی کو آس اُس کملی والے سے ہوگی
کہ ایسے میں محمدؐ کی سواری آرہی ہوگی

پکارے گا زمانہ اس گھڑی
دُکھ درد کے مارو نہ گھبراؤ

او گنہگارو نہ گھبراؤ آرہے ہیں وہ دیکھو محمدؐ
جنکے کاندھے پہ کملی ہے کالی

☆☆☆☆☆

**بیڑا محمد ﷺ والا لیندا اے تاریاں**
**جس نے مدینے جانا کرلو تیاریاں**

اوتھے نیں ٹھنڈیاں چھاواں
دل کش معمور ہواواں

کھلیاں بہشت دیاں جیویں سب باریاں
جس نے مدینے جانا کرلو تیاریاں

کعبے دے گرد گھمیئے روضے دی جالی نوں چمیئے
تک آیئے نالے جنت دیاں کیاریاں

سوہنے نوں راضی کریئے
رحمت تھیں جھولی بھریئے

پلکاں دے نال تھاں تھاں دیئے بہاریاں
جس نے مدینے جاناں کرلو تیاریاں

☆☆☆☆☆

Marfat.com

# تاجدارحرم ہو نگاہ کرم

قسمت میں میری چین سے جینا لکھ دے — ڈوبے نہ کبھی میرا سفینہ لکھ دے

جنت بھی گوارا ہے مگر میرے لئے — اے کاتب تقدیر مدینہ لکھ دے

تاجدار حرم ہو نگاہ کرم — ہم غریبوں کے دن بھی سنور جائیں گے

چشم رحمت بکشا سوئے من انداز نظر — اے قریشی لقبی ہاشمی و مطلبی

یارسول اللہ بہ احوال خیال ما بین — ربیا افتادہ ام از شرم عصیاں دا

بہرے چوں من بنا شد تمامی امت — رحمت کناں ہر حال ما یا رحمت العالمین

تاجدار حرم ہو نگاہ کرم — ہم غریبوں کے دن بھی سنور جائیں گے

کیا تم سے کہوں اے رب کہ کنور تم جانت ہو من کی بتیاں

دوفرقت تو اے امتی لقب کاٹے نہ کٹت ہے اب رتیاں

توری پریت میں سدھ بدھ سب بسری کب تک بے خبری

گاہے بہ فگن درزدیدہ نظر کبھی سن لو میری بیتیاں

تاجدار حرم ہو نگاہ کرم — ہم غریبوں کے دن بھی سنور جائیں گے

حامئی بیکساں کیا کہے گا جہاں — آپ کے در سے خالی اگر جائیں گے

تاجدار حرم ہو نگاہ کرم — ہم غریبوں کے دن بھی سنور جائیں گے

ہو نگاہ کرم ورنہ چوکھٹ پہ ہم — آپ کا نام لے لے کہ مر جائیں گے

کوئی اپنا نہیں غم کے مارے ہیں ہم — آپ کے دربار پہ فریاد لائیں ہم

دکھ، درد والم سب چھٹتے ہیں — حسنین کے صدقے بٹتے ہیں

مے کشو آؤ مدینے چلیں — دست ساقیِ کوثر سے پینے چلیں

آؤ مدینے چلیں آؤ مدینے چلیں — آؤ مدینے چلیں آؤ مدینے چلیں

Marfat.com

یاد رکھو اگر اٹھ گئی اک نظر — جتنے خالی ہیں جام سب بھر جائیں گے
خوفِ طوفاں ہے بجلیوں کا ڈر — سخت مشکل ہے آقا ﷺ کدھر جائیں
آپ ہی گر نہ لیں گے ہماری خبر — ہم مصیبت کے مارے کدھر جائیں گے
تاجدارِ حرم ہو نگاہ کرم — ہم غریبوں کے دن بھی سنور جائیں گے

☆☆☆☆☆

**تیرا کھاواں میں تیرے گیت گاواں یا رسول اللہ ﷺ**

تیرا میلاد میں کیوں نہ مناواں یا رسول اللہ ﷺ
حلیمہ کلھی نوں ویکھے کدی سرکار ول ویکھے
میں کیہڑی سیج تیرے لئی وچھاواں یا رسول اللہ ﷺ
جگا وَ بھاگ میرے وی ابوایوبؓ دے وانگوں
مقدر اس دا میں کیتھوں لیاواں یا رسول اللہ ﷺ
میں کجھ وی نئیں جے آقا ﷺ نال میری نسبت نئیں
میں سب کجھ ہاں جے تیرا ای سداواں یا رسول اللہ ﷺ
میرا دل وی اے چاہندا اے کدی میرے گھر تسی آ وَ
میں راہواں دے وچ پلکاں وچھاواں یا رسول اللہ ﷺ
کوئی تعریف ہووے اس سوہنے دی ظہوری توں
قلم جامی دا میں کیتھوں لیاواں یا رسول اللہ ﷺ

☆☆☆☆☆

Marfat.com

**تیری خیر ہووے پہرے دارا**

اَساں دیکھنا ایں رب دا نظارا
ناں ایں طور نہ عرش معلیٰ
ایتھے وِسدا اے رب دا نظارا
اس ہرے ہرے گنبد دی چھاویں
تائیں جھکدا ایتھے جگ سارا
ساڈے مولا نے اے دن دکھائے
ایتھے وسدا اے رب دا حبیب پیارا
جدوں آ ون گیاں ایہہ یاداں
جاندی واری تے سانوں خدارا
مہمان اسیں گھڑی پل دے
خورے آ وناں نہ ہووے دوبارہ

**روضے دی جالی چم لین دے**

روضے دی جالی چم لین دے
ایتھے ہر ویلے رب دی تجلّی
روضے دی جالی چم لین دے
آساں ویکھنے نے رسولاں دے ناویں
روضے دی جالی چم لین دے
آکے ڈیرے غریباں نے لائے
روضے دی جالی چم لین دے
اسی رو رو کراں گے فریاداں
روضے دی جالی چم لین دے
لکھے لیکھ نہیں مسلم ٹلدے
روضے دی جالی چم لین دے

☆☆☆☆☆

**تیرے سوہنے مدینے توں قربان میں**

گھٹدے جاندے نیں ساہ دم دا کی اے ساہ
سن لے عرضاں حبیبا کمینے دیاں
گلاں سن داہاں جدوں میں مدینے دیاں
میں سنبھالاں کیویں دل بیتاب نوں
جدوں جاندے مدینے دے ول قافلے
لاجاں رکھ لے شاہا ہاڑے پاون دیاں

**اللہ مینوں وی روضہ وکھا سوہنیا**

مرن توں پہلوں روضہ وکھا سوہنیا
جدوں وِدھ گیاں اَگاں سینے دیاں
| جن کو دنیا کے غم ستاتے ہیں | ٹھوکریں در بدر کھاتے ہیں |
| دور دنیا کے رنج و غم کر دو | اور سینے میں اپنا غم بھر دو |
| سب کو چشم تر عطا کر دو | اے میرے سلطاں سلام کہتے ہیں |
| جو تیرے عشق میں تڑپتے ہیں | حاضری کیلئے ترستے ہیں |
| اِذن طیبہ کی آس میں آقا | وہ پر ارمان سلام کہتے ہیں |
| آرزوئے حرم ہے سینے میں | اب تو بلوائیے مدینے میں |
| تجھ سے تجھی کو مانگتے ہیں جو | وہ مسلماں سلام کہتے ہیں |
| اب عطار کیوں پریشان ہو | عاصیوں پر بھی وہ مہربان ہے |
| ان پہ رحمت وہ خاص کرتے ہیں | جو مسلمان سلام کہتے ہیں |

☆☆☆☆☆

**صبا در مصطفیٰ تے جا کے کہویں درود و سلام میرا**

نبی ﷺ دے قدماں تے سر جھکا کے کہویں درود و سلام میرا

توں لے کے بوسہ او جالیاں دا او جالیاں کرماں والیاں دا

سوال کہہ کے سوالیاں دا کہویں درود و سلام میرا

ہوائے اتنا پیام میرا مدینے ہووے گزر جو تیرا

توں لے کے روضے دے گرد پھیرا کہویں درود و سلام میرا

Marfat.com

لیا مدینے دا سب نیں رستہ میں ایتھے ای رہ گیا ترسدا
توں جا کے حضرت نوں دست بستہ کہویں درود وسلام میرا
توں سامنے روضے دے کھلو کے میری طرح زاروزار رو کے
نثار قدماں دے اتوں ہو کے کہویں درود وسلام میرا
دھیان رہندا مدینے ولے کدی تے سوہنا بلاوا گھلے
عرب دے ویکھاں میں جا محلے کہویں درود وسلام میرا
نصیباں والے مدینے جاندے دلاں نوں اوتھے اودھو کے آوندے
اکھیاں چوں اتھرو نہ جھلے جاندے کہویں درود وسلام میرا
صبا توں جا کے اس طبیب تائیں خدا دے پیارے حبیب تائیں
ساڈے دکھاں دے طبیب تائیں کہویں درود وسلام میرا

☆☆☆☆☆

**مصطفٰے جانِ رحمت پہ لاکھوں سلام**
**شمعِ بزمِ ہدایت پہ لاکھوں سلام**

ہم غریبوں کے آقا پہ بے حد درود
ہم فقیروں کی ثروت پہ لاکھوں سلام

جس کے ماتھے شفاعت کا سہرا رہا
اس جبینِ عنایت پہ لاکھوں سلام

جس طرف اٹھ گئی دم میں دم آگیا
اس نگاہِ عنایت پہ لاکھوں سلام

جس سے تاریک دل جگمگانے لگے
اس چمک والی رنگت پہ لاکھوں سلام

شبِ اسریٰ کے دولہا پہ دائم درود
نوشہء بزمِ جنت پہ لاکھوں سلام

کس کو دیکھا یہ موسیٰ سے پوچھے کوئی
آنکھ والوں کی ہمت پہ لاکھوں سلام

جس سہانی گھڑی چمکا طیبہ کا چاند
اس دل افروز ساعت پہ لاکھوں سلام

پتلی پتلی گلِ قدس کی پتیاں
ان لبوں کی لطافت پہ لاکھوں سلام

Marfat.com

چہرہ مصطفےٰ اصل قرآن ہے
عاشقوں کی تلاوت پہ لاکھوں سلام

عاصیو تھام لو دامن مصطفےٰ
پھر پڑھو رب کی رحمت پہ لاکھوں سلام

امتی امتی لب پہ جاری رہا
امتی تیری قسمت پہ لاکھوں سلام

مجھ سے خدمت کے قدسی کہیں ہاں رضاؔ
یعنی وہ اعلٰے حضرت بریلی کے شاہ

کاش محشر میں جب انکی آمد ہو اور
بھیجیں سب انکی شوکت پہ لاکھوں سلام

اے خدا کے لاڈلے پیارے رسول
یہ سلام عاجزانہ ہو قبول

☆☆☆☆☆

**یارسول اللہ آپ کے در کی فضاؤں کو سلام**
**گنبدِ خضریٰ کی ٹھنڈی چھاؤں کو سلام**

مست و بے خود وجد میں آئی ہواؤں کو سلام
یارسول اللہ آپ کے در کی فضاؤں کو سلام

جو مدینے کی گلی کوچوں میں دیتے ہیں صدا
تا قیامت ان فقیروں اور گداؤں کو سلام

مانگتے ہیں جو وہاں شاہ و گدا بے امتیاز
دل کی ہر دھڑکن میں شامل ان دعاؤں کو سلام

در پہ رہنے والے خاصوں اور عاموں کو سلام
یا نبی تیرے غلاموں کے غلاموں کو سلام

جو پڑھے جاتے ہیں روز و شب تیرے دربار پہ
پیش کرتا ہے ظہوریؔ ان سلاموں کو سلام

☆☆☆☆☆

**یا نبی سلام علیک یارسول سلام علیک**

یا حبیب سلام علیک صلوٰۃ اللہ علیک

رحمتوں کے تاج والے دو جہاں کے راج والے

عرش کی معراج والے عاصیوں کی لاج والے

یا نبی سلام علیک یارسول سلام علیک

یا حبیب سلام علیک صلوٰۃ اللہ علیک

Marfat.com

تیرا سایہ کس کا سایہ　　تیرا پایہ کس کا پایہ
حق نے عرش پہ بلایا　　اور پڑھ کے یہ سنایا
یا نبیؐ سلام علیک　یا رسولؐ سلام علیک
یا حبیبؐ سلام علیک صلوٰۃ اللہ علیک

واسطہ آلِ آبا کا　　واسطہ خیر النساءؓ کا
اور شہید کربلاؓ کا　　غم نہ ہو روزِ جزا کا
یا نبیؐ سلام علیک یا رسولؐ سلام علیک
یا حبیبؐ سلام علیک صلوٰۃ اللہ علیک

واسطہ مولا علیؓ کا　　واسطہ ابنِ علیؓ کا
واسطہ زوجہ علیؓ کا　　دیکھ لیں چہرہ نبیؐ کا
یا نبیؐ سلام علیک یا رسولؐ سلام علیک
یا حبیبؐ سلام علیک صلوٰۃ اللہ علیک

قسمت کا چمکے ستارہ　　حاضری کا ہوا شارہ
دیکھ کر روضہ پیارا　　پھر کہے خادم تمہارا
یا نبیؐ سلام علیک یا رسولؐ سلام علیک
یا حبیبؐ سلام علیک صلوٰۃ اللہ علیک

از طفیل غوث اعظمؒ　　بادشاہِ ہر دو عالم
صدقہ امام اعظمؒ　　دور ہوں سبھی کے رنج و غم
یا نبیؐ سلام علیک یا رسولؐ سلام علیک
یا حبیبؐ سلام علیک صلوٰۃ اللہ علیک

Marfat.com

آپؐ کے در کی فقیری　　دو جہاں کی ہے امیری
آ گیا ہے وقت پیری　　للہ کیجو دستگیری

یا نبیؐ سلام علیک یا رسولؐ سلام علیک
یا حبیبؐ سلام علیک صلوٰۃ اللہ علیک

مجھے سب ستا رہے ہیں　　میرا دل دکھا رہے ہیں
آپؐ میرا حوصلہ بڑھانا　　اپنے دامن میں چھپانا

یا نبیؐ سلام علیک یا رسولؐ سلام علیک
یا حبیبؐ سلام علیک صلوٰۃ اللہ علیک

اک اور عرض کریں ہم　　میرے مولا جب مریں ہم
کلمہ آپ کا پڑھیں ہم　　اس کے بعد یہ کہیں ہم

یا نبیؐ سلام علیک یا رسولؐ سلام علیک
یا حبیبؐ سلام علیک صلوٰۃ اللہ علیک

☆☆☆☆☆

**عرب شریف دے چن ورگا　　کوئی صاحب جمال نہیں ہوسکدا**
بلکہ سارے زمانے دے شاعراں دا　　ایڈا سوہنا خیال نہیں ہوسکدا
اوہدا ثانی تے اس کائنات اندر　　کوئی مائی دا لال نہیں ہوسکدا
ناصرؔ اوہدی مثال تے اک پاسے　　پیدا دوجا بلالؓ نہیں ہوسکدا

☆☆☆☆☆

Marfat.com

# گیارویں شریف کے بارے میں اہم معلومات

جب چاند کا دن دسواں اور رات گیارویں تھی ﴿بحوالہ غنیۃ الطالبین﴾

| | |
|---|---|
| (۱) نبی اکرم ﷺ کا نور ظہور ہوا۔ | (۲) حضرت جبرائیلؑ کی پیدائش۔ |
| (۳) قلم قدرت پیدا ہوا۔ | (۴) قلم نے لوح پر لکھنا شروع کیا۔ |
| (۵) لوح محفوظ بنی۔ | (۶) چاند ستارے پیدا کیے۔ |
| (۷) آسمانوں کو سجایا گیا۔ | (۸) دوزخ، جنت اور حوض کوثر بنائے گئے۔ |
| (۹) خانہ کعبہ کی بنیاد رکھی گئی۔ | (۱۰) جنت کے محل بنانے کا دن۔ |
| (۱۱) زمین و آسمان پیدا کیے۔ | (۱۲) سمندروں اور دریاؤں کو بنایا۔ |
| (۱۳) پہاڑوں کو زمین کی میخیں بنایا گیا۔ | (۱۴) زندگی اور موت کو پیدا کیا۔ |
| (۱۵) پہلی بارش ہوئی۔ | (۱۶) قربانی کا دن۔ |
| (۱۷) حضرت آدمؑ کا خمیر بنایا۔ | (۱۸) حضرت آدمؑ جنت میں داخل ہوئے۔ |
| (۱۹) حضرت آدمؑ کی دعا قبول ہوئی۔ | (۲۰) حضرت حوّا کی پیدائش۔ |
| (۲۱) حضرت آدمؑ جنت سے باہر آئے۔ | (۲۲) حور و غلماں اور رضوان فرشتے پیدا کیے گئے۔ |
| (۲۳) حج بیت اللہ قبول ہوا۔ | (۲۴) حضرت ابراہیمؑ کی پیدائش کا دن۔ |
| (۲۵) حضرت ابراہیمؑ کیلئے آگ گلزار ہوئی۔ | (۲۶) حضرت اسماعیلؑ کی قربانی کا دن۔ |
| (۲۷) حضرت نوحؑ کی کشتی جودی پہاڑ پر رکی۔ | (۲۸) حضرت موسیٰؑ کی پیدائش ہوئی۔ |
| (۲۹) حضرت موسیٰؑ پہلی دفعہ طور پہاڑ پہ گئے۔ | (۳۰) حضرت عیسیٰؑ کو زندہ آسمان پر اٹھا لیا گیا۔ |
| (۳۱) حضرت ذکریاؑ پر آرا چلایا گیا۔ | (۳۲) حضرت یونسؑ مچھلی کے پیٹ سے باہر آئے۔ |
| (۳۳) حضرت داؤدؑ کی توبہ قبول ہوئی۔ | (۳۴) حضرت یوسفؑ کنویں سے باہر آئے۔ |
| (۳۵) حضرت یوسفؑ تخت نشین ہوئے۔ | (۳۶) حضرت یعقوبؑ کی بینائی واپس آ گئی۔ |

Marfat.com

(۴۷) حضرت یعقوبؑ یوسفؑ سے ملے۔ (۴۸) حضرت ایوبؑ کی بیماری دور ہوئی۔

(۴۹) حضرت سلیمانؑ کو بادشاہی عطا ہوئی۔ (۵۰) حضرت ادریسؑ کو جنت کی طرف اٹھایا گیا۔

(۵۱) حضرت امام حسینؓ کی شہادت ہوئی۔ (۵۲) حضرت غوث اعظمؒ کو دستار ملی۔

☆☆☆☆☆

# دعا

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ وَعَلٰی اٰلِکَ وَاَصْحَابِکَ یَا حَبِیْبَ اللّٰہِ

اے اللہ! عاجز بندے تیری پاکی بیان کرتے ہیں اور تیرے آگے ہاتھ پھیلاتے ہیں۔

اے اللہ! دلوں کو اخلاص کے ساتھ اپنے دین کی طرف پھیر دے۔

اے اللہ! صغیرہ اور کبیرہ گناہ معاف فرما، ہم کو پکا اور سچا مسلماں بنا۔

اے اللہ! ہم سے راضی ہو جا۔ ہم کو شیطان کے شر سے بچا۔ ہمارے قدموں کو صراط مستقیم پر قائم رکھ۔ اپنی رضا پہ راضی رہنے کی توفیق عنایت فرما۔ ہم پہ اپنا کرم فرما اور رحمت نازل فرما۔ اپنے قہر و غضب سے بچا۔ قیامت کی رسوائی سے بچانا۔ اپنے عرش کے سائے میں جگہ دینا۔ قیامت کے روز اپنا دیدار نصیب فرمانا۔ ساری امت کو قیامت کے دن رسوائی سے بچانا۔

اے اللہ! اسلام کا بول بالا فرما۔ اسلام کا جھنڈا بلند فرما۔

اے اللہ! اسلام کی حفاظت فرمانا۔

اے اللہ! ہماری خطاؤں کو معاف فرما

اے اللہ! اے غفور الرحیم ہمارے گناہوں کو معاف فرما۔ ہم گناہوں سے توبہ کرتے ہیں۔ ہماری توبہ کو قبول فرما۔ ہم پر اپنا رحم فرما۔ ہم اپنے گناہوں سے شرمندہ ہیں۔ جو گناہ جان بوجھ کے کیے ہیں یا انجانے میں کیے ہیں۔ سب معاف فرما اور ہمیں آئندہ گناہ نہ کرنے کی توفیق

Marfat.com

عطا فرما۔

اے اللہ! جو گناہ ہم سے بھول چوک میں ہو جاتے ہیں ان پر گرفت نہ فرما۔ تو ہمارا مولا ہے کافروں کے معاملے میں ہماری مدد فرما۔

اے اللہ! ہمیں اپنا شکر گزار بندہ بنا۔

اے اللہ! اپنے محبوب کی امت پر رحم فرما۔ ہم پر نوازش فرما۔

اے اللہ! ہمیں اچھے حکمران عطا فرما۔ اس ملک پاکستان کو قیامت تک کے لئے قائم و دائم رکھ۔

اے اللہ! ہمارے دشمن جو ہمارے ملک کیلئے ناپاک ارادے رکھتے ہیں اس میں ان کو ناکام فرما۔ ان کو نیست و نابود فرما۔

اے اللہ! ہم مسلمانوں کو آپس میں اتفاق رکھنے کی توفیق عطا فرما

اے اللہ! ہم پر اپنا خصوصی کرم و فضل عطا فرما۔ ہمیں، ہمارے والدین، ہمارے عزیز و اقارب کو بخش دے۔

اے اللہ! ہمیں اپنے گھر حج بیت اللہ کی سعادت نصیب فرما اور ہمیں اپنے پیارے محبوب ﷺ کے در کی زیارت نصیب فرما۔

آمین ثم آمین

وصلیٰ اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبه و خیر خلقه محمد وعلیٰ آله واصحابه وازواجه واهل بیته اجمعین .برحمتك یا ارحم الراحمین

☆☆☆☆☆

Marfat.com

# دعائے خیر

یا الٰہی تو کریمی و رسول تو کریم　　صد شکر کہ ہستیم درمیان دو کریم

فضل تیرے دی آس کریماں ہور غرور نہ کوئی　　صدقہ اپنے محبوب نبی دا بخش خطا جو ہوئی

یا الٰہی رحم فرما مصطفےٰ کے واسطے　　یا رسول اللہ کرم کیجو خدا کے واسطے

یا غفور الرحیم یا رحمۃ اللعلمین ۔ ہم سب گنہگار ہیں سیاہ کار ہیں خطا کار ہیں اور بدکار ہیں اے ہمارے پروردگار ہمارے گناہوں کو معاف فرما۔ یا اللہ ہمارے گناہ پہاڑوں کی چوٹیوں سے بڑے ہیں۔ ریت کے ذروں، درختوں کے پتوں سے زیادہ ہیں۔ آسمان کے تاروں سے زیادہ ہیں۔ یا الٰہی ہمارے گناہ بے حد و بے شمار ہیں ان کا کوئی حساب نہیں۔ یا الٰہی تیری رحمت کا ایک قطرہ ہمارے گناہوں کو دھو سکتا ہے۔ ہم سب کے گناہوں کو اپنی رحمت کے پانی سے دھو دے۔ یا الٰہی ہمارے اٹھے ہاتھوں کی لاج رکھ لے۔ یا اللہ اگر تو نے ہمیں اپنے در سے مایوس لوٹا دیا تو خود ہی بتا پھر کس در پہ جائیں۔ یا الٰہی ہمیں اپنی رحمت کی بھیک عطا فرما۔ ہم سب کو نیک بنا۔ ہمیں اپنے والدین کا فرمانبردار بنا۔ نیک کام کرنے کی توفیق دے اور گناہوں سے بچنے کی توفیق عطا فرما۔ یا اللہ ہمیں نماز با جماعت پڑھنے کی توفیق عطا فرما۔ بے اولادوں کو نیک صالح، نرینہ اولاد عطا فرما۔ اولاد والوں کی اولاد کو نیک بنا اور حضورؐ عالی مقام کے نقش قدم پہ چلنے کی توفیق عطا فرما اور ماں باپ کے ساتھ اچھا سلوک کرنے کی توفیق عطا فرما۔ ہمیں قرآن پاک پڑھنے، پڑھانے اور اس پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرما۔ ہم سب کو کثرت سے اپنا ذکر اور شکر ادا کرنے کی توفیق عطا فرما۔ ہمیں دین کی سمجھ عطا فرما۔ ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچا۔ ہمیں مدینہ طیبہ کی گلیوں میں چلنا پھرنا نصیب فرما۔ یا اللہ ان آنکھوں سے سنہری جالیوں کو بار بار دیکھنا نصیب فرما۔ اپنے حبیب ﷺ پر کثرت سے درود پاک پڑھنے کی توفیق عطا فرما۔ اے اللہ بیماروں کو شفائے کاملہ عطا فرما۔ پریشان حالوں کی پریشانیوں کو دور فرما۔ ہم سب کی نیک تمنائیں پوری فرما۔

Marfat.com

تیری رحمت کے خزانے میں کمی کوئی نہیں تیرے جود وسخا کی انتہا کوئی نہیں
میں کہوں بے واسطہ کس منہ سے بخشش کے لئے کچھ وسیلے پیش کرتا ہوں سفارش کے لئے
رحم فرما ہم پر محمد مصطفیٰ کے واسطے سرورِ کونین شاہ مصطفیٰ کے واسطے

☆☆☆☆☆

# حضور پاک ﷺ کے دس خصائص

(۱) آپ ﷺ کا سایہ زمین پر نہیں پڑتا تھا۔

(۲) آپ ﷺ پر مکھی نہیں بیٹھتی تھی۔

(۳) آپ ﷺ کا بول مبارک زمین پر ظاہر نہیں ہوا۔

(۴) آپ ﷺ کو کبھی احتلام نہیں ہوا۔

(۵) آپ ﷺ کو کبھی جماہی نہیں آئی۔

(۶) آپ ﷺ جس جانور پر بیٹھتے کبھی نہیں بدکا۔

(۷) آپ ﷺ کی آنکھیں سوتی تھیں دل نہیں سوتا تھا۔

(۸) آپ ﷺ ختنہ شدہ پیدا ہوئے۔

(۹) آپ ﷺ جیسے آگے دیکھتے تھے ویسے ہی پیچھے دیکھتے تھے۔

(۱۰) آپ ﷺ جب کسی قوم میں بیٹھتے تو سب سے اونچے نظر آتے تھے۔

☆☆☆☆☆

Marfat.com

# ہفتہ کے اوراد

حضرت امام غزالیؒ فرماتے ہیں:۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ہفتہ | 100 | مرتبہ | لَآاِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ پڑھنے سے غم دور ہونگے۔ |
| اتوار | 1000 | مرتبہ | یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ پڑھنے سے روزی غیب سے ملے گی۔ |
| پیر | 1000 | مرتبہ | یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ پڑھنے سے رزق میں اضافہ ہوگا۔ |
| منگل | 1000 | مرتبہ | صلی اللہ علی النبی وآلہ وسلم پڑھنے سے ہر بلا دور ہوگی۔ |
| بدھ | 1000 | مرتبہ | استغفار پڑھنے سے قبر کے عذاب سے محفوظ رہے گا۔ |
| جمعرات | 1000 | مرتبہ | لَآاِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْمَلِکُ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ پڑھنے سے تنگی دور ہوگی۔ |
| جمعہ | 100 | مرتبہ | اللہ ہو پڑھنے سے مالا مال ہوجائے گا۔ |

ان اوراد کا ذکر معمول بنانے والے کا فائدہ ہی فائدہ ہے

☆☆☆☆☆

# درجات اور کفارات

فرشتے درجات اور کفارات کے بارے میں کہہ رہے تھے۔ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا۔ اے محبوب ﷺ مانگو جو چاہو۔ (تفسیر ضیاء القرآن جلد چہارم: سورۃ ص)

**درجات:۔** (۱) کھانا کھلانا (۲) سلام کرنا (۳) رات کے وقت اٹھکر عبادت کرنا

**کفارات:۔** (۱) تکلیف کی حالت میں نماز پڑھنا (۲) وضو کرنا

(۳) ایک نماز پڑھ کر دوسری کا انتظار کرنا (۴) جماعت سے پڑھنا

رسول پاک ﷺ نے التجا کی۔ نیک کام کرنے کی توفیق ہو، برے کام سے بچنے کی توفیق

Marfat.com

دے، مسکینوں سے محبت کرنے کی توفیق دے، یارب مجھے بخش دے، مجھ پر رحم فرما، فتنہ سے بچا۔اے اللہ مجھے اپنی محبت دے۔اپنے محبوب کی محبت دے اپنے محبوبوں کی محبت دے، مجھے اس کام کی توفیق دے جو یااللہ تیرے قریب کردے، اس کام کی توفیق دے جو تیری محبت کے قریب کردے، اس کام کی توفیق ہی نہ دے جو تجھے مجھ سے ناراض کردے۔یااللہ میرے اوپر راضی ہوجا۔تو میرا رب ہے۔پیارا رب رحیم رب کریم۔ آمین ثم آمین

☆☆☆☆☆

# باب حکمت

**احترام مساجد:۔** فقیہ فرماتے ہیں پندرہ باتیں احترام مسجد میں داخل ہیں۔

(۱) اگر لوگ بیٹھے ہوں تو داخل ہوتے وقت سلام کہے۔جبکہ کوئی نماز میں مشغول نہ ہو۔اگر کوئی بھی نہ ہو یا نماز میں ہوں تو یہ کلمات کہے۔ السلام علینا من ربنا وعلی عباد اللہ الصالحین

**ترجمہ:۔** ہمارے رب کا سلام ہم پر اور اس کے نیک بندوں پر ہو۔

(۲) بیٹھنے سے پہلے دو رکعت نفل تحیۃ المسجد پڑھے۔یہ دو رکعتیں مسجد کا ادب ہے۔

(۳) مسجد میں کوئی خرید و فروخت نہ کرے۔

(۴) مسجد میں تلوار نیام سے نہ نکالے۔

(۵) مسجد میں کسی گمشدہ چیز کا اعلان نہ کرے۔

(۶) مسجد میں ذکر اللہ کے بغیر آواز اونچی نہ کرے۔

(۷) مسجد میں کوئی دنیاوی بات نہ کرے۔

(۸) مسجد میں لوگوں کی گردنوں سے نہ گزرے۔

(۹) مسجد میں جگہ کے متعلق جھگڑا نہ کرے۔

Marfat.com

(۱۰) صف میں تنگی نہ کرے۔

(۱۱) نمازی کے سامنے سے نہ گزرے۔

(۱۲) مسجد میں تھوکے نہیں۔

(۱۳) مسجد میں انگلیاں نہ چٹخائے۔

(۱۴) مسجد کو غلاظت، دیوانوں، بچوں، حدلانے اور سزا دینے سے محفوظ رکھے۔

(۱۵) مسجد میں اللہ تعالیٰ کا ذکر کثرت سے کرے ذرا غفلت نہ کرے۔

## مسجد میں دنیاوی باتیں

حضرت حسنؓ راوی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میری امت پر وہ وقت آئے گا کہ مسجد میں ان کی باتیں خالص دنیا کی ہونگی۔ اللہ تعالیٰ اُن لوگوں کی کچھ حاجت نہیں اور تم بھی ان لوگوں کے پاس مت بیٹھنا۔

☆☆☆☆☆

حضرت ابو ہریرہؓ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا چار چیزیں دنیا میں اجنبی ہیں۔

(۱) قرآن پاک ظالم شخص کے سینے میں

(۲) مسجد جو بے نمازوں کے محلے میں

(۳) قرآن پاک ایسے گھر میں جہاں اس کی تلاوت نہ ہو

(۴) نیک آدمی برے لوگوں کی محفل میں

☆☆☆☆☆

Marfat.com

## دس چیزیں دس چیزوں کو کھا جاتی ہیں

| | | | |
|---|---|---|---|
| توبہ گناہ کو | تکبر نیکی کو | جھوٹ رزق کو | عدل ظلم کو |
| غیبت عمل کو | صدقہ بلا کو | غم عمر کو | غصہ عقل کو |
| پشیمانی سخاوت کو | نیکی برائی کو | | |

## آسان نسخے

جہاں تک کام چلتا ہو غذا سے — وہاں تک چاہیے بچنا دوا سے
اگر تجھ کو لگے جاڑوں میں سردی — تو استعمال کر انڈے کی زردی
جو ہو محسوس معدے میں گرانی — تو چکھ لے سونف یا ادرک کا پانی
اگر خون کم بنے بلغم زیادہ — تو کھا گاجر چنے شلجم زیادہ
جو بدہضمی میں چاہے تو افاقہ — تو کر لے ایک یا دو وقت فاقہ
جو پیچش ہے تو پیچ اس طرح کس لے — ملا کر دودھ میں لیموں کا رس لے
جگر کے بل پر ہے انسان جیتا — اگر ضعف جگر ہے تو کھا پپیتا
جگر میں گرمی ہو اگر عضلات ڈھیلے — تو فوراً دودھ گرما گرم پی لے
جو طاقت میں کمی ہوتی ہے محسوس — تو پھر ملتانی مصری کی ڈلی چوس
زیادہ گر دماغی ہے تیرا کام — تو کھایا کر ملا کر شہد بادام
اگر ہو دل کی کمزوری کا احساس — مربہ آملہ کھا اور انناس
اگر گرمی کی شدت ہو زیادہ — تو شربت پی بجائے آب سادہ
جو دکھتا ہو گلا نزلے کے مارے — تو کر نمکین پانی سے غرارے
اگر ہے درد سے دانتوں کے بیکل — تو انگلی سے مسوڑھوں پہ نمک مل

☆☆☆☆☆

Marfat.com

## اللہ ہو اللہ ہو اللہ ہو

کہتی ہے یہ پھولوں کی ردا اللہ ہو اللہ ہو
اشجار کے پتوں نے کہا اللہ ہو اللہ ہو

بادلوں نے آسمان پہ لکھا اللہ ہو اللہ ہو
پربت کی قطاروں کی ندا اللہ ہو اللہ ہو

ہو سورۃ یٰسین کہ ہو سورۃ رحمٰن
قرآن کے لفظوں کی صدا اللہ ہو اللہ ہو

کرتا ہے ثناء تیری برستا ہوا پانی
دریا بھی ہے مصروف ثناء اللہ ہو اللہ ہو

خوشبو کرن اجالے دھنک اور کہکشاں
ذاکر ہیں تیرے ارض و سما اللہ ہو اللہ ہو

شبنم گری جو پھولوں پہ پڑھتی ہوئی ثناء
بلبل نے دیکھ کر یہ کہا اللہ ہو اللہ ہو

جب نزع کے عالم میں ہو مولا یہ اجاگر
وردِ زباں ہو ذکر تیرا اللہ ہو اللہ ہو

☆☆☆☆☆☆

## اللہ اللہ کریئے تاں گل بن دی اے

عقل منداں نوں پٹھیاں سوچاں لے ڈبیاں
اللہ ہو دیاں ضرباں لا کے سینے تے
دل وچہ نقش بٹھا کے اپنے مرشد دا
سر نذرانہ کر کے سر دے سائیں توں
اپنا آپ مٹا کے سوہنے مرشد توں
مرشد دا کم حق دے رستے پا دینا
سو گلاں دی اکو گل تنویر میاں

## کامل مرشد پھڑیئے تاں گل بن دی اے

مرشد دے سنگ ٹریئے تاں گل بن دی اے
سینہ روشن کریئے تاں گل بن دی اے
مرشد مرشد کریئے تاں گل بن دی اے
جان تلی تے دھریئے تاں گل بن دی اے
مرن توں پہلے مریئے تے تاں گل بن دی اے
پیر سنبھل کے دھریئے تاں گل بن دی اے
سچی توبہ کریئے تاں گل بن دی اے

☆☆☆☆☆

Marfat.com

**پھر دکھا دے حرم تیرے بندے ہیں ہم** | **ہم پہ کر دے کرم تیرے بندے ہیں ہم**

ہم گنہگار ہیں ہم سیاہ کار ہیں
ہو کرم در کرم تیرے بندے ہیں ہم

روح سیراب ہو جسم سیراب ہو
دل کی دھرتی ہو نم تیرے بندے ہیں ہم

ہم کو عزت بھی دے ہم کو عظمت بھی دے
جگ میں ہوں محترم تیرے بندے ہیں ہم

تو ہی مشکل کشا کر دے آسانیاں
رکھ ہمارا بھرم تیرے بندے ہیں ہم

شکریہ شکریہ اے خدا شکریہ
تیری رحمت سے ہم تیرے بندے ہیں ہم

ہم کو تیری قسم صرف تیرے ہیں ہم
کراجا گر رقم تیرے بندے ہیں ہم

☆☆☆☆☆

**مولا رنگ دے مولا رنگ دے مجھے اپنے رنگ میں رنگ دے**

تو کریم ہے تو رحیم ہے تیری ذات سب سے عظیم ہے
نہیں تجھ سا کوئی بھی دوسرا تو خبیر ہے تو علیم ہے

یہ لطافتیں یہ عنائتیں ہیں تیرے کرم کی وضاحتیں
جو چمن میں ہے تو نسیم ہے جو گلوں میں ہے تو شمیم ہے

تو بعید ہے تو قریب بھی تو محب ہے تو حبیب بھی
تو حرارتِ دل عاشقاں تو نشانِ عقلِ سلیم ہے

تو ہے راز ذات و صفات کا تو ہے رنگ بزمِ حیات کا
کہیں شانِ خلقِ محمدی کہیں حسن نطق کلیم ہے

تو میرے خیال کے گلشنوں میں بسا مثالِ شمیم ہے
تو میرے یقین کی وسعتوں میں خرامِ موجِ نسیم ہے

Marfat.com

ہے دعائے بسملِ نسیم جاں کہ میری خطاؤں کو بخش دے

ہے مجھے تو تیرا ہی آسرا تو حلیم ہے تو رحیم ہے

مولا رنگ دے مولا رنگ دے مجھے اپنے رنگ میں رنگ دے

☆☆☆☆☆

**اللہ اللہ کہو اللہ اللہ　　　اللہ اللہ کہو اللہ اللہ**

آقا سدلو مدینے تے ٹر گئے کنے سفینے　　　سدلو سب نوں مدینے تے سدلو ایسے مہینے

پاک محمد ﷺ نبی پیارے دواں جہاناں دے سہارے

عرش وی صَلِّ علیٰ پکارے رل مل کرو دعاواں

مدینے نوں جایئے سارے　　اللہ اللہ کہو اللہ اللہ

دل دیاں سدراں لے کے مدینے نوں جاواں

جا کے حال سناواں سنگِ اسود نوں چُماں

دل دیاں ریجھاں لاواں　　اللہ اللہ کہو اللہ اللہ

جالیاں اکھیاں نال لاواں

پی کے زم زم دا پانی دل دی پیاس بجھاواں

آپ دی شان نرالی آپ دا رتبہ ہے عالی

آپ دو جہاں دے والی میں تیرے در تے سوالی

میں تے نئیں جاناں خالی　اللہ اللہ کہو اللہ اللہ

☆☆☆☆☆

Marfat.com

**آ گیا سوہنا کملی دی بُکّب مار کے** — **جدیاں راہواں بڑے ویکھدے رہ گئے**

گودی چکیا حلیماں نیں سرکارنوں — نازاں والے کھڑے ویکھدے رہ گئے

ماڑی کُلّی سی خوش بخت ایوب دی — جتھے جا کے رُکی ڈاچی محبوب دی

نیویاں دا پروہنا ایں ساڈا نبی — کوٹھیاں تے چڑھے ویکھدے رہ گئے

نہ اومکھڑا نہ مکھڑے دا تل ویکھدے — اللہ والے جے ویکھن تے دل ویکھدے

کوجھیاں نوں گل لایا سرکار نیں — حسن والے کھڑے ویکھدے رہ گئے

کیتی گفتار سی مدنی ڈھولے جدوں — بول مٹھے سی سوہنے نیں بولے جدوں

راز کن دے سی اُس نیں کھولے جدوں — سب کتاباں پڑھے ویکھدے رہ گئے

☆☆☆☆☆

**النبی صلوعلیہ النبی صلوعلیہ** — **صلوٰۃ اللہ علیہ صلوٰۃ اللہ علیہ**

یارسول اللہ یارسول اللہ — یاحبیب اللہ یاحبیب اللہ

النبی صلوعلیہ صلوٰۃ اللہ علیہ — وینال البرکات کل من صلوعلیہ

النبی یاحاضرین اعلمو علم الیقین — انّ رب العلمین فرض صلوعلیہ

کعبے کے بدرالدجےٰ تم پہ کروڑوں درود — طیبہ کے شمس الضحےٰ تم پہ کروڑوں درود

شافع روز جزا تم پہ کروڑوں درود — دافع جملہ بلا تم پہ کروڑوں درور

یارسول اللہ یاحبیب اللہ — النبی یامَن خضرا النبی یاخیر البشر

من لہ شق القمر ونزل سلم علیہ — اللہ اللہ اللہ النبی صلوعلیہ

دل کرو ٹھنڈا میرا وہ کف چاند سا — سینے پہ رکھ دو ذرا تم پہ کروڑوں درود

ذات ہوئی انتخاب وصف ہوئے لاجواب — نام ہوا مصطفیٰ تم پہ کروڑوں درود

یارسول اللہ یاحبیب اللہ — اللہ اللہ اللہ اللہ النبی صلوعلیہ

Marfat.com

بے ہنر بے تمیز کس کو ہوئے عزیز — ایک تمہارے سوا تم پہ کروڑوں درود
آس ہے کوئی نہ پاس ایک تمہاری آس ہے — بس یہی ہے آسرا تم پہ کروڑوں درود
یارسول اللہ یا حبیب اللہ — اللہ اللہ اللہ اللہ النبی صلو علیہ
تم سے جہاں کا نظام تم پہ کروڑوں درود — تم پہ کروڑوں ثناء تم پہ کروڑوں درود
تم ہو جواد و کریم تم ہو رؤف الرحیم — بھیک ہو داتا عطا تم پہ کروڑوں درود
النبی صلو علیہ النبی صلو علیہ — صلوٰۃ اللہ علیہ صلوٰۃ اللہ علیہ
خلق کے حاکم ہو تم رزق کے قاسم ہو تم — تم کھو دامن میں آ تم پہ کروڑوں درود
یارسول اللہ یا حبیب اللہ — اللہ اللہ اللہ اللہ النبی صلو علیہ

☆☆☆☆☆

**پیار ہے پیار ہے ہمیں سب سے پیار ہے — پیار ہے پیارے نبی سے، پیار ہے سوہنے نبی سے**

تمہارے نبی ہیں ہمارے نبی ہیں — دل و جان سے ہمیں پیارے نبی ہیں
ہم کو اللہ اور نبی سے پیار ہے — انشاء اللہ اپنا بیڑا پار ہے
امہات المومنین اور چار یار — سب صحابہ سے ہمیں پیار ہے
غوث و خواجہ، داتا اور احمد رضا سے — اور ہر ولی سے ہمیں پیار ہے
سبز گنبد کی فضائیں مرحبا — مرحبا پرنور ہر مینار ہے
مصطفٰے اس روز آئے اس لئے — عید میلاد النبی سے ہمیں پیار ہے
مرحبا آقا کی آمد مرحبا — ہم کو اس نعرہ سے بڑا پیار ہے
غوث کے دامن میں جو بھی آ گیا — دو جہاں میں اس کا بیڑا پار ہے
بخشوانا آپ ہی بدکاروں کو — سب گنہگاروں کا یہ سردار ہے

☆☆☆☆☆

Marfat.com

**تڑپ رہا ہوں مدینہ پاک کی حاضری کیلئے**

حضور ایسا کوئی انتظام ہو جائے
سلام کے لئے حاضر غلام ہو جائے

مدینہ جاؤں پھر آؤں دوبارہ پھر جاؤں
یہ زندگی میری یوں ہی تمام ہو جائے

میں پھر دیکھ لوں ایک بار سبز گنبد کو
بلا سے پھر میری دنیا میں شام ہو جائے

تجلیات سے بھرلوں میں کاسہ دل کا
حضور آپ کی گلی میں قیام ہو جائے

میری نماز جنازہ کی یوں امامت ہو
دو جہاں کے آقا میرا امام ہو جائے

حضور آپ جو چاہیں تو کچھ نہیں مشکل
سمٹ کے فاصلہ یہ چند گام ہو جائے

مزہ تو تب ہے فرشتے یہ قبر میں کہہ دیں
ذرا تو مدحتِ خیر الانام ہو جائے

**سہارا چاہیے سرکار زندگی کیلئے**

☆☆☆☆☆

**زلف سرکار سے جب چہرہ نکلتا ہوگا**

اے حلیمہ تو بتا تُو نے دیکھا ہوگا
کیسے تیری گود میں میرا محبوب مچلتا ہوگا

اے حلیمہ تو بتا تو نے تو چوما ہوگا
کیسے محبوب میرا تجھ سے لپٹتا ہوگا

کتنی پُرنور ہیں طیبہ کی وہ گلیاں یارو
جن میں بن ٹھن کے محبوب میرا ٹہلتا ہوگا

زلف سرکار سے جب چہرہ نکلتا ہوگا
پھر بھلا کیسے کوئی چاند کو تکتا ہوگا

**پھر بھلا کیسے کوئی چاند کو تکتا ہوگا**

☆☆☆☆☆

**سحر گلشن کون دیکھے دشتِ طیبہ چھوڑ کر**

سرگزشت غم کہوں کس سے تیرے ہوتے ہوئے
کس در پر جاؤں تیرا آستانہ چھوڑ کر

مرجاؤں میں اگر اس در سے جاؤں دو قدم
کیا بچے بیمار غم قُرب مسیحا چھوڑ کر

**سوئے جنت کون جائے در تمہارا چھوڑ کر**

Marfat.com

واپسی کا مشورہ دے رہا ہے پاسِ ادب عشق کہتا ہے کہ نہ جاان کا روضہ چھوڑ کر
ایسے جلوے پر کروں میں لاکھ حوروں کو نثار کیا غرض کیوں جاؤں جنت کو مدینہ چھوڑ کر
مر کے جیتے ہیں جوان کے در پہ جاتے ہیں حسن جی کے مرتے ہیں جو آتے ہیں مدینہ چھوڑ کر

☆☆☆☆☆

## طٰہٰ دی شان والیا عرشاں تے جان والیا

کڈا سوہنا نام تیرا اُچا اے مقام تیرا سچا اے کلام تیرا آئیتاں سُنان والیا
شان تیری بلے بلے رب وی درود گلے ویریاں دے پیراں تھلے چادراں وچھان والیا
تذکرے نیں عام تیرے ہوندے صبح شام تیرے بادشاہ غلام تیرے قسمتاں جگان والیا
صدا ہے سہاریاں نوں غماں دے ماریاں نوں ماڑیاں وچاریاں نوں سینے نال لان والیا

☆☆☆☆☆

## کناں سوہنا رب سوہنے نوں بنایا سوہنیاں دے مان ٹٹ گئے

آپ دے ورگا نہ ہور کوئی آیا سوہنیاں دے مان ٹٹ گئے
ہتھ سوہنے دے گورے گورے اکھیاں وچہ مازاغ دے ڈورے
رب رِیجھاں نال سوہنے نوں بنایا سوہنیاں دے مان ٹٹ گئے
بہہ گئے مَل آپ دیاں راہواں کھُل گئے فیر ناز اداواں
جدوں جلوہ سی سوہنے نیں وکھایا سوہنیاں دے مان ٹٹ گئے
سوہنے تے من موہنے آقا سب سوہنیاں توں سوہنے آقا
جدوں حبشی نوں سینے نال لایا سوہنیاں دے مان ٹٹ گئے
مکھڑے تے لیسین دا سہرا ویکھ کے آپ دا نوری چہرہ
جدوں زلفاں نوں چہرے توں ہٹایا سوہنیاں دے مان ٹٹ گئے

Marfat.com

کالیاں زلفاں تے اکھ مستانی　　　دیکھ کے دنیا ہوئی دیوانی

چن ٹٹ کے سی قدماں وچہ آیا　　　سوہنیاں دے مان ٹٹ گئے

☆☆☆☆☆

**لکیاں نیں موجاں ہُن لائی رکھیں سوہنیا　　　چنگے ہاں کے مندے ہاں نبھائی رکھیں سوہنیا**

آقا دے غلاماں دا میں ادنیٰ غلام ہاں　　　لوکی کہندے خاص میں تے عملاں توں وی عام ہاں

پردہ جے پایا ای تے پائی رکھیں سوہنیا　　　چنگے ہاں کے مندے ہاں نبھائی رکھیں سوہنیا

کسے نوں میں اپنا دکھڑا سنایا نہیں　　　تیرے باجھوں کسے مینوں سینے نال لایا نہیں

سینے نال لایا ای تے لائی رکھیں سوہنیا　　　چنگے ہاں کے مندے ہاں نبھائی رکھیں سوہنیا

حشر دہاڑے جدوں عملاں نوں تولناں　　　شرم دے مارے میں تے کجھ وی نہیں بولنا

کملی وچہ اپنی چھپائی رکھیں سوہنیا　　　چنگے ہاں کے مندے ہاں نبھائی رکھیں سوہنیا

ناں تیرا لے کے آقا غلام سارے سچے نیں　　　قسم خدا دی تساں عیب سارے کجے نیں

لکے ہوئے عیباں نوں لکائی رکھیں سوہنیا　　　چنگے ہاں کے مندے ہاں نبھائی رکھیں سوہنیا

ناں تیرا لے کے آقا شان میں وی پائی اے　　　تیرے ہتھ ڈور سائیاں آپے میں پھڑائی اے

چڑھی ہوئی گڈی نوں چڑھائی رکھیں سوہنیا　　　چنگے ہاں کے مندے ہاں نبھائی رکھیں سوہنیا

☆☆☆☆☆

**مدینے والا آمنہ دا لال لکیاں نبھا جاندا　　　سہارا جدا کوئی نئیں او ناں نوں گل لا جاندا**

او کٹے ہوئے ہتھ جوڑ دا او کڈی ہوئی اکھ موڑ دا　　　جے سوہنا چاہوے گونگیاں نوں کلما پڑھا جاندا

سوہنے اگے کجھ نئیں محال ہتھ وچہ برکتاں کمال　　　جے سوہنا چاوے گٹکوں بغیر کھجیاں اُگا جاندا

او چن دو ٹکڑے کرے سورج اوہدے آکھے مڑے　　　جے سوہنا چاوے پتھراں توں کلما پڑھا جاندا

مریضاں نوں شفاواں ونڈ دا تے دکھیاں لئی دعا منگدا　　　شفاواں دین والا نبی اومردے جگا جاندا

Marfat.com

**میرے آقا آؤ کہ مدت ہوئی ہے تیری راہ میں اکھیاں بچھاتے بچھاتے**

تیری حسرتوں میں تیری چاہتوں میں بڑے دن ہوئے گھر سجاتے سجاتے

میرا یہ ایماں ہے یہ میرا یقیں ہے میرے مصطفیٰ سا نہ کوئی حسیں ہے

کہ رخ ان کا دیکھا ہے جب سے قمر نے نکلتا ہے منہ کو چھپاتے چھپاتے

میرے لب پہ مولا نہ کوئی صدا ہے فقط اس نکمے کی یہ ہی دعا ہے

کہ میری سانس نکلے درِ مصطفیٰ پہ غمِ دل نبی کو سناتے سناتے

یہ دل جب سے عشقِ نبی میں پڑا ہے نہ دن کی خبر ہے نہ شب کا پتہ ہے

آقا اب تو بصارت بھی کم ہوگئی ہے آپ کے غم میں آنسو بہاتے بہاتے

قیامت کا منظر بڑا پُر خطر ہے مگر مصطفیٰ کا جو دیوانہ ہوگا

وہ پُل سے گزر جائے گا ورد کرتے کرتے نعرہ نبی کا لگاتے لگاتے

یہ مانا کہ اک دن آنی قضا ہے مگر دوستو تم سے یہ التجا ہے

کہ شہر محمد ﷺ کی ہر اک گلی سے جنازہ اٹھانا گھماتے گھماتے

نہ کعبہ سے مطلب نہ مسجد کی چاہت فقط اس دل حاکم میں تمنا یہی ہے

جو مل جائے نقش کفِ پائے احمد تو مر جاؤں سر کو جھکاتے جھکاتے

☆☆☆☆☆

**میرے نبی پیارے نبی ہے مرتبہ والا تیرا**

**جس جا کوئی پہنچا نہیں پہنچا وہاں تلوا تیرا**

یا سرور دنیا و دین تجھ سا نبی کوئی نہیں

بعد از خدا ماہ مبین ثانی نہیں واللہ تیرا

تیرا سراپا یا نبی تفسیر ہے قرآن کی

والیل موطا جبیں والشمس ہے مکھڑا تیرا

سرکش جو تھے مائل ہوئے دشمن تھے جو قائل ہوئے

مسحور کن تھا کس قدر یا مصطفیٰ لہجہ تیرا

رحمت تھی پورے جوش پہ میں بھی نہ تھا کچھ بے خبر

تجھ کو تجھی سے مانگ کر اچھا رہا منگتا تیرا

Marfat.com

خیرات دیتا ہے خدا ہر وقت تیرے نام کی
جس کو ملا جو کچھ ملا جتنا ملا صدقہ تیرا

جائے کہاں یہ بے نوا در چھوڑ کر تیرا شاہا
در در یہ جاتا نہیں جس نے بھی در دیکھا تیرا

محبوب رب امی لقب مجھ کو سکوں کی ہے طلب
نظر عطا مشکل کشا مشکل میں ہے بندہ تیرا

ہر جا یہ تیری محفلیں ہر جا تجھی سے رونقیں
فرش زمیں عرش بریں جادہ تیرا چرچا تیرا

یا مصطفٰے یا مجتبٰے پھر دیجئے کاسہ میرا
کردو کرم رکھ لو بھرم سائل ہوں میں داتا تیرا

اے وارث ارض وسما نظر کرم ہر حال ما
دیکھے نیازی پھر شاہا وہ گنبد خضرٰی تیرا

☆☆☆☆☆

**نعت سرکار کی پڑھتا ہوں میں بس اسی نام سے گھر میں میرے رحمت ہوگی**

بس اک تیرا نام وسیلہ ہے میرا رنج وغم میں بھی اسی نام سے راحت ہوگی

کہیں یٰسین کہیں طٰہٰ کہیں وَالّیل آیا جن کی قسمیں میرا رب کھاتا ہے
کتنی دلکش محبوب کی صورت ہوگی

حشر کا دن عجب دیکھنے والا ہوگا زلف لہرا کے وہ جب آئیں گے پھر
قیامت پر خود اور قیامت ہوگی

سنا ہے گھور بہت اندھیری ہوگی قبر کا خوف نہ رکھنا اے دل
وہاں سرکار کے چہرے کی زیارت ہوگی

میرا دامن تو گناہوں سے بھرا ہے الطاف اک سہارا ہے کہ میں تیرا ہوں
اسی نسبت سے سر محشر شفاعت ہوگی

☆☆☆☆☆

Marfat.com

## ہم کو بلانا یارسول اللہ

کبھی تو سبز گنبد کا اجالا ہم بھی دیکھیں گے
ہمیں بلوائیں گے آقا مدینہ ہم بھی دیکھیں گے

دھڑک اٹھے گا یہ دل یا دھڑکنا بھول جائے گا
دل بسمل کا اس در پہ تماشا ہم بھی دیکھیں گے

ادب سے ہاتھ باندھے ان کے روضے پہ کھڑے ہونگے
سنہری جالیوں کا یوں نظارہ ہم بھی دیکھیں گے

برستی گنبد خضریٰ سے ٹکراتی ہوئی بوندیں
وہاں پر شان سے بارش برسنا ہم بھی دیکھیں گے

درِ دولت سے لوٹا یا نہیں جاتا کوئی خالی
وہاں خیرات کا بٹنا خدایا ہم بھی دیکھیں گے

گزارے رات دن اپنے اسی امید پر ہم نے
کسی دن تو جمال روئے زیبا ہم بھی دیکھیں گے

دم رخصت قدم من بھر کے محسوس کرتے ہیں
کیسے ہے جا کے لوٹ آنے کا یارا ہم بھی دیکھیں گے

پہنچ جائیں گے جس دن اجاگر ان کے قدموں میں
کیسے کہتے ہیں جنت کا نظارا ہم بھی دیکھیں گے

☆☆☆☆☆

## علی دا ملنگ میں تے علی دا ملنگ

نعرہ جگ وچ کے ہر کوئی ماردا
علی ورگا نہ کوئی دنیا تے آیا مولا نے اپنا شیر بنایا
میں تے منگتا علی سرکار دا
حضرت باہو حق سچ نے آئے
جیہڑا غوث پاک نوں منّے
اوہنوں چڑھیا علی دا رنگ

## توں وی حیدری ملنگ میں وی حیدری ملنگ

علی دا ملنگ میں تے علی دا ملنگ
مینوں خیر وی پایا نالے اپنا منگتا بنایا
علی دا ملنگ میں تے علی دا ملنگ
نالے غوث پاک نوں سلطان بنایا
جیہڑا داتا نوں منّے
علی دا ملنگ میں تے علی دا ملنگ

☆☆☆☆☆

Marfat.com

پروفیسر ڈاکٹر بشیر احمد صدّیقی

کی مایہ ناز کتب

Marfat.com

# تجلیات رسالت ﷺ

عمدہ کاغذ' صفحات 250 اعلیٰ طباعت

مضبوط کلر بائنڈنگ قیمت 120 روپے

مشہور مفکر' عالم دین' ماہر تعلیم' خطیب جادواں' پروفیسر ڈاکٹر بشیر احمد صدیقی صاحب کی مایہ ناز اچھوتی تالیف جس میں ہادیِ اعظم' محسن کائنات' رہبر شریعت' مرشد اعظم' رحمۃ للعالمین نبی آخر الزمان محمد مصطفٰے ﷺ کی حیات طیبہ کے روشن پہلوؤں کو عالمانہ وفاضلانہ انداز میں موضوع بحث بنایا ہے۔ ڈاکٹر بشیر احمد صدیقی صاحب نے مستشرقین کے اعتراضات کا مدلل جواب دیتے ہوئے نبی محترم ﷺ کے اسوۂ حسنہ کے محاسن کو بیان کیا ہے۔ تجلیات رسالت ﷺ، خلق محمدی ﷺ، معلم اخلاق کی سخاوت' رسول عربی ﷺ کی شجاعت' ہادی کامل ﷺ، مصلح اعظم ﷺ' پیغام رسالت ﷺ' سیرت رسول ﷺ کی روشنی میں اہمیت تعلیم' پیغمبر انقلاب اور تعمیر شخصیت' تربیت نفس کا نبوی طریق' حضور اکرم ﷺ بحیثیت سیاسی مفکر' غربت وافلاس کا نبوی حل' آجر واجیر اخلاقیات نبوی ﷺ کی روشنی میں اور دوسرے موضوعات پر تبحر علمی اور روشن قلبی کے ساتھ رشحات قلم کے موتی بکھیرے ہیں۔ آپ کی تحریروں میں اخلاص کا رنگ نمایاں ہے اور جن موضوعات کو زیر بحث بنایا ہے وہ تمام کے تمام ہماری روز مرہ زندگی کے مسائل ومعاملات سے تعلق رکھتے ہیں اور معاشرے میں افراتفری وانتشار کے اس نفسانفسی کے دور میں نبی ﷺ کی حیات طیبہ کے ان پہلوؤں کی رہنمائی ہمیں بے یقینی وبے چینی کے اضطرابی کیفیت سے نکال کر اطمینان قلب کی دولت سے مالا مال کرتی ہے۔ اس کتاب کا مطالعہ ہر مسلمان کے لئے اشد ضروری ہے تاکہ ہم اپنی زندگی قرآن سنت کے احکامات کے مطابق گزار سکیں۔


## صدیقی پبلی کیشنز

1- فرسٹ فلور، دکان نمبر 4 حافظ پلازہ مچھلی منڈی اُردو بازار، لاہور فون: 042-7361463

2- 118- روشن پارک عقب سوشل سیکورٹی ہسپتال نزد ملتان چونگی لاہور فون: 042-7490880

3- دفتر ماہنامہ نور اسلام، کاشانہ شیر ربانی، نزد داتا دربار گنج بخش لاہور فون: 042-7313356

Marfat.com

# نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم بحیثیت مثالی شوہر

عمدہ کاغذ' صفحات 166
اعلیٰ طباعت
مضبوط کلر بائنڈنگ
قیمت 100 روپے

پروفیسر ڈاکٹر بشیر احمد صدیقی دنیائے علم وادب سے کسی تعارف کے محتاج نہیں۔ شعبہ علوم اسلامیہ پنجاب یونیورسٹی لاہور میں آپ کی خدمات قابل قدر ہیں۔ اس کے علاوہ آپ بہاولپور یونیورسٹی میں بھی شعبہ علوم اسلامیہ کے چیئرمین رہے علوم اسلامیہ کے متلاشیاں کے لیے عصر حاضر کے تقاضوں کے مطابق آپ نے مختلف عنوانات سے اپنی تحقیقات پیش کیں۔ ''نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم بحیثیت مثالی شوہر'' بھی اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہے۔ کتاب مذکورہ میں آپ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اپنی ازواج مطہرات رضی اللہ عنہن کے ساتھ حسن سلوک اور امہات المومنین رضی اللہ عنہن کے مقام کو واضح کیا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ ازواج مطہرات رضی اللہ عنہن کی تبلیغی' دینی وعلمی خدمات کو اُجاگر کیا ہے۔ علاوہ ازیں سب سے بڑھ کر یہ کہ اس میں آپ نے ایک مقالہ ''تعدد ازواج'' کے متعلق تحریر کیا ہے جس میں سابقہ امم کے حوالے سے بھی تعدد ازواج کو ثابت کیا ہے۔ بائبل سے بھی تعدد ازواج کی مثالیں پیش کی ہیں۔ نکاح کی اہمیت اور اس کے فلسفہ کے متعلق بھی پُرمغز بحث شامل ہے اور آخر میں ''نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی تعدد ازواج کے مصالح'' کے عنوان سے اپنی تحقیق پیش کی ہے جس میں مستشرقین کے اعتراف کو شامل تحریر کر کے اپنی تحقیق کو مزید جاندار بنا دیا ہے۔

علوم اسلامیہ کے طلباء اور دیگر تحقیق کرنے والوں کے لیے کتاب ایک بہترین ماخذ کا درجہ رکھتی ہے۔ پنجاب یونیورسٹی لاہور کے شیخ زاید اسلامک سنٹر نے اس کی اشاعت کا اہتمام کیا ہے۔ ایسی تحقیقات کی اشاعت جامعہ پنجاب لاہور کا طرہ امتیاز ہے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ پروفیسر ڈاکٹر بشیر احمد صدیقی صاحب کو مزید خدمت دین متین کی توفیق بخشے۔ (آمین)


## صدیقی پبلی کیشنز

1- فرسٹ فلور، دکان نمبر 4 حافظ پلازہ مچھلی منڈی اردو بازار، لاہور فون: 042-7361463

2- 118- روشن پارک عقب سوشل سیکورٹی ہسپتال نزد ملتان چونگی لاہور فون: 042-7490880

3- دفتر ماہنامہ نور اسلام، کاشانہ شیر ربانی، نزد داتا دربار گنج بخش لاہور فون: 042-7313356


Marfat.com

# مقالات صدیقی

عمدہ کاغذ، صفحات 384 اعلیٰ طباعت

مضبوط کلر بائنڈنگ قیمت 195 روپے

محترم پروفیسر ڈاکٹر بشیر احمد صدیقی صاحب کی مایہ ناز تالیف جس میں اسلامی تعلیمات کے اچھوتے پہلوؤں پر سیر حاصل بحث کی گئی ہے اور فرزندان توحید کے لئے عملی زندگی میں بہترین رہنمائی فراہم کی گئی ہے۔ سیرت ، تعمیر فکر، فقہ اور اسلامی شخصیات کے نادر مقالات کا مجموعہ ''مقالات صدیقی'' کے عنوان سے زیور طباعت سے آراستہ ہو کر دستیاب ہے۔ کتاب کی اشاعت میں عمدہ سفید کاغذ استعمال کیا گیا ہے اور پرنٹنگ کے محاسن پر خصوصی توجہ دی گئی ہے۔ کمپوٹر کمپوزنگ لا جواب ہے۔ چار کلر خوبصورت ٹائٹل آرٹ پیپر پر تیار کیا گیا ہے ۔ مضبوط بائنڈنگ نے کتاب کی محفوظیت میں چار چاند لگا دیئے ہیں ۔ ان تمام خوبیوں کے باوجود کتاب کی قیمت انتہائی کم رکھی گئی ہے۔ ہر طبقہ سے تعلق رکھنے والا قاری آسانی کے ساتھ خرید سکتا ہے۔

عظمت مصطفے ﷺ پر یہود ونصاریٰ کا بیہودہ اعتراض کیوں ، رسول اکرم ﷺ کی روحانی زندگی ، مثالی پیغمبر ﷺ ، ورفعنا لک ذکرک ، سیدنا صدیق اکبرؓ اور عشق رسول ﷺ ، حضور ﷺ بحثیت متمم اخلاق ، اسلام کا نظام اخلاق ، خودی قرآن حکیم کی روشنی میں ، موجودہ دور میں مصطفوی انقلاب کیسے ممکن ہے۔ اسلام کا اقتصادی نظام ، اسلام میں عورت کی معاشرتی حیثیت ، فقہ حنفی کا اجمالی تعارف ، حضرت امام ابو حنیفہؒ اور ان کے اجتہاد کا طریق کار ، حضرت عبد اللہ بن عباسؓ حضرت شیخ صدر الدین عارفؒ اور حافظ

Marfat.com

علامہ ابن کثیرؒ جیسے عنوانات پر پُر مغز، مبنی بر دانش وحکمت اور اصلاحی وفلاحی نقطہ نظر کے تحت بے مثال نصیحت آموز پندو نصائح کے موتی مقالات صدیقی کی لڑی میں پرو دیئے ہیں۔ ہر مسلمان کے لئے اس کتاب کا مطالعہ انشاء اللہ دنیا وآخرت میں اس کے لئے فائدہ مند ہوگا۔ خود بھی پڑھئے اور دوسروں کو بھی پڑھنے کی دعوت دیں۔ کسی کو تحفہ میں بھی یہ کتاب پیش کریں۔ یہ صدقہ جاریہ ہے۔ جب تک کوئی پڑھتا رہے گا یا دوسروں کو پڑھ کر نصیحت کرتا رہے گا تو خریدنے والے، ہبہ کرنے والے، پڑھنے والے تمام حضرات کو ثواب ملتا رہے گا۔

یہ کتاب بہت سی لایعنی، طویل بحثوں اور ضخیم کتب کے مطالعہ سے بے نیاز کو دیتی ہے۔ اس لئے کہ اس میں Original Sources کو مدنظر رکھتے ہوئے ہی تمام تحقیق کی گئی ہے۔ اسی بناء پر اس کتاب کا مطالعہ زیادہ سے زیادہ نفع مند ہوگا۔ یہ کتاب سکولوں، کالجوں کی لائبریریوں کے لئے محکمہ تعلیم حکومت پنجاب سے منظور شدہ ہے۔ تعلیمی اداروں کی لائبریریوں اور تاجر حضرات کے لئے خصوصی رعایت درج ذیل پتہ سے خریدیں یا پھر خط لکھ کر بذریعہ V.P طلب فرمائیں۔

صدیقی پبلی کیشنز

1- فرسٹ فلور، دکان نمبر 4 حافظ پلازہ مچھلی منڈی اُردو بازار، لاہور فون: 042-7361463
2- 118- روشن پارک عقب سوشل سیکورٹی ہسپتال نزد ملتان چونگی لاہور فون: 042-7490880
3- دفتر ماہنامہ نور اسلام، کاشانہ شیر ربانی، نزد داتا دربار گنج بخشؒ لاہور فون: 042-7313356

Marfat.com

# شخصیات' عبادات' معاملات

عمدہ کاغذ' صفحات 208 اعلیٰ طباعت

مضبوط کلر بائنڈنگ قیمت 110 روپے

تحریر وتقریر اور علم وادب کے میدان میں پروفیسر ڈاکٹر بشیر احمد صدیقی صاحب کی شخصیت محتاج تعارف نہیں ۔آپ مایہ ناز ماہر تعلیم ہونے کے ساتھ تصوف اور دینی ادب کا گہرا مطالعہ رکھتے ہیں۔ بہت سی ادبی کتب آپ نے لکھیں اور زیور طبع سے آراستہ ہوکر متلاشیان علم وادب کی پیاس بجھانے کا سبب بنیں۔

''شخصیات ،عبادات ، معاملات'' بھی آپ کے بہترین مقالہ جات کا مجموعہ ہے جس میں جیسا کہ عنوان سے ظاہر ہے کہ تین حصے ہیں۔ ایک حصہ شخصیات کے متعلق جن میں حضرت ابراہیم علیہ السلام ، نبی رحمت ﷺ کی شانِ رحمت اور کچھ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے علاوہ حضرت شاہ محمد غوث قادری رحمۃ اللہ علیہ کے متعلق مقالہ جات بہترین معلومات کا مرقع ہیں۔

عبادات میں پہلے قرآنی موضوعات ہیں پھر ارکان اسلام میں سے نماز، زکوٰۃ اور روزہ کے متعلق سیر حاصل گفتگو پر مبنی مضامین ہیں جبکہ تیسرا حصہ جو کہ معاملات پر مشتمل ہے اس میں حضور ﷺ کا فیضان تربیت ، اسلام کا نظام اخلاق ، اسلام کے سیاسی نظام میں شوریٰ کی اہمیت ،ترقی پسندی اسلام کی نظر میں، مسلمانوں کا فن تعمیر جیسے نادر ونایاب مقالہ جات شامل ہیں غرضیکہ یہ کتاب پروفیسر ڈاکٹر بشیر احمد صدیقی صاحب کی علمی وادبی عرق ریزی کا نتیجہ ہے جو کہ متلاشیانِ علم، مفکرین اسلام ، زعمادین وملت، خطبا ومدرسین اور دیگر محققین کے لیے بہترین مرقع ہے۔

## صدیقی پبلی کیشنز

1- فرسٹ فلور، دکان نمبر 4 حافظ پلازہ مچھلی منڈی اُردو بازار، لاہور فون: 042-7361463

2- 118- روشن پارک عقب سوشل سیکورٹی ہسپتال نزد ملتان چونگی لاہور فون: 042-7490880

3- دفتر ماہنامہ نور اسلام، کاشانہ شیر ربانی، نزد داتا دربار گنج بخشؒ لاہور فون: 042-7313356

Marfat.com

# میرے مخدوم: فخر المشائخ حضرت صاحبزادہ میاں جمیل احمد شرقپوری نقشبندی مجددی

عمدہ کاغذ' صفحات 256 اعلیٰ طباعت
مضبوط کلر بائینڈنگ
قیمت 120 روپے

آستانہ عالیہ شیر ربانی شرقپور شریف سے تعلق رکھنے والے مریدین و متوسلین میں شاید ہی کوئی ایسا ہو جو پروفیسر ڈاکٹر بشیر احمد صدیقی کے نام سے واقف نہ ہو۔ آپ آستانہ عالیہ شیر ربانی کے ان مخلصین میں سے ہیں جنہوں نے اپنے آپ کو آستانہ کی خدمت کے لیے وقف کر رکھا ہے۔ حضرت فخر المشائخ میاں جمیل احمد شرقپوری نقشبندی مجددی بھی آپ سے بہت زیادہ محبت و شفقت فرماتے ہیں۔

کتاب ''میرے مخدوم'' میں پروفیسر ڈاکٹر بشیر احمد صدیقی صاحب نے حضرت فخر المشائخ میاں جمیل احمد شرقپوری نقشبندی کی زندگی کے کچھ پہلوؤں پر روشنی ڈالی ہے اور اس کے ساتھ ساتھ حضرت فخر المشائخ کے ساتھ اپنا تعلق اور آں قبلہ کی محبتوں اور شفقتوں کا تذکرہ کیا ہے۔

حضرت فخر المشائخ قبلہ میاں صاحب کی افکار مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کے فروغ میں خدمات' مسلک مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کا دفاع اور اس کو توڑ موڑ کر پیش کرنے والوں کا محاسبہ' مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کانفرنسیں اور یوم مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کے اہتمام کے بارے میں کاوشوں کو حیطہ تحریر میں لایا گیا ہے۔ اس کے علاوہ حضرت قبلہ فخر المشائخ میاں صاحب کی وساطت سے جن علمائے کرام اور مشائخ عظام کی خدمت میں حاضری اور زیارت و استفادہ علم و عرفان کا موقع ملا' کا تذکرہ مختصراً کیا گیا ہے۔ ملاقات کے جو احوال ڈاکٹر صدیقی صاحب نے لکھے ہیں ان سے بخوبی اس امر کا پتہ چلتا ہے کہ کس طرح حضرت قبلہ میاں صاحب اپنے مریدین اور طالبان علم و ادب کو علماء کے ساتھ علمی مجلسوں اور بحث و مباحثہ کے ذریعے تعلیم و تربیت کا موقع دیتے ہیں۔ حضرت قبلہ میاں جمیل صاحب اور شرقپوری نقشبندی مجددی کی دینی' ملی' مذہبی' سیاسی' روحانی' تبلیغی (تقریری' تحریری) اور عوامی خدمات کا ذکر کیا گیا ہے۔ آپ کی اولاد امجاد (صاحبزادہ میاں خلیل احمد نقشبندی مجددی' صاحبزادہ میاں سعید احمد نقشبندی مجددی' صاحبزادہ میاں جلیل نقشبندی مجددی اور صاحبزادہ میاں غلام نقشبند نقشبندی مجددی رحمۃ اللہ علیہ) کا تعارف پیش کیا ہے۔ اس کے علاوہ حضرت قبلہ فخر المشائخ کی بیاض خاص سے آپ کے پسندیدہ اشعار جو کہ پند و نصائح' حمد و نعت' اخلاقیات اور مناجات وغیرہ پر مشتمل ہیں شامل اشاعت ہیں جبکہ آخر میں شجرہ طیبہ منثورہ و منظومہ آستانہ عالیہ نقشبندیہ مجددیہ شیر ربانی شرقپور شریف کو شامل اشاعت کیا گیا۔

غرضیکہ کتاب لاجواب آستانہ عالیہ شیر ربانی شرقپور شریف کے متعلق تحقیق کرنے والوں کے لیے بے حد معاون اور ایک تحقیقی ماخذ کا درجہ رکھتی ہے۔

## صدیقی پبلی کیشنز

1- فرسٹ فلور، دکان نمبر 4 حافظ پلازہ مچھلی منڈی اُردو بازار، لاہور فون: 042-7361463

2- 118- روشن پارک عقب سوشل سیکورٹی ہسپتال نزد ملتان چونگی لاہور فون: 042-7490880

3- دفتر ماہنامہ نور اسلام، کاشانہ شیر ربانی، نزد داتا دربار گنج بخش لاہور فون: 042-7313356

Marfat.com

# خطبات جمعہ

عمدہ کاغذ' صفحات 208 اعلیٰ طباعت

مضبوط کلر بائنڈنگ قیمت 95 روپے

اللہ تبارک وتعالیٰ قرآن حکیم میں ارشاد فرماتا ہے!

**یا ایھا الذین امنوا اذا نودی للصلوۃ من یوم الجمعۃ فاسعوا الیٰ ذکر اللہ وذرو البیع ذلکم خیر لکم ان کنتم تعلمون O**

جس طرح انبیائے کرام میں نبی محترم ﷺ کو، الہامی کتب میں قرآن حکیم کو' ستاروں میں چاند کو' عبادتگاہان عالم میں خانہ کعبہ کو' حسن عالم میں حضرت یوسفؑ کو' ملائکہ میں جبرائیلؑ کو فضیلت حاصل ہے اسی طرح جمعہ کے دن کو تمام ایام میں اور نماز جمعہ کو تمام نمازوں میں فضیلت وبرتری حاصل ہے۔ اسی طرح اللہ تعالیٰ نے قرآن حکیم میں نماز جمعہ کی تاکید وتلقین کی ہے اور خطبہ جمعہ کو سننا باعث برکت وثواب قرار دیا گیا ہے۔

پروفیسر ڈاکٹر بشیر احمد صدیقی صاحب ایک عرصہ تک لاہور کی مساجد میں بغیر کسی معاوضے کے دینی خدمات انجام دیتے رہے ہیں۔ فرزندان توحید کی شریعت وطریقت میں راہنمائی قرآن وسنت کے مطابق فرماتے رہے ہیں۔ ڈاکٹر صاحب کے ان خطبات میں سے تینتیس (33) عنوانات کا انتخاب کر کے علماء وخطباء اور عوام الناس کی خدمت میں پیش کیا جا رہا ہے علماء وخطباء ان خطبات سے خاطر خواہ استفادہ کر کے عوام کو اسلامی تعلیمات سے روشناس کر سکتے ہیں جبکہ طلباء اور عوام خود پڑھ کر بھی روز مرہ کے معاملات اور اسلامی تعلیمات سے آگاہی حاصل کر کے اپنے شب وروز احکام خداوندی کے مطابق گزار سکتے ہیں۔

## صدیقی پبلی کیشنز

1- فرسٹ فلور، دکان نمبر 4 حافظ پلازہ مچھلی منڈی اُردو بازار، لاہور فون: 042-7361463

2- 118- روشن پارک عقب سوشل سیکورٹی ہسپتال نزد ملتان چونگی لاہور فون: 042-7490880

3- دفتر ماہنامہ نور اسلام، کاشانہ شیر ربانی، نزد داتا دربار گنج بخش لاہور فون: 042-7313356


Marfat.com

# صدیقی پبلی کیشنز کے اغراض ومقاصد

ادارہ صدیقی پبلی کیشنز خالصتاً اسلامی علوم کی ترویج واشاعت کے مقاصد کے حصول کے تحت 1992 میں قائم کیا گیا۔ 1994 میں دینی محققانہ مباحث کی باقاعدہ اشاعت شروع ہوئی۔ نامساعد حالات اور ناکافی وسائل کے باوجود ذاتی سعی وکاوشوں کی بدولت مشہور عالم دین اور ماہر تعلیم محترم جناب پروفیسر ڈاکٹر بشیر احمد صدیقی صاحب کی تحقیق ومعلوماتی تصنیفات وتالیفات کی اشاعت جاری ہے۔

مارکیٹ میں موجود Competition کو مدنظر رکھتے ہوئے حتی الامکان کوشش کی جاتی ہے کہ ادارے کی جانب سے شائع کردہ کتب میں کمپوزنگ، پرنٹنگ، بائنڈنگ، ڈیزائننگ اور عمدہ کاغذ کی تمام خصوصیات موجود ہوں۔ ادارے کی حتی الامکان کوشش یہ ہوتی ہے کہ کتب کی قیمتیں اتنی مناسب حد تک رکھی جائیں کہ عام متوسط قاری آسانی سے خرید سکے۔ ادارے کے پیش نظر کاروباری منافع مقصود نہیں بلکہ اسلامی تعلیمات کی اشاعت اور عوام الناس تک ان کی بآسانی رسائی کا ممکن ہونا بنیادی نصب العین ہے۔

زیادہ سے زیادہ کتب خرید کر اور دوست واحباب میں ادارے کی مطبوعات کو متعارف کروا کر ادارے کے تبلیغی مقاصد پورے کرنے میں حتی الامکان تعاون فرمائیں، شکریہ۔

## صدیقی پبلی کیشنز

1- فرسٹ فلور، دکان نمبر 4 حافظ پلازہ مچھلی منڈی اُردو بازار، لاہور فون: 042-7361463

2- 118- روشن پارک عقب سوشل سیکورٹی ہسپتال نزد ملتان چونگی لاہور فون: 042-7490880

3- دفتر ماہنامہ نور اسلام، کاشانہ شیر ربانی، نزد داتا دربار گنج بخش لاہور فون: 042-7313356

Marfat.com

…یں یم کیا گیا ہے

Marfat.com

# پروفیسر ڈاکٹر بشیر احمد صدیقی صاحب کی مایہ ناز کتب




**صدیقی پبلی کیشنز**

فرسٹ فلور، دکان نمبر 4، حافظ پلازہ
118۔ روشن مارکیٹ مقتب سوشل سیکورٹی
دفتر ماہنامہ نور اسلام، کاشانہ شیر ربانی


Marfat.com